حضرت خواجہ محمد خدا بخش صاحب ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ رحمۃ اللہ علیہ

کی حیاتِ طیبہ کے روشن اوراق مسمّٰی بہ

سِرِّ دلبراں

الموسوم

محبوبانِ خدا کے راز

تصنیف لطیف

حضورِ اعلیٰ، عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، سلطان الاولیاء

فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرت مولانا المولوی المفتی الحافظ

خواجہ عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری

تقدیم و ترتیب و ترجمہ و تحشیہ

عالمِ باعمل، استاذ العلماء، یادگارِ اسلاف، فقیہ العصر

حضرت علامہ مولانا مفتی میاں محمد عبدالباقی صاحب

دامت برکاتہم العالیہ (زیب سجادہ خانقاہ عبیدیہ رحمانیہ ملتان شریف)

ناشر

مکتبہ فیضانِ سنت

نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ ملتان

0306-7305026

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت خواجہ محمد خدا بخش صاحب ملتانی ثم الخیرپوری رحمۃ اللہ علیہ

کی حیاتِ طیبہ کے روشن اوراق مسمّٰی بہ

سِرِّ دلبراں

الموسوم

محبوبانِ خدا کے راز

حضور اعلیٰ، عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، سلطان الاولیاء

فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرت مولانا المولوی المفتی الحافظ

خواجہ عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری

تقدیم و ترتیب و ترجمہ و تحشیہ

عالم باعمل، استاذ العلماء، یادگارِ اسلاف، فقیہ العصر

حضرت علامہ مولانا مفتی میاں محمد عبد الباقی صاحب

دامت برکاتہم العالیہ (زیب سجادہ خانقاہ عبیدیہ رحمانیہ ملتان شریف)

ناشر **مکتبہ فیضانِ سنت**

نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ ملتان 0306-7305026

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : سِرِّ دلبراں

مصنف : خواجہ عبید اللہ السلطانی الچشتی القادری نور اللہ مرقدہ

ترجمہ بنام : "محبوبانِ خدا کے راز"

مترجم : حضرت علامہ مولانا مفتی میاں محمد عبد الباقی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

پروف ریڈنگ : حضرت مولانا حافظ محمد عبد الاعلیٰ صاحب دامت برکاتہم العالیہ

تسہیل : حافظ محمد ریحان احمد قادری، عطاری

سنِ اشاعت : رمضان المبارک 1434ھ جولائی 2013ء

تعداد : 1100

قیمت : 220 روپے

○ مکتبہ صراط الاسلام میرا جٹاں 0347-5105206

○ مکتبہ قادریہ ○ مسلم کتابوی ○ کرمانوالہ بک شاپ

○ مکتبہ اعلیٰ حضرت دربار مارکیٹ لاہور ○ کتب خانہ امام احمد رضا

○ شبیر برادرز ○ نظامیہ کتاب گھر زبیدہ بلڈنگ لاہور

○ مکتبہ اہلسنت، جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور ○

○ شمس و قمر ہال ہٹ لاہور ○ مکتبہ رضائے مصطفیٰ چوک دارالسلام گوجرانوالہ

○ مکتبہ قادریہ بیرون بھکی گیٹ گوجرانوالہ ○ مکتبہ الفرقان اُردو بازار گوجرانوالہ

○ مکتبہ ضیاء السنہ ملتان ○ فیضانِ سنت بوہڑ گیٹ ملتان

○ مہریہ کاظمیہ بوہڑ ملتان ○ مکتبہ فریدیہ ساہیوال

○ احمد بک کارپوریشن راولپنڈی

○ جلالیہ صراط مستقیم گجرات ○ رضا بک شاپ گجرات

○ مکتبہ غوثیہ عطاریہ کمیٹی چوک راولپنڈی

○ اسلامک بک کارپوریشن کمیٹی چوک ○ امام احمد رضا گرامر روڈ راولپنڈی

[illegible] 5-6 [illegible]

[illegible]

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، کراچی، مکتبہ غوثیہ نزد فیضانِ مدینہ بابل مدینہ کراچی

مکتبہ ضیاء السنہ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ ملتان، مکتبہ ضیاء العلوم راولپنڈی

مسلم کتابوی لاہور، فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور، مکتبہ مہریہ کاظمیہ نزد انوار العلوم نیو ملتان

فہرست

انتساب ------- 14
ہدیۂ تشکر ------- 15
تقدیم ------- 16
قبلۂ عالم خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات 25
نام ونسب ------- 25
آپ کی پیدائش سے قبل ولایت کی بشارتیں ------ 25
پاکیزہ بچپن ------- 26
سلسلۂ تعلیم ------- 27
بیعت وخلافت ------- 29
کرامات ------- 30
وصال ------- 31
خواجہ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات 32
نام ونسب ------- 32
سلسلۂ تعلیم ------- 32
بیعت وخلافت ------- 32
مرشد کی عنایات ------- 33
چند علمی نکات ------- 34

آپ کے معمولات ------- 36

خلافت ------- 36

کرامت ------- 37

وصال ------- 38

خواجہ محمد خدا بخش خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات 39

سلسلہء نسب ------- 39

تحصیل علوم ------- 39

بیعت وخلافت ------- 40

کمالات ------- 43

اخلاق حمیدہ ------- 45

کرامات ------- 45

وصال ------- 46

حضرت خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات۔ 47

نام ونسب ------- 47

ابتدائی حالات ------- 48

مشرف بہ بیعت ہونا ------- 50

خیر پور شریف روانگی ------- 50

خدمتِ مرشد میں انہماک ------- 51

Marfat.com

مرشد کریم کی کمال شفقت	-------	53
حصول خلافتِ عظمیٰ	-------	53
ملتان جنت نشان میں آمد	-------	55
معمولاتِ مبارکہ	-------	56
تقبیل ابہامین	-------	61
دُنیا سے بے نیازی	-------	62
مذاہب باطلہ کے خلاف جہاد	-------	66
کاٹھ دی گُنی	-------	68
کرامات	-------	69
قلبی خطرہ پر مطلع ہونا	-------	71
دریا کا رخ بدل جانا	-------	72
تصنیفات	-------	72
وصال	-------	77
اردو ترجمہ ۔۔۔۔ ''سر دلبراں''	-------	82
خطبہ	-------	83
خصائل وشمائل	-------	93
ذوقِ سماع	-------	95
وسیع الظرفی	-------	96
اسوہ حسنہ کی پیروی	-------	97
مسکینوں کو محبوب رکھنا	-------	98

تعلیم وتدریس سے الفت	--------	99
غلبہء استغراق	--------	100
مقامِ تسلیم ورضا	--------	101
دین آسانی کا نام ہے	--------	102
کمالِ انکسار	--------	103
آنے والے زائرین کا احترام	--------	104
حضورِ اعلیٰ کی آمد پر خوشی کا اظہار کرنا	--------	104
تحائف عطا کرنا	--------	105
محبوب کے وصال کا طلب گار	--------	105
میرے حسب ونسب سے لوگوں کو آگاہ فرماتے	----	106
رقم بطورِ قرض دے دو	--------	106
بیماری کی حالت میں شفقت	--------	107
"مشارق الانوار" یاد کرنے کی تلقین	--------	108
آدابِ معاشرت سکھاتے	--------	109
علوم منقولہ کی ترغیب	--------	111
اپنی زیارت کے لئے آنے والوں پر شفقت	--------	112
بے کاری کی مذمت	--------	112
ابوسعید خراز کا قول	--------	112
حضرت شیخ منصور حلاج	--------	113

Marfat.com

حضرت شیخ منصور گاؤ کلاہ کا قول و فعل ------- 113
حضرت شیخ ابو منصور گاؤ کلاہ کے قول کی شرح ------ 114
حضرت شیخ عبدالرحیم اصطخری کا عمل ------- 115
راضی برضا رہنے کی تلقین ------- 115
حضرت شیخ یوسف خیاط ترمذی کا قول ------- 116
اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے ڈرتے رہو ------- 116
نظریۂ وحدت الوجود کا بیان ------- 118
شب بیداری کی ترغیب اور عبرت کا بیان ------- 121
حقیقی سعادت کیا ہے ------ 122
مقامِ تسلیم و رضا ------- 123
صحبت صالح ترا صالح کند ------- 125
نظام عالم عشاق کے مرہون منت ہے ------- 125
مخلوق کو راحت پہنچانے کا اجر ------- 126
اپنا راز کسی سے نہ کہو ------- 126
اہل اللہ بعطائے الٰہی قدرت والے ہیں ------- 127
سمت قبلہ درست کردی ------- 129
ترک شہوات نفس ------- 129
عشق حقیقی کی منازل لامحدود ہیں ------- 130
عشق دو طرفہ ہوتا ہے ------- 132

Marfat.com

خود کو اس جلوے پر قربان کردے	-------	132
کدام پیش بود، او دانداو داند	-------	133
فنائیت ہی مقصودِ اصلی ہے	-------	135
ذوق والے دو اشعار	-------	138
فاعلِ حقیقی صرف اللہ کی ذات ہے	-------	140
کسبِ حلال اور نفس کشی کی ترغیب	-------	141
اپنی ہستی کو فنا کرنے کی کوشش کرو	-------	143
نظریہء وحدت الوجود پر ایک مثال	-------	143
فنائیت ہی راہِ ہدایت ہے	-------	143
طعام تناول فرمانے کے بعد شکر کا انداز	-------	145
دعوت کھانے کے بعد میزبان کے لیے دُعا	-------	145
جنازہ پر اشعار پڑھنا سنت اولیاء ہے	-------	146
مسلکِ اہل سنت و جماعت کی قدردانی اور اس پر تشکر	-------	147
حج ظاہری و باطنی کی تفہیم	-------	149
اہل اللہ کی عظمت مسجد سے زیادہ ہے	-------	151
خود بینی و عجب زہرِ قاتل ہے	-------	152
تین عجیب آدمی	-------	153
اگر مردی احسن الٰی من اساء	-------	154
نفلی روزوں کی ترغیب	-------	155

Marfat.com

گرمیٔ طبع کا علاج ------- 155

پہلے پہل اشارتاً گفتگو فرماتے ------- 155

بزرگوں کی خدمت میں باادب رہنا چاہیے ------- 156

گھر کو اجڑنے سے بچانے کی کوشش فرمائی ------- 156

چند تفسیری اور فقہی نکات ------- 157

اپنے شیخ کی معیت میں ایک سفر کی روداد ------- 158

جس پر کرم ہو جائے خوش نصیب وہی ہے ------- 160

بارش طلب کرنے کا منفرد انداز ------- 161

مرنے کی اتنی جلدی کیوں؟ ------- 162

قبلۂ عالم مہاروی کا ذوق سماع ------- 162

استاد کو شاگرد کے حوالے کر دیا ------- 163

آپ دوائی کیوں نہیں استعمال فرماتے ------- 165

بھوک کم ہو تو بہتر ہے ------- 165

عشق الٰہی ہر تکلیف کا علاج ہے ------- 166

صدقۂ جاریہ کے لیے تعمیرات کرواتے ------- 167

چوروں پر بھی شفقت فرمائی ------- 167

شیخ و مرید کے تعلق کا انداز ------- 168

اخلاقی اقدار کی پاسداری ------- 169

تعویذ ہرکارہ کی سند ------- 170

Marfat.com

کشف سے دلی کیفیت کو جان لیا	-------	170
امان ما حوالۂ خدائے تعالیٰ	-------	171
اللہ تعالیٰ امانتوں کی حفاظت فرماتا ہے	-------	172
میرا حال حجرِ اسود کی طرح ہے	-------	173
اولیاء اللہ کا جذبہ ایثار ہر ایک سے ممتاز ہے	-------	173
خواص کی باتیں خواص ہی جانتے ہیں	-------	174
الاستقامہ فوق الکرامہ	-------	175
عجب اور تکبر حرام ہے	-------	175
قناعت بہر حال اولیٰ تر است	-------	176
ایک مسئلۂ وراثت بشکل پہیلی	-------	177
شوقِ نمازِ باجماعت پر ایک حکایت	-------	182
فقاہتِ فقہاء (ایک عجیب فیصلہ)	-------	183
شوق وذوقِ تعلّم	-------	185
ایک شاگرد کی طرف سے لسّی کی ضیافت	-------	185
تعظیم سید اور تحمل وبردباری	-------	185
آپ کی چند کرامات	-------	186
سادگی وکسرِ نفسی	-------	187
فنائیت واستغراق	-------	188
مقامِ کشف	-------	188

آپ کی فقاہت اور جھوٹ سے نفرت ------- 190
حالتِ استغراق میں بھی پابندیٔ شرع ملحوظ خاطر رہی -- 191
کھیل سے بچپن ہی سے نفرت تھی ------- 192
باادب بانصیب ------- 192
برائی پھر برائی ہے ------- 193
فضولیات میں پڑنا مناسب نہیں ------- 194
سماع کے حوالے سے آپ کا طرزِ عمل ------- 194
حضرت خواجہ عبید اللہ ملتانی کی جانشینی ------- 195
آپ کی استغراقی کیفیات ------- 196
مشائخ کرام کی اتباع میں ڈیلے کھانا ------- 196
خبر ہی نہیں کیا کھایا ------- 197
کڑواہٹ کا پتہ ہی نہ چلا ------- 198
کپڑا راہِ خدا میں تقسیم فرما دیا ------- 199
مال دُنیا سے بے نیازی ------- 200
عرس خواجہ حافظ جمال میں شرکت کا انداز ------- 201
غلبۂ استغراق ------- 203
مظلوم کی مدد کا ایک خاص انداز ------- 203
فقراء کو نفس کی لذتوں ------- 205
جانوروں پر ظلم سے ناراضگی ------- 205

Marfat.com

حافظ جمال اللہ ملتانی کے روضہ شریف کی تعمیر میں آپ کا حصہ 205
ناراضگی میں بھی تبسم ------- 206
"جی" کہہ کر جواب مرحمت فرمایا ------- 206
اپنی چیزوں کی حفاظت کرو ------- 207
اپنی موت کو یاد رکھنا چاہیے ------- 207
مرض نارو کا علاج ------- 207
آنکھوں کی بینائی تیز کرنے کے لیے ایک نسخہ------- 208
روشنیٔ چشم کے لیے ایک روحانی نسخہ ------- 208
نسخہ برائے زخم ------- 209
ڈھر کا روحانی علاج ------- 209
پھوڑے، زخم اور ہر قسم کے درد کے لیے ------- 210
پیٹ درد کے لیے ------- 210
گم شدہ کو بلانے کا عمل ------- 210
اخلاقی تہذیب پر بہترین انداز سے رہنمائی------- 211
اپنے مشائخ سے عقیدت کا ایک انداز ------- 212
مرشد کے فرمان پر تونسہ شریف روانگی ------- 213
ہر جلوہ اُنہی کا جلوہ ہے ------- 214
مجاز سے حقیقت کا ادراک ------- 215
قناعت کی دولت ------- 217

Marfat.com

ہر وظیفہ آخرت کے لیے -------	217
خواجہ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ عنہ سے بیعت --	218
آپ ہر کمال اور خوبی کے جامع تھے -------	218
مصنف سے مترجم تک شجرہ نسب ------	221
اصل فارسی ----"سرِ دلبراں" ------	222

Marfat.com

انتساب

فخر المحبوبین، مراد السالکین، زبدۃ الاولیاء، محبوب اللہ، حضور خواجہ خواجگان

خواجہ محمد خدا بخش صاحب خیر پوری

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

وسلطان العلماء، وعمدۃ الاصفیاء، قاطع نجدیت ورافضیت، حضور خواجہ خواجگان

خواجہ عبید اللہ الملتانی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

وخاندان والاشان رحمہم اللہ تعالیٰ بالخصوص اپنے مربی فخر المشائخ حضرت خواجہ

مولانا مفتی عبد الودود صاحب

رحمہ اللہ تعالیٰ

واستاذی ووالدی ومربی، فخر الاساتذہ، حضرت مولانا

مفتی محمد عبد المجید صاحب

رحمہ اللہ تعالیٰ

شریک سجادہ نشین ششم خانقاہِ عالیہ، عبیدیہ، رحمانیہ

(بفرمان ووصیت سجادہ نشین پنجم حضرت موصوف مذکورہ رحمہ اللہ تعالیٰ)

جن کی محبتیں شفقتیں اور تربیتیں اور توجہاتِ کاملہ مجھے اس کام کی طرف لائیں

کہ میں اس کارِ عظیم کے لائق ہوا

وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَالشُّکْرُ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاصَّۃِ رُسُلِہٖ وَبَاعِثِ تَخْلِیْقِہٖ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

الٰہی! تابہ ابد آستانِ یار رہے

یہ آسرا ہے غریبوں کا برقرار رہے

محمد عبد الباقی عفی عنہ

Marfat.com

ھدیہ تشکّر

"مَن لَّم یَشکُرِ النَّاسَ لَم یَشکُرِ اللّٰہَ"

"جس نے لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کیا اس نے اللہ تعالیٰ کا بھی شکر ادا نہیں کیا" محض اسی پر عمل کرتے ہوئے میں ان دو معاونین کا بالخصوص شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو اس کتاب کی تکمیل میں ہر طرح میرے معاون رہے۔

(۱) میری شفقتوں کا مرکز، میرے دل کا چین، صاحب اوصاف کثیرہ، ولدی الاعز

مولانا حافظ محمد عبدالاعلیٰ صاحب

زید صلاحہ

جن کے شب و روز اس کام کی تکمیل میں میرے ساتھ رہے، حتیٰ کہ میں اس کام کی تکمیل کر سکا، اللہ تعالیٰ ان کو مزید ترقی نصیب فرماوے اور دارین کی سعادتیں عطا فرماوے۔

(۲) دوسری شخصیت جن کا ذکر کر رہا ہوں ان کا نام نامی ہے۔۔۔

حافظ محمد ریحان احمد صاحب

قادری، رضوی، ضیائی، عطاری زید حسن باطنہ

اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ ان کو بھی دونوں جہان کی سعادتیں عطا فرماوے اور اس کام میں معاونت کا اجرِ عظیم عطا فرماوے۔

اللہ تعالیٰ جل مجدہ بِحُرمَۃِ حَبِیبِہٖ میرے ان کلمات کو ان دونوں کے حق میں قبول و منظور فرماوے۔ اللّٰھم آمین بحرمۃ النبی الامین وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

محمد عبدالباقی عفی عنہ

Marfat.com

تقدیم

ابتداء بنامِ یگانہ وَحْدَہٗ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُو جس کا نہ کوئی مثیل ہے اور نہ کوئی قبیل، وہی لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُواً اَحَدٌ اور پھر صلوات وتسلیمات اسی رب کے (کہ وہ خود بے مثیل ہے) اس ذات والا صفات پر (ہوں) کہ جن کا نامِ نامی اُن کی (بے مثل) ذاتِ مقدسہ کی طرح بے مثیل ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِیْمِی الْمُلْکِ وَ حَاءِ الرَّحْمَۃِ وَ دَالِ الدَّوَامِ السَّیِّدِ الْکَامِلِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ ھُمُ الاَطْھَارُ وَ عَلٰی صَحَابَتِہٖ ھُمُ الاَخْیَارُ وَ عَلٰی اَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ ھُمُ الاَنْصَارُ

وہی رحمۃ لّلعالمین ہیں ۔۔۔وہی جو اُس کی طرف سے مختار کائنات ہیں۔۔۔وہی جن کی عظمت ورسالت ۔۔۔نبوت وولایت۔۔۔محبوبیت واصالت ۔۔۔کرامت وامامت ۔۔۔اُس (رب) کے یہاں اُنہیں کے لئے خاص۔۔۔آدم ہوں یا موسیٰ۔۔۔ ابراہیم ہوں یا عیسیٰ۔۔۔نوح ہوں یا زکریا۔۔۔ نبی ہوں یا رسول۔۔۔اَغیاث ہوں یا اقطاب۔۔۔ابدال ہوں یا اوتاد۔۔۔ملائکہ ہوں یا انسان ۔۔۔جنات ہوں یا حیوانات ۔۔۔نباتات ہوں یا جمادات ۔۔۔یہاں ہو یا وہاں ۔۔۔غرض یہ کہ سب کو انہیں محبوبِ لَمْ یَزَل صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کی ضرورت ہے۔۔۔

بخدا خدا کا یہی ہے در، نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو، جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

(اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہٗ)

Marfat.com

حمد و صلوٰۃ کے بعد اللہ تعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے۔۔۔

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ اتَّقُوْ اللّٰہَ وَ ابْتَغُوْااِ لَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ

”اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہا کرو اور اُس کی بارگاہ میں اپنے لئے وسیلہ ڈھونڈو“

اس آیتِ مقدسہ میں وسیلہ سے مراد ذواتِ مقدسہ طاہرہ انبیاء واولیاء ہوں یا اعمالِ صالحہ، جو کچھ بھی ہو سب حقیقت ہے۔ کسی چیز کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ (اور جب ایسا ہی ہے) تو پھر شیخ کامل کے دستِ حق پرست کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر بیعت کرنا جو کہ اولیاء کاملین کی نظر میں، (حسبِ حال) فرض بھی ہے واجب بھی، سنت بھی ہے مستحب بھی، اِسی آیت سے ثابت و ماخوذ ہے۔

اور وَسِیلَۃ بِالاَعْمَالِ الصَّالِحَۃ بھی شیخ کامل کے بغیر ناممکن نہیں لیکن مشکل ضرور ہے، کیونکہ جسمانی امراض کی طرح روحانی امراض کی تشخیص وعلاج کی بھی ضرورت ہوتی ہے، پھر جیسا کہ جسمانی مرض کی تشخیص یا علاج اپنے بس کی بات نہیں بلکہ کسی ماہر تجربہ کار معالج کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح بعینہٖ روحانی امراض کی تشخیص وعلاج بھی اپنے بس کی بات نہیں، وہاں بھی کسی مردِ کامل کی ضرورت ہے۔

وجہ اس کی یہ ہے کہ بزرگ فرماتے ہیں۔۔۔

”اپنی آنکھ میں اگر شہتیر گھسا ہو وہ نظر نہیں آتا لیکن دوسرے کی آنکھ میں ایک تنکا بھی ہو نظر آجاتا ہے“

یہاں اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ شیخ کامل اپنے نورِ بصیرت سے تیرے دل میں موجود شریعت کی رو سے جو قباحتیں ہوں یا اخلاقی ناشائستگی، ان کو نکالنے کی بتدریج

Marfat.com

کوشش کرے گا اور تمہیں بتائے گا کہ فلاں روحانی بیماری کے لئے نماز (کے مجاہدے) کی ضرورت ہے۔۔۔فلاں روحانی مرض کے لئے روزے (کے مجاہدے) کی۔۔۔ وغیرہ وغیرہ۔ اپنی مرضی یہاں بالکل فائدہ نہیں دے گی کیونکہ جب بخار ہو تو دوائی بخار کی ہی دی جاتی ہے، جب ہیضہ وغیرہ ہو تو پھر دوائی بھی اُسی طرح، اور اس کا برعکس اپنی جان کی ہلاکت ہے۔

اسی طرح یہاں بھی وہی صورت ہے کہ نفلی نماز کے مجاہدے کے علاج کی جگہ نفلی روزے کے مجاہدے کا علاج کارگر نہ ہوگا بلکہ معالج روحانی جس چیز کو مناسب سمجھے گا اسی طرح علاج کیا جائے گا۔

اسی لئے تو کہا گیا۔۔۔

صحبتِ صالح ترا صالح کند
صحبت طالح ترا طالح کند

"اچھوں کی صحبت تمہیں بھی اچھا کر دیتی ہے اور بروں کی صحبت انسان کو بدبخت و برا کر دیتی ہے"

حدیث پاک میں وارد ہے جس کو امام مسلم نے روایت فرمایا ہے، راوی اس کے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔۔۔۔فرماتے ہیں

"بے شک اللہ تعالیٰ کے نبی مکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: پہلی اُمتوں میں ایک شخص نے ننانوے ناحق قتل کیے (ایک دن) اس نے کسی سے سوال کیا کہ اس وقت روئے زمین پر کون سب سے زیادہ علم رکھتا ہے؟ کہا گیا فلاں راہب (عیسائی مذہب کا زاہد، تارک الدنیا، عبادت گزار) چنانچہ وہ اس راہب کے

پاس پہنچ گیا۔عرض کی: میں نے ننانوے قتلِ ناحق کئے ہیں کیا میرے لئے توبہ کا کوئی راستہ ہے؟ راہب نے جواب دیا:نہیں،تو اس قاتل نے اس راہب کو بھی قتل کر دیا اور سو کا عدد مکمل کر لیا۔

کچھ عرصہ کے بعد اس نے پھر وہی سوال لوگوں سے کیا کہ اس وقت اہلِ زمین میں کون سب سے بڑا عالم ہے؟۔اسے بتایا گیا کہ فلاں آدمی اس وقت بہت بڑا عالم ہے۔اُس نے اُس کی طرف سفر کیا اور جا کر عرض کی: میں نے ناحق سو قتل کئے ہیں کیا میرے لئے کوئی توبہ ہے؟ اُس عالم نے جواب دیا

"جی ہاں! اور کون ہو سکتا ہے کہ تیرے رب اور تیری توبہ کے درمیان رکاوٹ بنے۔(ہاں البتہ یہ کرنا ہے) کہ فلاں نام کی بستی میں چلا جا! کیونکہ وہاں کچھ لوگ رب کے پیارے ہیں، اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں، نیک لوگ ہیں، تو بھی ان کی معیت میں وہاں جا کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کر اور اپنی بستی کو واپس نہ جانا کیونکہ وہ بری جگہ ہے"

پھر وہ (شخص اُس عالم کی بات مان کر توبہ کے ارادے سے) اس بستی کی طرف چلا حتیٰ کہ جب آدھی مسافت طے کر چکا تو اُسے موت نے آلیا، جب گرنے لگا تو سینے کو (اس بستی کی طرف) ذرا آگے کر کے گرایا (اور جان اپنے مالک کے سپرد کر دی)۔پھر رحمت کے فرشتوں اور عذاب کے فرشتوں نے اِس کے بارے میں جھگڑا کیا، رحمت کے فرشتوں کا استدلال یہ تھا کہ یہ توبہ کے ارادے سے اللہ تعالیٰ کی طرف چلا ہے اور عذاب کے فرشتے کہتے تھے اِس نے کبھی کوئی خیر کا کام کیا ہی نہیں، (اسی دوران) ایک فرشتہ انسانی صورت میں ان کے پاس آپہنچا، انہوں نے اِسے اپنا حَکَم (فیصلہ کرنے والا) مقرر کیا۔

Marfat.com

اس نے حکم دیا کہ دونوں جانبوں سے زمین کی پیائش کی جائے، جس طرف کی پیائش کم نکلے اسی پر عمل کیا جاوے (یعنی اسی گروہ میں شمار کیا جائے، اور حقیقت یہ تھی کہ جس طرف سے آ رہا تھا وہ کم تھی بہ نسبت دوسری جانب کے) لیکن اللہ تعالیٰ نے اگلی جانب کو حکم فرمایا کہ تو سمٹ جا اور دوسری جانب کو حکم دیا کہ تو پھیل جا (یعنی لمبی ہو جا) جب پیائش کی گئی تو وہ شخص قریہ صالحہ کی طرف بہ نسبت دوسری جانب کے ایک بالشت بھر زیادہ قریب تھا (اس لئے) اُسے رحمت کے فرشتے لے گئے"۔

اگر تھوڑا سا غور و فکر کیا جائے تو آج کل کے اختلافات کثیرہ میں حق و باطل کا روزِ روشن کی طرح امتیاز و فرق صرف اسی ایک واقعہ سے معلوم ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی اہل اللہ سے بیعت اور طلب فیض کرنے کا مسئلہ بھی حل ہو جاتا ہے، کیونکہ جب اہل اللہ کی طرف چل پڑنا ہی "ایک سو ناحق قتل" جیسے گناہ کی معافی کا سبب بن گیا (اور وہ بھی پہلی امتوں میں) تو پھر (اس امت کے) اہل اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر، ہاتھ میں ہاتھ دے کر اِطَاعَةُ اللهِ تَعَالىٰ وَ اِطَاعَةُ الرَّسُوْل صَلَّى اللهُ تَعَالىٰ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم کا عہد و پیمان تجدید کرنے کا کیا مقام ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّ اللهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ

"بے شک اللہ (اپنی رحمت و مدد کے ساتھ) متقی اور نیکوکار لوگوں کے قریب ہے"

نیز فرمایا:

اِنَّ رَحْمَتَ اللهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ

"بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نیکوکار لوگوں سے قریب ہے"

Marfat.com

اسی لئے اہل اللہ کا دامن ہاتھ میں لیا جاتا ہے، کبھی صرف محبت کی شکل میں، کبھی اُن کی طرف سفر کر کے اور کبھی بیعت سے، وغیرہ وغیرہ۔

"سرِّ دلبراں" کی خصوصیات:

'سرِّ دلبراں' جو کہ حضورِ اعلیٰ، عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، سلطان الاولیاء، فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرت مولانا مولوی خواجہ خواجگان عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جانشینِ محبوب الالہٰ، عمدۃ الصلحاء، رئیس العلماء، فخر العاشقین، حریق الحبت، یگانۂ سلسلۂ عالیہ، خواجہ خواجگان مولانا مولوی خدا بخش صاحب ملتانی ثم الخیرپوری) کی تصنیف لطیف ہے، اِسی تعلق کو جو کہ شیخ (پیر) اور مرید کے درمیان ہوتا ہے کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کے لئے ایک کامل راہنما کی حیثیت رکھتی ہے، کیونکہ اِس میں ایسی دو ہستیوں (شیخ المشائخ، سراج الواصلین، فخر العاشقین، سند العارفین، محبوب اللہ، حضرتِ خواجہ محمد خدا بخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (بطور شیخ کامل) اور حضورِ اعلیٰ، عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، سلطان الاولیاء، فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرتِ مولنا المولوی المفتی الحافظ خواجہ عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری نور اللہ مرقدہٗ (بطور مرید کامل)) کے تعلق کا ذکر ہے جو کہ ولایت کی دنیا میں نامور اور اپنی نظیر آپ ہیں، جو کچھ اس میں ذکر ہوا اُن کا حال ہے نہ کہ محض قال۔

حضورِ اعلیٰ، فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرت مولانا مولوی خواجہ عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے ابتدائیہ میں تحریر فرماتے ہیں:

"یہ چند اوراق ہیں جن میں اُن پاکیزہ معطرات ۔۔۔ اور ستھری مہکوں ۔۔۔ اور نور دار لاٹوں ۔۔۔ اور انتخاب شدہ جامع کلمات ۔۔۔ اور اقتباس شدہ برقوں ۔۔۔ اور گزارش کی گئی چمکوں ۔۔۔ اور نچھاور کی گئی کرامتوں کی فتوحات

Marfat.com

۔۔۔اور ہدایت کے خوشبودار جھونکوں۔۔۔اور معرفت وعرفان کی بارانِ رحمت کی چھینٹوں۔۔۔اور آنکھوں کو نور عطاء کرنیوالی روشنیوں کا ذکر و بیان ہے۔۔۔ جن کو میں نے اللہ کے نورِ جمال کا مظہر۔۔۔نظامِ تجلیات کلیمی کے فخر۔۔۔بے انتہا تجلیات کے منبع۔۔۔(بہت سارے القابات ذکر کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں) ابوالحسن الخرقانی الثانی، المولوی خواجہ خدابخش الملتانی نور اللہ مرقدہ وبرّد مضجعہ سے (شمیدم ودیدم وشنیدم وکشیدم) دیکھا، سنا، سونگھا اور حاصل کیا"۔

چنانچہ اس کتاب میں محبوب اللہ، حضرتِ خواجہ محمد خدابخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت کی جھلکیاں بھی ہیں اور کمالات وملفوظات کا بیان بھی، آپ کے علمی مقام کا بیان بھی ہے اور روحانی مقام کا بیان بھی، اور یہ کتاب آپ کی سیرت پر اولین ماخذ کی حیثیت بھی رکھتی ہے۔

پیشِ نظر ترجمہ ایک قدیم مطبوعہ نسخے کو سامنے رکھ کر کیا گیا ہے جو کہ ۱۳۲۴ھ (1906ء) میں "اسلامی تجارتی کتب خانہ" اندرون بوہڑ گیٹ ملتان سے شائع ہوا۔

اصل کتاب کے ترجمے سے پہلے مصنف کتاب ہذا حضور فانی فی اللہ، باقی باللہ حضرتِ خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ کے مرشدِ کریم، شیخ المشائخ، سراج الواصلین، فخر العاشقین، سند العارفین، محبوب اللہ حضرت خواجہ محمد خدابخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے مرشدِ کریم شیخ المشائخ، غیاث العاشقین، سند الکاملین، محب اللہ بالکمال، خواجہ خواجگان حضرتِ سیدنا حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے مرشدِ گرامی حضرتِ شیخ المشائخ، قدوۃ الاولیاء، شمس العرفاء، محبوب

الاولیٰ خواجہ خواجگان قبلہ عالمیان، حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مختصر حالات بھی اس کتاب کی زینت ہیں کیونکہ اس کتاب میں بارہا ان ہستیوں کا ذکرِ خیر ہوا ہے لہٰذا قارئین کی سہولت کے لئے یہ قدم اٹھایا گیا ہے جس سے اس کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

آخر میں اصل فارسی کتاب بھی جدید کمپوزنگ کے ساتھ شاملِ اشاعت کر دی گئی ہے تا کہ اہلِ علم و ذوق حضرات اس سے حظِ وافر اٹھا سکیں اور یہ سرمایہ آنے والی نسلوں تک اصل شکل میں منتقل ہو سکے۔

اُمید ہے قارئین کے لئے یہ کتاب ایک بیش بہا علمی خزانہ ثابت ہو گی قارئین سے ملتجی ہوں کہ اس فقیر بے بضاعت کے لئے دعا فرماویں کہ اللہ جل مجدہٗ مجھے اپنے جدِ امجد حضور فانی فی اللہ، باقی باللہ حضرتِ خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دیگر تصانیف جو کہ ابھی تک قلمی نسخوں کی صورت میں موجود ہیں کو منظرِ عام پر لانے کی سعادت عطا فرماوے۔ ایک اور کتاب "ردُّ الضالّین" پر کام جاری ہے دُعا فرمائیں کہ اللہ جل مجدہٗ وہ بھی جلد پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔

اللّٰھم آمین بحرمۃ النبی الامین و صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم واللّٰہ الموفق وھو الھادی جل شانہٗ واللہ تعالیٰ و رسولہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم اعلم بالصواب والسلام علی من اتبع الھدیٰ اللّٰھم تقبل منا انک انت السمیع العلیم و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ

Marfat.com

خیر خلقه و نور عرشه و زینت فرشه سیدنا و نبینا محمد وآله و صحبه اجمعین و بارک و سلم فی کل لمحة عدد ذرات الوجود الف الف مرة۔

حرّرہ الفقیر لَا بَل خادم الفقراء ومحبهم

محمد عبدالباقی عفی عنه

خادمِ خانقاہ عبیدیہ رحمانیہ ومسجدِ رحمانیہ

محلّہ قدیرآباد ملتان شریف

۱۷ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ

Marfat.com

حالاتِ مبارکہ

شیخ المشائخ، قدوۃ الاولیآء، شمس العرفاء، محبوب الالٰہ، خواجۂ خواجگان، قبلۂ عالمیان، حضرت سیدنا ومولانا

خواجہ نور محمد مہاروی صاحب

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نام ونسب:

حضرتِ خواجۂ خواجگان، قبلۂ عالمیان سیدنا ومولانا نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت باسعادت 14 رمضان المبارک 1142ھ میں ہوئی۔

آپ کا نام ہَنْگَل رکھا گیا اور آپ کے والدِ مکرم کا نام ہندال بن تاتار بن فتح محمد بن محمود بن عزیز تھا۔ آپ مشہور باثر قوم کھرل سے تعلق رکھتے تھے۔

آپ کے کمالات کی وجہ سے آپ کے مرشدِ کریم، فخر الاولین والآخرین، محب النبی، حضرتِ مولانا محمد فخر الدین فخر جہاں دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو "نورِ محمد" کے پیارے لقب سے نوازا، اور یہی نام عرفِ عام میں مشہور ہے۔

چونکہ آنجناب قبلۂ حاجات وکعبۂ مرادات تھے اس لئے خواص وعوام میں "قبلۂ عالم" کے لقب سے مشہور ہوئے۔

آپ کی پیدائش سے قبل آپ کی ولایت کی بشارتیں:

روایت ہے کہ:

آپ کی والدہ محترمہ اپنی نوعمری کی حالت میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ جال کے درخت کے نیچے کھیل رہی تھیں کہ اچانک درخت کے تنے سے ایک بزرگ

Marfat.com

نمودار ہوئے اور فرمایا کہ اس بچی کی کوکھ میں ایک انمول موتی جگمگا رہا ہے۔

دوسری روایت یہ ہے کہ:

آپ کی والدہ محترمہ صاحبہ شادی سے پہلے جب اپنے خاندان کے ساتھ قصبہ ''پھولرہ'' میں رہتی تھیں تو وہاں ایک صاحبِ کمال بزرگ شیخ فتح محمد دریار رحمہ اللہ تعالیٰ (جو کہ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت رضی اللہ عنہ کے خلیفہ حضرت شیخ عبداللہ جہانیاں نیکوکارہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے آستان پر جانشین تھے) اس قصبہ میں تشریف لائے اور موصوفہ بی بی صاحبہ کے خاندان میں قیام فرمایا۔

اتفاقاً ایک مرتبہ جب اُن کی نگاہ بی بی صاحبہ پر پڑی جو اُس وقت بہت چھوٹی عمر میں تھیں تو اُن کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے لگے، جس کو بی بی صاحبہ کے خاندان والوں نے محسوس کیا۔ جب آپ نے اُن کی صورتِ حال پر واقفیت پائی تو رشاد فرمایا کہ میری نظر اس بی بی کے چہرہ پر نہیں بلکہ اس کے بطنِ طاہرہ سے پیدا ہونے والے اُس ''انمول موتی'' پر ہے جو کہ اپنے دور کا ''قطب'' کہلائے گا۔

پاکیزہ بچپن:

آپ کی پیدائش چونکہ ماہِ رمضان المبارک میں ہوئی تھی اس لئے آپ کا شیر خوارگی میں یہ معمول تھا کہ دن کو والدہ صاحبہ کا دودھ نہ پیتے بلکہ رات کو نوش فرماتے دن کو اگر آپ کی والدہ صاحبہ دودھ دینے کی کوشش فرماتیں بھی تو آپ منہ پھیر کر رونے لگتے۔

اتفاقاً اُنہیں دنوں حضرت میاں احمد علی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ (جو کہ ایک صاحبِ کرامت بزرگ تھے) آپ کے وطن مہار شریف میں اپنے ایک عقیدت مند میاں

Marfat.com

محمد مسعود مہاروی کے گھر تشریف لائے، لوگ ان کی زیارت کے لئے بکثرت آرہے تھے کہ انہیں میں حضور قبلۂ عالم رضی اللہ عنہ کی دادی صاحبہ بھی اپنے معصوم پوتے کے ساتھ زیارت اور دعا کے لئے تشریف لائیں اور عرض کی "حضور! اِس بچے کے لئے تعویذ عنایت فرمائیں"

میاں احمد علی صاحب نے فرمایا:

"مائی صاحبہ! یہ بچہ کوئی عام بچہ نہیں بلکہ دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا پاسبان اور اسے عام کرنے کا سبب بننے والا ہے، اسے کسی تعویذ کی حاجت نہیں بلکہ یہ تو ہماری مصیبتوں کے دفیعہ کا سبب بننے والا ہے، اسی لئے تو یہ رمضان شریف میں دن کو روزہ سے ہوتا ہے"

سلسلۂ تعلیم:

جب آپ کی عمر شریف پانچ سال کی ہوئی تو آپ کے والدِ محترم نے آپ کو کلام پاک حفظ کروانے کے سلسلے میں میاں مسعود جیو صاحب کے مدرسہ میں داخل کرایا۔ میاں احمد علی صاحب (جن کا ذکرِ خیر پیچھے گزرا) معمول کے مطابق ایک روز اس حجرے (کمرے) میں تشریف لائے جس میں حضرت قبلۂ عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوسرے بچوں کے ہمراہ قرآن مجید پڑھ رہے تھے تو انہوں نے فرمایا کہ:

"ایک دن آئے گا کہ شاہانِ وقت اس بچے کے سامنے سرِ تسلیم خم کریں گے اور پورا خاندان آپ کی وجہ سے شہرت و وقار حاصل کرے گا"

جب استاد صاحب محترم نے یہ بات سنی تو فرمانے لگے میاں صاحب! آپ بھی کوئی عجیب آدمی ہیں کیا یہی ہندال (آپ کے والد کا نام) کا بیٹا وقت کا غوث

ہوگا؟ آپ نے فرمایا:

''تمہیں معلوم نہیں آگے چل کے یہی بچہ تیری میری سب کی عزت بنے گا''

کلام اللہ شریف حفظ کر لینے کے بعد آپ نے دیگر دینی علوم پڑھنے شروع فرمائے، کچھ عرصہ تک اپنے وطن میں یہ سلسلہ شروع کیا پھر چند مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے شہروں اور قصبوں سے علم حاصل کرتے ہوئے ڈیرہ غازی خان ایک صاحب علم سے کچھ عرصہ استفادہ فرماتے رہے، پھر وہاں سے حضرتِ خواجہ محکم الدین سیرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ لاہور تشریف لے گئے۔ دونوں حضرات کا مقصد حصولِ علم ہی تھا، کھانے کا چونکہ کوئی انتظام نہ تھا اس لئے ان دونوں حضرات کو بعض اوقات سوال بھی کرنا پڑتا۔

اتفاق سے ایک رات طوفان کی سی حالت تھی، تیز آندھی اور بہت بارش، یہ دونوں حضرات کسی گلی سے گزر فرما رہے تھے کہ قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قدم پھسل گیا۔ اِس قابلِ رحم حالت سے آپ کو بہت دھچکا لگا، اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ:

''اے میرے مولا! اس گداگری کے عذاب سے ہمیں نجات عطا فرما!''

اللہ تعالیٰ نے آپ کی اس التجا کو شرفِ قبولیت عطا فرمایا پھر کبھی آپ کو سوال کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

''خلاصۃ الفوائد'' میں لکھا ہے کہ آپ میاں محمد قائم کے ہمراہ حصولِ علم کے لئے دہلی بھی تشریف لے گئے تھے، پھر میاں محمد قائم تو پورَب (دریائے گنگا کا مشرقی علاقہ) کی جانب چلے گئے لیکن آپ نے وہیں دہلی میں قیام فرمایا اور مولانا میاں محمد برخوردار صاحب کے پاس ''قطبی'' کا سبق پڑھنا شروع فرمادیا۔

Marfat.com

بیعت وخلافت:

انہی ایام میں حضرت شیخ المشائخ فخر الاولین والآخرین، محبّ النبی، حضرت مولانا محمد فخر الدین اورنگ آبادی ثم الدھلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اورنگ آباد سے آ کر دہلی میں قیام پذیر ہوئے اور آپ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر علوم حاصل کرنے لگے۔

اسی دوران آپ اُن کی بیعت سے بھی سرفراز ہوئے اور مرشدِ کریم کے کہنے پر ظاہری علوم کا تعلم (پڑھنا) ترک فرما کر اُنہیں کے حکم سے سلوک کی منزلیں طے کرنے لگے اور دن بہ دن مرشدِ کریم کی نگاہِ شفقت کا مرکز بن گئے۔

جب حاسدین نے یہ عنایات مشاہدہ کیں تو وہ آپ سے حسد کرنے لگے، حتیٰ کہ اُنہوں نے ایک دن حضرت مرشدِ کریم کی خدمت میں عرض کر دی کہ ''حضور! یہ کھرل قوم کا فرد جو آپ کی خدمت میں رہتا ہے یہ پنجابی ہے اور یہ لوگ کچھ اچھی شہرت نہیں رکھتے، اِن کے آباؤ اجداد میں ایک آدمی مرزا کھرل نامی نے قصبہ جھنگ کے ایک زمیندار کی لڑکی اغواء کر لی تھی، پھر راستہ میں سیال قوم کے لوگ پہنچ گئے اور انہوں نے اسے قتل کر دیا، لہٰذا ایسی غلط شہرت رکھنے والے لوگوں کا آپ کی خدمت میں رہنا مناسب نہیں'' اِن کی یہ بات سن کر آپ نے تبسم فرماتے ہوئے یہ جواب دیا کہ ''مرزا کھرل تو ایک عورت لے گیا تھا لیکن یہ ہمارا پنجابی سارے جہان کو لے جائے گا''۔ سب لوگ یہ سن کر ازحد شرمندہ ہوئے۔

آپ نے تقریباً پینتیس سال کا عرصہ مرشدِ کریم کی بارگاہ میں گزارا اور مرشدِ کریم کی خلافتِ عظمیٰ سے بھی سرفراز ہوئے اور بہت عرصہ تک آپ ایک جہان کو اپنے فیضان سے سیراب کرتے رہے۔

Marfat.com

کرامات:

آپ سے بے شمار کرامات کا ظہور ہوا اور یہ کرامات بھٹکے ہوئے لوگوں کی ہدایت کا سبب بنیں۔

چنانچہ ایک مرتبہ آپ خواجہ بزرگ، قطب المشائخ، غوث العارفین، سند الموحدین، نائب سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرتِ خواجہ سیدنا معین الدین حسن سنجری ثم الاجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عرسِ مبارک پر اجمیر شریف تشریف لے گئے۔

جب عرس شروع ہوا تو حسبِ معمول روزانہ محفلِ سماع منعقد کی جاتی لیکن محفل سونی سونی سی رہتی، ذوق و وجد کی حالت سے ہر شخص محروم تھا۔

صلحاء و عرفاء نے مشورہ کیا کہ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے کہ امسال خلافِ معمول ذوق نہیں ہے۔ آخرِ کار پتہ چلا کہ کسی نے جادو کر دیا ہے۔

پنجاب سے میاں معصوم علی شاہ صاحب جو حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاص غلام تھے اور اہلِ پنجاب کی طرف سے خدمت وطلبِ دعا کے لئے تشریف لائے تھے، انہوں نے دیوان صاحب کی خدمت میں جا کر عرض کی کہ حضرت مولانا فخر الدین دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلفاء میں سے حضرت قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے ہوئے ہیں ان سے اس کا کوئی حل پوچھنا چاہئے۔

چنانچہ سب افراد آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ "حضور! اتنی اتنی عظیم ہستیاں تشریف لائی ہوئی ہیں لیکن ذوق و وجد کی حالت کسی پر وارد نہیں ہو رہی ہو سکتا ہے کسی نے جادو کر دیا ہو، درخواست ہے کہ آپ محفل میں تشریف لا کر توجہ فرمائیں تاکہ یہ بے کیفی ختم ہو" چنانچہ آپ اُن کے کہنے پر تشریف لائے، دیکھا کہ

Marfat.com

محفل میں ایک جوگی بیٹھا ہوا ہے جس نے یہ عمل کیا ہے آپ نے جب توجہ فرمائی تو اس جادوگر کا سارا عمل ختم ہو گیا اور محفل کے تمام شرکاء وجد کرنے لگے۔

جوگی آپ کی اس عظمت کو دیکھ کر فوراً مسلمان ہو گیا اور دیگر بہت سے ہندو بھی دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے الحمدللہ!

وصال:

آپ کا وِصال ۳ ذی الحجہ ۱۲۰۵ھ کو بروز جمعرات صبح کے وقت ہوا، آپ کا مزارِ پرانوار ''چشتیاں شریف'' ''بستی'' ''تاج سرور'' (رحمہ اللہ تعالیٰ) میں مرجع خلائق ہے۔

اگر کسی نے آپ کے تفصیلی حالات سے آگاہی حاصل کرنی ہو تو ''گلشن ابرار'' اور ''مخزنِ چشت'' کا مطالعہ کرے۔ یہاں صرف تعارف ہی مقصود تھا۔

(ماخوذ از ''مخزنِ چشت'' مطبوعہ چشتیہ اکیڈمی فیصل آباد)

Marfat.com

حالاتِ مبارکہ

شیخ المشائخ، غیاث العاشقین، سند الکاملین، محب اللہ بالکمال، خواجہ خواجگان، حضرت سیدنا

خواجہ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نام و نسب:

آپ کا اسمِ گرامی حضرت محمد جمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے اور آپ کے والد مکرم کا نام محمد یوسف اور آپ کے دادا کا نام حافظ عبدالرشید تھا۔ آپ کا اصلی وطن ''آوان قار'' تھا اور آپ کی ذات آوان (المشہور اعوان) تھی۔

آپ کے دادا ''آوان قار'' کے علاقے سے ہجرت کر کے ملتان شریف تشریف لائے اور قلعہ کہنہ ملتان شریف کی شرقی جانب قیام فرمایا۔

سلسلۂ تعلیم:

آپ نے قرآن مجید حفظ کرنے کے بعد علوم دینیہ کی تحصیل کی طرف توجہ کی اور درجۂ کمال کو پہنچے، انتہائی ذہین اور ذکی الطبع تھے، چنانچہ آپ سے اگلی کلاس کے طلباء کو بھی آپ سے مباحثہ کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔

بیعت و خلافت:

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جب آپ کی توجہ مالکِ حقیقی کی طرف مبذول ہوئی تو آپ کے دل میں کسی ولی اللہ کے ہاتھ پر بیعت ہونے کا شوق پیدا ہوا، لہٰذا آپ ہر ماہ کی چودہ تاریخ کو شیخ الاسلام والمسلمین حضرت شاہ رکن الدین والعالم سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار پر حاضری دیتے اور ساری رات اعتکاف میں

گزارتے، زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ شیخ الاسلام حضرتِ شاہ رکن عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو حضرتِ قدوۃ الاولیاء، شمس العرفاء، خواجہء خواجگان، حضرتِ قبلہء عالم خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شبیہِ مبارک خواب میں دکھاتے ہوئے فرمایا کہ:

"یہ "نور محمد" ہیں اور مہار شریف میں قیام پذیر ہیں، اِن کی خدمت میں حاضری دو اور اِنہیں کے ہاتھ پر بیعت کرلو"۔

جونہی آپ نیند سے بیدار ہوئے فوراً مہار شریف کی طرف روانہ ہوگئے۔

جب آپ حضرت قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں پہنچے تو آپ نے کچھ قدم آگے چل کے حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا استقبال فرمایا اور پوچھا آپ کہاں سے آئے ہیں؟ اور آپ کا وطن کہاں ہے؟ آپ نے عرض کی حضور! میرا وطن ملتان ہے اور میں آپ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہونے کی غرض سے آیا ہوں، چنانچہ حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو بیعت سے سرفراز فرمایا۔

اس کے بعد حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرشدِ پاک کے ارشادات کی روشنی میں ریاضت وعبادت میں مشغول رہے۔ عرصہء دراز تک سفر وحضر میں اپنے شیخ کے ساتھ رہے حتیٰ کہ معرفت کے درجاتِ اعلیٰ پر پہنچے۔

مرشد کی عنایات:

"اسرار کمالیہ" میں خود حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل ہے، فرماتے ہیں:

"ایک بار اجمیر شریف کے سفر میں میرے جوتے پرانے تھے اور چلنے میں دقت ہوتی تھی کہ اچانک ایک آدمی نے حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں

Marfat.com

نئے جوتے پیش کیے تو میں نے سوچا کہ کیا ہی اچھا ہو کہ حضور اپنے پرانے جوتے مجھے عنایت فرما دیں اور خود نئے جوتے زیب پا فرمالیں، لیکن آپ نے وہ جوتے ایک اور خادم کو عنایت فرما دیئے، میں نے سوچا اس میں بھی کوئی حکمت ہوگی۔

جب سفر ختم ہوا اور آپ اپنے دولت سرائے پر پہنچے تو آپ نے کپڑوں کا ایک نیا جوڑا مرحمت فرمایا اور ساتھ ہی گھوڑا جس پر آپ سوار تھے وہ بھی عنایت فرمایا نیز باطنی نعمتوں سے مالا مال فرما کر حکم فرمایا کہ ''اب آپ ملتان چلے جاؤ''۔

روایت ہے کہ:

ایک بار بہت سے لوگ حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بغرضِ زیارت جمع ہو گئے، آپ نے لانگری غلام رسول سے دریافت فرمایا کہ ان سب نے کھانا کھالیا ہے؟ غلام رسول نے عرض کی ''حضور! سب نے کھالیا ہے مگر حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابھی تک تناول نہیں فرمایا'' آپ نے فرمایا: ''عجیب بات ہے کہ جو شخص پورے فقر (درویشی) کا بوجھ اٹھانے آیا ہے تم نے اس کو ابھی تک کھانا ہی نہیں دیا''۔

چند علمی نکات:

سید زاہد شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ بیان فرماتے ہیں کہ:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ قرآن مجید کی آیۂ کریمہ ''وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا'' کے دو مفہوم ہیں ایک ظاہری ایک باطنی۔

ظاہری مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی سے زیادتی کرے اُسی قدر زیادتی اُس

Marfat.com

کے ساتھ کی جائے اور باطنی مطلب جس کو اہل اللہ مراد لیتے ہیں یہ ہے کہ بدی کے بدلے بدی کرنا گناہ ہے، بلکہ بدی کرنے والے کو معاف کر دینا چاہئے۔

ایک دن آپ دستر خوان پر بیٹھے کھانا تناول فرما رہے تھے کہ اسی دوران آپ نے حاضرین سے سوال فرمایا کہ حدیث شریف میں آتا ہے ''لِکُلِّ شَیءٍ سِترٌ وَلِلطَّعَامِ اَستَارٌ'' (ہر چیز کا ایک پردہ ہے اور طعام کے لئے کئی پردے ہیں) اس کا مطلب کیا ہوگا؟ انہوں نے عرض کی ''کھانے کے وقت نظر غیر سے مکمل پردہ کرنا چاہئے''۔ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ کھانا جب سامنے آئے تو اعتراض وتنقید کی نظر سے اسے پردہ میں رکھا جائے یعنی جو کچھ بھی ہو خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے تناول کرنا چاہئے۔

ایک دن آپ نے بطورِ خوش طبعی مجھ (سید زاہد شاہ صاحب) سے دریافت فرمایا کہ اس مصرع کا مطلب کیا ہوگا ''وَضو را درِ وِضو کردہ وُضو کن'' میں نے عرض کی حضور! آپ ہی ارشاد فرمائیں، آپ نے فرمایا: ''پہلے لفظ ''وَضو'' واؤ پر زبر ہے مراد وضو کا پانی اور دوسرے لفظِ ''وِضو'' کے نیچے زیر ہے، اس سے مراد وضو کا برتن اور تیسرے لفظِ ''وُضو'' کی واؤ پر پیش ہے، اس سے مراد وضو کرنا ہے۔ یعنی وضو کا پانی وضو کے برتن میں لے کر وضو کرو۔

اسی موقع پر آپ نے یہ بھی فرمایا ''اَلوُضُوءُ سِلَاحُ المُؤمِنِین'' (وضو مؤمنوں کا اسلحہ ہے) آپ نے فرمایا ہمیشہ باوضو رہنے سے مصائب اور تنگیٔ رزق قریب نہیں پھٹکتی۔

Marfat.com

آپ کے معمولات:

آپ کا معمول تھا کہ ظہر وعشاء کے وضو کے بعد فوراً کنگھی فرمایا کرتے تھے اس طرح کہ پہلے دائیں ابرو پر، پھر بائیں پر، اس کے بعد داڑھی کی دائیں جانب پھر بائیں جانب، پھر درمیان میں کنگھی فرماتے اور اسی دوران سورۃ "الم نشرح" پڑھتے اور فرمایا کرتے کہ اس عمل سے رزق میں وسعت اور قرض کی ادائیگی آسان ہو جاتی ہے، حدیث شریف میں اس کی وضاحت ہے۔

نیز آپ وضو میں مسواک ضرور فرماتے اور ساتھ ہی فرماتے لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَّا مِسْوَاکَ لَهٗ جو شخص مسواک نہیں کرتا اس کا وضو مکمل نہیں ہوتا۔

خلافت واجازت:

روایت ہے کہ:

جب حضور قبلۂ عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرتِ محب اللہ بالکمال حافظ جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت سے نواز اور آپ کو ملتان شریف جانے کا حکم دیا تو حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی حضور! وہاں حضرت غوث العالمین غوث بہاؤالدین زکریا ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مکمل راج ہے، اگر کوئی اور سلسلہ والا ملتان میں اپنا مرکز بنانا چاہے تو آپ اُسے پسند نہیں فرماتے۔

حضور قبلۂ عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: حافظ صاحب! ایک رات صبر فرمالیں۔

صبح کو آپ نے ارشاد فرمایا:

"آج کی رات حضرت محب النبی، مولانا فخر الدین دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

Marfat.com

حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ملتان ہم کو لے کر دے دیا ہے، آپ جائیں اور حضرت غوث العالمین حضرت بہاؤ الدین زکریا ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار شریف ہی میں بیعت کریں وہ اب آپ کو نہیں روکیں گے"

کرامت:

روایت ہے کہ ایک بار آپ کے کسی دوستدار نے آپ کے آستانے پر رات گزارنے کا ارادہ کیا، صرف اس لئے تا کہ دیکھے کہ آپ کے رات کے معمولات کیا ہیں، وہ فرماتے ہیں:

جب آدھی رات ہوئی تو آپ اپنی دولت سرائے سے باہر تشریف لائے اور قلعہ کہنہ کی طرف روانہ ہوئے، وہ بھی چپکے چپکے آپ کے پیچھے چلتا رہا، آپ سیدھے حضرت شیخ الاسلام والمسلمین، غوث العالمین حضرت بہاؤ الدین زکریا ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار شریف پر تشریف لائے، دربار شریف کا دروازہ اُس وقت بند تھا، جوں ہی آپ دروازے کے قریب ہوئے تالا خود بخود کھل گیا اور آپ اندر تشریف لے گئے، کچھ دیر بعد واپس تشریف لائے اور شیخ الاسلام والمسلمین حضرتِ شاہ رکن الدین والعالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار شریف کی طرف چل دیے، وہاں بھی عین اُسی طرح کی صورت پیش آئی، پھر جب آپ اپنے معمولات مکمل فرمانے کے بعد اپنے دولت کدہ کی طرف روانہ ہوئے تو میں عقیدت کے مارے چپ نہ رہ سکا اور آپ کے قدموں میں گر پڑا، آپ نے جوں ہی مجھے دیکھا تو فرمایا: تو یہاں کیسے؟ اگر تو نے سب کچھ دیکھا ہے تو وعدہ کر کسی کو نہیں بتلائے گا پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے بعد

Marfat.com

اُس نے اِس کا اظہار کیا۔

وصال:

''اسرارِ کمالیہ'' (جو کہ آپ کے حالات وواقعات پر حضرت سید زاہد شاہ صاحب کی تالیف ہے) میں لکھا ہے کہ آپ کو مرضِ وفات میں صفراوی بخار تھا، آٹھ دن تک مسجد میں تشریف لے جاتے رہے، لیکن بعد میں تکلیف کی شدت کی وجہ سے آپ مسجد نہیں جا سکے، رفتہ رفتہ مرض زور پکڑتا گیا حتیٰ کہ ۵ جمادی الاول ۱۲۲۶ھ میں آپ کا وصال ملتان شریف میں ہوا، نمازِ جنازہ کی امامت آپ کے خلیفہ حضرت محبوب اللہ، خواجہ محمد خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمائی، اسکے بعد آپ کو آپ کے حجرہء خاص میں دفن کیا گیا۔

بعد ازاں قل خوانی کے موقع پر حضرت خواجہ محمد خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دستار بندی ہوئی۔

الٰہی! تا بہ ابد آستانِ یار رہے
یہ آسرا ہے غریبوں کا برقرار رہے

اگر کسی نے آپ کے تفصیلی حالات سے آگاہی حاصل کرنی ہو تو ''گلشنِ ابرار'' اور ''مخزنِ چشت'' کا مطالعہ کرے۔ یہاں صرف تعارف ہی مقصود تھا۔

(ماخوذ از ''مخزنِ چشت'' مطبوعہ چشتیہ اکیڈمی فیصل آباد)

Marfat.com

حالاتِ مبارکہ

شیخ المشائخ، سراج الواصلین، فخر العاشقین، سند العارفین، محبوب اللہ حضرت

خواجہ محمد خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کا سلسلۂ نسب:

آپ کو علومِ ظاہری اور باطنی میں درجۂ کمال حاصل تھا۔ آپ کے آباؤ اجداد رشد و ہدایت کے مراکز کے طور پر معروف تھے، آپ کا شجرۂ نسب یوں ہے۔۔۔

مولانا خدا بخش صاحب محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مولوی جان محمد بن مولوی عنایت اللہ بن مولوی حسن علی بن مولوی محمود جیو بن مولوی محمد اسحاق بن علاؤالدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

آپ کے بزرگوں میں سے مولانا محمود جیو رحمہ اللہ تعالیٰ قصبہ تلنبہ میں قیام پذیر تھے، آپ اپنے دور کے ایک نامور ولی اور صاحبِ فضل و کرامت تھے، آپ کو بخاری شریف مکمل یاد تھی، اُن کی کرامات بھی زبان زدِ عوام و خواص ہیں۔

پھر جب آپ تلنبہ سے ملتان تشریف لائے تو شہر کے اندرونی جانب قیام فرمایا اور اہلِ ملتان کو علوم ظاہری و باطنی سے فیض یاب فرمانے لگے۔ آپ کے کئی صاحبزادے تھے جن کی اولاد چلی، اس خاندان میں مولوی جان محمد رحمہ اللہ تعالیٰ بھی تھے جن کی اولاد میں سے حضور محبوب اللہ مولانا خواجہ محمد خدا بخش صاحب ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے، جنہوں نے دینِ متین کے بازار کی رونق کو بڑھایا اور بدی و عصیان کی تاریکیوں کو مٹایا۔

تحصیلِ علوم:

جب آپ بچپن کی حدود کو عبور کرتے ہوئے اس عمر کو پہنچے جس میں تعلیم کا

Marfat.com

سلسلہ شروع کیا جاتا ہے تو ابتداءً آپ نے اپنے والدِ مکرم رحمہ اللہ تعالیٰ سے دینی تعلیم کا حصول شروع فرمایا۔

جب آپ کے والدِ مکرم رحمہ اللہ تعالیٰ کا انتقال ہوا تو آپ کے خاندان کو معاشی تنگی کا سامنا کرنا پڑا، لیکن آپ نے اپنے موروثی توکل پر عمل کرتے ہوئے کسی کے سامنے دستِ سوال دراز نہیں فرمایا۔

بیعت وخلافت:

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ آپ کو کسی مرشد کے دامن سے وابستہ ہونے کا شوق پیدا ہوا کیونکہ بغیر کسی مرشدِ کامل کے ہدایت ممکن نہیں، اسی دور میں مولوی عبدالحکیم چشتی رحمہ اللہ تعالیٰ ایک مشہور ولی اللہ تھے جو شیخ المشائخ، حریق المحبت، امام العارفین، سلطان الزاہدین، شیوخ العالم حضرتِ خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں سے تھے۔

آپ ''قصیدہ بردہ شریف'' کے عامل تھے، اور گڑھی اختیار خان میں مقیم تھے، حضرت خواجہ خدا بخش صاحب خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ مذکورہ مولانا صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ سے قصیدہ بردہ شریف کے وظیفہ کی اجازت لینے کے لئے روانہ ہوئے اور ملتان شریف کے قریب قصبہ ''شجاع آباد'' میں پہنچے، لوگوں کو آپ کا غائبانہ تعارف ہو چکا تھا، آپ کی تشریف آوری پر وہ مصر ہوئے کہ آپ وہیں قیام فرمائیں اور انہیں علوم دینیہ و معرفت سے سرفراز فرمادیں، چنانچہ اُن کے اصرار پر آپ تقریباً تین ماہ اُن کے پاس شجاع آباد میں رہے، کسی نے بتایا کہ مولوی عبدالحکیم صاحب کا ایک شاگرد بھی قصیدہ بردہ شریف کا پختہ عامل ہے اور یہیں رہتا ہے چنانچہ آپ اس شخص کے پاس

Marfat.com

تشریف لے گئے اور قصیدہ شریف کی اجازت طلب فرمائی، اس نے سمجھا کہ شاید آپ کو وسعتِ رزق مطلوب ہے لہٰذا اُس نے ایک خاص شعر پڑھنے کی تلقین کی جب آپ نے اس کے بتلائے ہوئے طریقہ سے پڑھنا شروع فرمایا تو رزق کی تنگی آپ سے فوراً دور ہوگئی اور آپ کو یومیہ دو روپے کی فتوحات ہونے لگیں، لیکن چونکہ آپ کا مقصد یہ نہیں تھا تو آپ دوبارہ اس عامل کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا میرا مقصد تو مرشدِ کامل کی ملاقات تھا۔ اس نے پھر آپ کو وہی شعر سابقہ دوسرے طریقہ پر پڑھنے کی تلقین کی، جب آپ نے اسے پڑھنا شروع کیا تو آپ کو خواب میں حضرت محبّ اللہ بالکمال، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال اللہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت ہوئی، آپ اس سے بہت خوش ہوئے اور عالمِ خوشی میں یہ شعر پڑھا۔

یار درخانہ ومن گردِ جہاں گردیدم

آب درکوزہ ومن تشنہ لباں گردیدم

محبوب ومطلوب تو میرے اپنے گھر میں تھا لیکن میں اسے آس پاس تلاش کرتا رہا، پانی تو میرے اپنے کوزے میں تھا اور میں ادھر ادھر تلاش کرتا رہا۔

حضرت خواجہ غلام فرید صاحب مہاروی رحمہ اللہ تعالیٰ جو کہ حضرت قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے ہیں حضرت خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ سے فرماتے ہیں کہ ایک بار حضرت محمد محب النبی خواجہ فخر الدین والعالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حضور یوں تذکرہ ہوا کہ شیخ الاسلام والمسلمین، حضرت غوث العالمین بہاؤالدین زکریا ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تصرف بعد از وصال اُسی طرح عیاں ہے کہ جب بھی کوئی اہل اللہ میں سے ملتان آئے تو اس کا قیام تک ہی آپ محال بنادیتے ہیں۔

حضرت محب النبی خواجہ فخر الدین صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بات سنی تو سکوت فرمایا دوسرے دن آپ نے حضرت قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمایا کہ آج کی رات حضرت غوث العالمین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے اور ملتان شریف ہمارے حوالے فرما گئے ہیں، اس لئے آپ حضرت محب اللہ بالکمال حضرتِ خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمائیں کہ وہ اب ملتان جا کر بلا جھجک حضرت غوث العالمین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار شریف کے سامنے بیٹھ کر بیعت لیں۔

چنانچہ حضور قبلہء عالم خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حافظ جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس بات کا حکم فرمایا اور ملتان شریف روانہ کر دیا۔

جب آپ ملتان پہنچے تو آپ حضرتِ خیر پوری صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر تشریف لائے اور انھیں ساتھ لے کر حضرتِ غوث العالمین بہاؤالدین زکریا ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مبارک کے سامنے بیعت فرمایا۔

روایت ہے کہ حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ اپنے شیخ حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کے لئے مہار شریف تشریف لے گئے تو حضرت خیر پوری صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اس بار آپ کے ساتھ تھے۔

ابھی آپ مہار شریف میں داخل نہیں ہوئے تھے کہ حضرت قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دوستوں سے فرمایا:

اس بار حضرت حافظ صاحب اکیلے نہیں آرہے بلکہ اپنے ساتھ ہمارے لئے ایک تحفہ بھی ساتھ لا رہے ہیں، خدام سمجھے کہ شاید کوئی ملتان کی خصوصی سوغات یا مٹھائی سے کوئی چیز ہوگی، آپ نے فرمایا: نہیں، بلکہ وہ تحفہ خواجہ خدا بخش رضی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

عنہ کی صورت میں ہے۔

روایت میں ہے کہ:

حضرت خیر پوری صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیس مرتبہ حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کو تشریف لے گئے، جب بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ سے پہلے کی بہ نسبت زیادہ فیض پایا۔

اسی لیے تو حضرت محبّ اللہ بالکمال حضرتِ خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے:

''حضرت مولانا خدا بخش صاحب کو جو کچھ ملا حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا میں تو درمیان میں صرف ایک واسطہ ہوں''

روایت ہے کہ حضور محبوب اللہ خواجہ خدا بخش صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو در حقیقت خلافت سرکارِ دو عالم، نورِ مجسم، رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے عطا ہوئی تھی، لیکن حضور قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے سے۔

کمالات:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک معتبر خادم میاں عبداللہ صاحب فرماتے ہیں کہ:

ایک مرتبہ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ''دائرہ دین پناہ'' میں تشریف لائے، وہاں عبدالصمد خان کی حکومت تھی، وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے گفتگو کی، دورانِ گفتگو خان صاحب موصوف نے آپ کو مخاطب کر کے کہا سبحان اللہ! مولوی صاحب (اشارہ حضرتِ محبوب اللہ خواجہ خدا بخش صاحب خیر

Marfat.com

پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف تھا) کس قدر نیک ہیں، اس کے یہ الفاظ سن کر آپ کو افسوس ہوا، آپ نے فرمایا کہ:

اگر آدمی کو نیک لوگوں کے اوصاف کا علم نہ ہو تو خواہ مخواہ اِن الفاظ کا استعمال مناسب نہیں، خان صاحب نے حیرانی سے عرض کی کہ حضرت! میں نے تو نیک ہی کہا ہے کوئی گستاخی تو نہیں کی، آپ ہی فرمایئے کہ نیک لوگوں کے اوصاف کیا ہیں؟ تا کہ بندہ کو معلوم ہو جائیں۔

آپ نے فرمایا کہ: ان کے اوصاف دو طرح کے ہوتے ہیں ادنیٰ اور اعلیٰ تم کون سے پوچھتے ہو؟ اس نے عرض کی کہ دونوں ہی بیان فرما دیں۔

آپ نے فرمایا: ''ادنیٰ یہ ہیں کہ اگر مولوی صاحب کو حجرہ میں بٹھا کر تمام راستے بند کر دیئے جائیں پھر بھی وہ چاہیں تو باآسانی باہر آ جا سکیں گے، کوئی دیوار یا تختہ ان کے راستہ میں رکاوٹ نہ بنے گا اور اعلیٰ وصف یہ ہے کہ وہ ''محبوبِ خدا'' ہیں''، اسی دن سے آپ ''محبوب اللہ'' کے لقب سے مشہور ہو گئے۔

محبّ اللہ بالکمال حضرتِ خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک خاص خادم محمد ہاشم نے بیان فرمایا کہ:

جب حضرتِ خواجہ حافظ محمد جمال صاحب محبّ اللہ بالکمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کا وقت جب قریب آیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ:

''ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ میرے وصال کے بعد جب کسی کو میری ضرورت ہو تو وہ حضرت مولانا صاحب محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حاضر ہو''

Marfat.com

اخلاقِ حمیدہ:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق حمیدہ کا یہ عالم تھا کہ ایک بار ایک افغانی سفر پر جا رہا تھا، وہ آپ کے پاس آیا اور عرض کی کہ میں پردیس جا رہا ہوں، کسی درویش کو کہہ دیجئے گھر کا سودا سلف لا دیا کرے، آپ نے فرمایا بے فکر ہو کر جاؤ جو بھی ہوگا اچھا ہوگا۔

افغانی نے اپنے گھر جا کر تسلی دی اور چلا گیا، کچھ عرصہ گزرنے کے بعد جب وہ واپس گھر لوٹا تو دیکھا کہ آپ خود بنفس نفیس لکڑیوں کا گٹھا سر پر اٹھائے اُس کے گھر کی طرف جا رہے ہیں، بے حد شرمندہ ہوا اور افسوس کرنے لگا، اُدھر سے گھر کی ایک خادمہ باہر نکلی تو کہنے لگی یہی تو گھر کا سارا کام تیرے جانے کے بعد مسلسل کر رہے ہیں، ہمیں کیا معلوم کہ حضرتِ والا آپ خود تھے ہم تو یہ سمجھتے رہے کہ کوئی درویش ہوگا۔

کرامات:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامات کے حوالے سے بس اتنا سمجھ لیجئے کہ آپ سراپا کرامت تھے، جس نے تفصیل دیکھنی ہو وہ "مخزنِ چشت" اور "گلشنِ ابرار" کا مطالعہ کرے۔ یہاں حصولِ برکت کے لئے آپ کی صرف دو کرامات نقل کی جاتی ہیں۔

آپ کے ایک خلیفہء مجاز حضرتِ سید موسیٰ شاہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ:

ایک مرتبہ آپ نے ایک خادم کو حکم دیا کہ وہ پانی پیش کرے، خادم مذکورہ نے مٹی کے برتن میں پانی آپ کی خدمت میں پیش کیا، دل میں خیال گزرا کہ ظاہری علوم میں تو آپ بہت مہارت رکھتے ہیں، پتہ نہیں باطنی علوم سے بھی آپ بہرہ ور ہیں

Marfat.com

یانہیں، جوں ہی دل میں یہ خیال گزرا آپ نے فوراً فرمایا:

باگر بہ وسگانت حق داد صد کرامت

میرے تو مرشد کی گلیوں میں پھرنے والے کتوں اور بلیوں کو اللہ تعالیٰ نے سینکڑوں کرامات عطا فرمائی ہیں۔

کہتے ہیں کہ ایک بار آپ کا گزر ایک گلی میں سے ہوا، کسی کتے نے آپ کو دیکھ کر بھونکنا شروع کر دیا، جب آپ واپس تشریف لائے تو دیکھا کہ وہی کتا اس جگہ پر مرا پڑا ہے، آپ نے فرمایا ''میں تو نہیں چاہتا تھا لیکن میرے رب کو غیرت آئی ہے''

وصال:

آپ کا وصال مقامِ جمع عالمِ استغراق میں ذکرِ نفی و اثبات کرتے کرتے یکم صفر ۱۲۵۰ھ بروز خمیس (جمعرات) ہوا، آپ کا مزار شریف خیر پور شریف ٹامیوالی میں مرجع خواص و عوام ہے۔

Marfat.com

حالاتِ مبارکہ

حضورِ اعلیٰ، عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، سلطانُ الاولیاء، فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرتِ مولانا، مولوی خواجہ خواجگان

حضرتِ خواجہ عبیداللہ الملتانی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نام ونسب:

حضورِ اعلیٰ، حضرتِ خواجہ مولانا عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادتِ با سعادت ۱۲۱۹ھ میں ہوئی۔

آپ کا نام نامی اسمِ گرامی ''عبیداللہ'' ہے اور آپ کا لقب ''مظہرِ کلماتِ حق'' مشہور ومعروف ہے۔

آپ کا سلسلہء نسب یوں ہے:

مولانا عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن مولانا محمد قدرۃ اللہ بن مولانا محمد صالح بن مولانا محمد داؤد بن مولانا یار محمد بن مولانا گل محمد بن مولانا محمد عبد القدوس بن مولانا محمد عبدالحق بن مولانا خدا بخش بن مولانا محمد عبدالغفور رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین۔

مولانا محمد قدرۃُ اللہ علیہ الرحمۃ کی بیعت بعض حضرات نے حضرت محبّ اللہ المتعال، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال ملتانی چشتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کی ہے۔

حضورِ اعلیٰ، حضرت خواجہ مولانا عبیداللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آباؤ اجداد سب علماء، صلحاء اور مقتدائے زمانہ گزرے ہیں، آپ کے آباء واجداد کے فضل وکمال کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ حضرتِ محبّ المساکین، فخر العاشقین، محبوب اللہ، حضرت ِ خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی مجالس میں اُن کے فضائل بیان

Marfat.com

فرمایا کرتے تھے۔

حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قومیت ''فقیر قادری'' مشہور و معروف ہے، حضور سیدی قبلہ مفتی محمد عبد الشکور ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل فرماتے ہیں کہ: حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے:

''میری قوم ''فقیر'' ہے اور اس کے ساتھ ''قادری'' کا اضافہ صرف اور صرف حضرت غوث پاک، پیر پیراں، محبوبِ سبحانی، قطبِ ربانی، حضرت الشیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت اور ان سے نسبت قائم کرنے کی وجہ سے کرتا ہوں''۔

حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

من غلامِ شیخ عبد القادرم

واز توجہ ہائے او من بافرم

(میں صدق دل سے) حضرت الشیخ ابو محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غلام ہوں اور میری تمام شان وشوکت اُنہی کی توجہاتِ روحانیہ کی مرہونِ منت ہے۔

ابتدائی حالات وکسبِ علم:

ابھی آپ چند دنوں ہی کے تھے کہ حضرت قبلۂ عالم و عالمیان، حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہم عصر اور سلسلہ اویسیہ کے باکرامت بزرگ جناب صاحب السیر حضرت الشیخ خواجہ محکم الدین سیرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملتان تشریف لائے تو آپ کے والدِ بزرگوار نے اُن کی دعوت کا اہتمام کیا اور اپنے نومولود فرزندِ دلبند کو اٹھا کر بغرض دُعا حضرت صاحب السیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں لے جا کر اُن

Marfat.com

کے دامن مبارک میں اُن کی نظرِ فیض اثر کے سامنے رکھ دیا۔

اس پر حضرت صاحب السیّر علیہ الرحمہ نے ارشاد فرمایا:

"مولانا قدرۃ اللہ! مُبارک ہو بچہ بہت سعادتمند ہے، اسکی مبارک پیشانی سے علم و فضل کا جو نور (میں) درخشاں دیکھتا ہوں، اِس کا اثر اِن شاءَاللہ العزیز سات پشتوں تک رہے گا"۔ (آپ کی یہ بات حرف بحرف صحیح ثابت ہوئی چنانچہ آج آپ کی ساتویں پشت ہماری نگاہوں کے سامنے ہے، اور حسبِ سابق علم کا فیضان جاری ہے جس سے تشنگانِ علوم سیراب ہو رہے ہیں اور امید ہے یہ سلسلہ آگے بھی جاری وساری رہے گا)

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چونکہ ایک علمی خاندان کے چشم و چراغ تھے اِس لئے جب آپ نے ہوش سنبھالا تو آپ کے والدِ ماجد نے اپنی زیرِ نگرانی تعلیم و تربیت شروع فرمائی۔

بچپن ہی میں آپ حفظِ کلام اللہ شریف سے مشرف ہوئے، پھر ابتدائی علوم اپنے پدرِ بزرگوار سے حاصل فرمائے۔

پدرِ بزرگوار کے انتقال کے بعد آپ ملتان شریف ہی میں مسجد "درس والی" واقعہ النگ دولت گیٹ میں استاذُ العصر، خواجہء خواجگان، فخرُ العاشقین، حضرت مولانا خواجہ خدا بخش صاحب ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہو کر تحصیل علم کرنے لگے، عرصہء دراز یہاں آپ اپنے برادرِ بزرگ کے ہمراہ زیرِ تعلیم رہے۔

پھر جب ملتان شریف پر سکھوں کا غلبہ ہوا تو آپ کے استادِ محترم خیر پور شریف ہجرت فرما گئے اور آپ کو ابھی علمِ حدیث و دیگر چند علوم میں کمال حاصل کرنا باقی تھا، چنانچہ آپ احمد پور میں حضرت خواجہ گل محمد احمد پوری علیہ الرحمۃ کی خدمتِ با

Marfat.com

برکت میں حاضر ہوئے اور کچھ عرصہ تک اُن سے علمِ حدیث پڑھتے رہے۔

یہاں آپ نے کچھ دن حضرت مولانا علی مردان اویسی رحمہ اللہ سے بھی استفادہ فرمایا جیسا کہ آپ نے کتاب ہذا المسمّٰی بہ ''سرِ دلبراں'' میں تحریر فرمایا ہے

مشرف بہ بیعت ہونا:

انھی دنوں میں حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کسی سلسلہ میں احمد پور تشریف لائے تو حضرتِ خواجہ گل محمد صاحب احمد پوری سے بھی ملاقات فرمائی۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خبر سنی تو اپنے استاذِ مکرم کی زیارتِ فیضِ بشارت کے لئے آپ کی بارگاہ میں حاضری دی۔ اُن دنوں حضرتِ محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کمالات و کرامات کا چرچا چہار دانگِ عالم میں پھیلا ہوا تھا، مشائخِ زمانہ میں آپ کو خصوصی اور منفرد مقام حاصل تھا۔ علم و عمل میں لاثانی مانے جاتے تھے، لہٰذا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی ملاقات میں حضرتِ محب المساکین، فخر العاشقین، محبوب اللہ حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہو گئے اور مشرف بہ بیعت ہو کر سلسلہء عالیہ چشتیہ بہشتیہ مرضیہ سے منسلک ہو گئے۔۔۔

خیر پور شریف روانگی:

حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت فانی فی اللہ، باقی باللہ حضورِ اعلیٰ خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مشرف بہ بیعت فرمانے کے بعد اپنے ساتھ ہی احمد پور سے خیر پور شریف ساتھ لے گئے۔

حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تحریر فرماتے ہیں:

جب میں پہلی بار اپنے پیر روشن ضمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کے لئے

Marfat.com

خیر پور شریف پہنچا تو مغرب کا وقت تھا، حضرتِ شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک پرانی چارپائی گھر سے اُٹھا کر لے آئے، پھر پہلی چارپائی کی طرح دوسری بھی لے آئے، شاید اس وقت آپ کے پاس ایسی ہی (پرانی) چارپائیاں تھیں اور خشک شلغم پختہ یا کوئی اور سبزی روٹی کے ساتھ بطورِ سالن بھی ساتھ لائے۔۔۔

خدمتِ مرشد میں انہماک:

خیر پور شریف میں علوم ظاہری کی تکمیل کے بعد متصل ہی باطنی علوم کی تحصیل کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔

شب و روز، سفر و حضر میں آپ اپنے مرشدِ کریم حضرت خواجہ خدا بخش صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ رہے اور اُن کی خدمت میں دن دیکھا نہ رات بلکہ ان کی خدمت ہی میں دونوں جہان کی سرخروئی سمجھی، طرفہ تر یہ کہ اس وقت آپ کم سن تھے لیکن خداداد صلاحیتیں اور خدمات دیکھ کر حاضرین دنگ رہ جاتے۔

آپ بارہ سال کا طویل عرصہ آستانہء عالیہ پر ریاضات و مجاہدات و خدمتِ مرشدِ کریم میں مصروف رہے اور پچیس سال کی عمر میں منصبِ خلافت سے ممتاز ہوئے، اس حساب سے جب آپ خیر پور شریف تشریف لائے ہوں گے تو آپ کی عمر صرف تیرہ برس ہوگی۔

یہ عمر [illegible] لیا ہے کہ اِس میں علومِ شرعیہ پر کافی دسترس حاصل کر لینے کے بعد [illegible] سلوک بھی طے کرنا شروع کر دیئے تھے۔

ان بارہ سالوں کا طویل عرصہ اس طرح گزارا کہ آپ کبھی بازار تک بھی اپنی مرضی سے نہ گئے، اگر حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت سے فرصت ملتی تو

ریاضت ومجاہدہ ودیگر وظائف میں مصروف ہوتے گویا فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَ اِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ (جب آپ فارغ ہوں تو ریاضت میں لگ جائیں اور اپنے رب کی طرف راغب ہو جائیں) کی مثال بنے رہے۔

نقل ہے کہ:

خیر پور شریف میں اقامت کا طویل عرصہ گزر جانے کے بعد ایک مرتبہ حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے اس منظورِ نظر مرید کو بازار کسی کام کے لئے بھیجا۔

آپ نے اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود بازار کا راستہ بھی نہ دیکھا تھا، مگر حسبِ ارشاد روانہ ہوئے، جب "چوک مچھلی لڑا" پر پہنچے تو آستانہ عالیہ کا راستہ بھول گئے، حیران و پریشان ہر جانب دیکھنے لگے کہ اچانک ایک ہاتھ آپ کے شانہء مبارک پر آلگا، دیکھا تو خود حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے، راہنمائی فرمائی اور غائب ہو گئے، جب آپ حاضر خدمت ہوئے تو ارشاد فرمایا:

عبید اللہ! راستہ بھول گئے تھے؟

عرض کی حضور! فداک رُوحی وقلبی مجھے خیر پور شریف میں آپ کے مصلّٰی شریف، آفتابہ مبارک و دیگر ضروری سامان اور پھر آپ کی ذاتِ گرامی کے علاوہ کسی چیز کا علم نہیں، مرشدِ کریم نے آپ کی اس مخلصانہ خدمت کو دیکھ کر اظہارِ مسرت فرمایا اور اپنی خصوصی توجہات سے نوازا۔

پیر و مرشد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ عشق ومحبت کا یہ رشتہ اتنا مضبوط تھا کہ حضرت فانی فی اللہ خواجہ عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے منظوم کلام میں اکثر مقامات پر اپنے تخلص "عبید" کے ساتھ حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نامِ نامی "خدا بخش" بھی ذکر

Marfat.com

فرماتے تھے۔ جیسا کہ "دیوانِ چراغِ عبیدیہ" میں ایک غزل کے آخری دو شعر ہیں۔

مرا یک جرعہ از خود یا خدا بخش   اگرچہ بندہ مست ایں شراب است

عبیدت جز توما واے ندارد   جگر بریاں ز ہجرت چوں کباب است

ترجمہ: اے خدا! (یا اے میرے مرشدِ کریم خدا بخش) مجھے اپنے عشق و محبت کی شراب کا ایک گھونٹ مزید عطا فرمایئے، اگرچہ آپ کا غلام اسی شراب نوشی کی وجہ سے پہلے ہی سے مست ہے۔ آپ کا "عبید" آپ کے بغیر کوئی جائے پناہ نہیں رکھتا اور آپ کے فراق میں اس کا جگر کباب کی مثل بھن چکا ہے۔

مرشدِ کریم کی کمال شفقت:

حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ:

لوگ کہتے ہیں میری اولاد نہیں ہے حالانکہ میں حق تعالیٰ جل شانہٗ کا شکر بجا لاتا ہوں کہ اُس ذاتِ پاک نے مجھے گیارہ اور ایک روایت کے مطابق فرمایا سات (روحانی) لڑکے عطا فرمائے ہیں۔

پھر آپ اپنے خلفائے کرام کے نام ذکر فرماتے، بعد ازاں خصوصی طور پر حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے میرے سب خلفاء میرے بدن کی مثل ہیں اور یہ مولوی صاحب ملتانی (حضور اعلیٰ رضی اللہ عنہ) میری روح کی مثل ہیں۔

حصولِ خلافتِ عظمیٰ:

حضرت فانی فی اللہ باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیر بھائی خواجہ خواجگان، زبدۃ العاشقین، حضرت مولانا امام بخش مہاروی علیہ الرحمۃ نے اپنی مایہ ناز تصنیف "گلشن ابرار" میں آپ کے بارے میں فرمایا ہے کہ:

Marfat.com

''برسوں پیر کی صحبت سے مستفید رہے، علومِ ظاہری وباطنی دونوں کی تکمیل کی، جب حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عشق ومحبت کا غلبہ اور اپنی تاثیرِ صحبت کا جذبہ اُن میں بدرجہء کمال پایا تو خرقہء خلافت سے ممتاز فرمایا''۔

بعض تذکرہ نگاروں نے حضرت فانی فی اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ''خلیفہء اعظم'' اور ''خلیفہء اول'' شمار کیا ہے، لیکن آپ کا خلیفہء اول ہونا کچھ صحیح معلوم نہیں ہوتا۔ کیونکہ آپ تقریباً ۲۵ سال کی عمر (۱۲۴۴ھ) میں مشرف بہ خلافت ہوئے اور اس وقت حضور محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر مبارک ۹۳ سال تھی۔

آپ کے متعدد خلفاء اس سے پہلے موجود تھے البتہ اتنا ضرور ہے کہ جب حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو ماذون بہ بیعت کیا تو اپنی نیابتِ کاملہ اور خلافتِ عظمٰی سے بھی نواز دیا کہ اس کے بعد حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کی موجودگی میں سلسلہ ُبیعت بند کردیا تھا جیسا کہ'' خاتمہ گلزار جمالیہ'' میں ہے، مزید تفصیل اسی کتاب'' سرِ دلبراں'' میں ہے۔

مخفی نہ رہے کہ حضور اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگرچہ ہر چہار سلاسل فقر (چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ، سہروردیہ) میں بیعت فرمانے کے مجاز تھے تاہم آپ نے اپنے مشائخِ عظام علیہم الرضوان کی موافقت میں بیعتِ عام کے لئے چشت اہل بہشت کے طریقہ کو اختیار فرمایا اور اسی سلسلہء عالیہ ہی کی ترویج واشاعت میں کوشاں رہے۔

''مراۃ العاشقین'' میں ہے کہ حضرتِ شمس العارفین، خواجہ شمس الدین سیالوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (مرشدِ گرامی حضرتِ پیر مہر علی شاہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی

Marfat.com

بارگاہ میں کسی نے عرض کی کہ: خاندانِ نقشبندیہ میں سلوک کی بنیاد لطائف پر ہے اور آپ کے خاندانِ چشتیہ میں کیا معمول ہے؟ اس پر حضرت خواجہ سیالوی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ:

''ایک زاہد شخص حضورِ اعلیٰ حضرت مولوی عبیداللہ صاحب ملتانی (معلوم رہے کہ اس وقت آپ بقید حیات تھے) کی خدمت میں گیا اور خواہش ظاہر کی کہ حضور! مجھے لطائف والا طریقہ ارشاد فرماویں تو حضرت مولوی صاحب (حضورِ اعلیٰ، فانی فی اللہ، باقی باللہ، خواجہ عبید اللہ) ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

''من طالب لَطیفَم نہ طالب لطائف''

یعنی میں لطیف (ذات باری تعالیٰ) کا طالب ہوں نہ کہ لطائف کا۔

ملتان جنت نشان میں آمد:

بارہ سال کا دراز عرصہ آستانِ ناز پر جبین نیاز ملنے کے بعد مقام ولایت کے حصول پر جب آپ خرقۂ خلافت سے ممتاز ہوئے تو ایک عرصہ تک خیر پور شریف ہی میں مقیم رہے کیونکہ حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہونے والوں کو تلقین وارشاد کی مکمل ذمہ داری آپ ہی پر عائد تھی۔

ترویج و اشاعتِ سلسلہ کیلئے حضرت محبوب اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مناسب سمجھا کہ حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے وطن میں قیام پذیر ہونے کے علاوہ سفر کے ذریعہ اس کام کو رونق بخشیں اور جو فیض ان کو پہنچا ہے اُسے دوسروں تک پہنچائیں، چنانچہ حضرتِ اقدس (حضرتِ خواجہ خدابخش صاحب ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی طرف سے جہاں ملتان آنے کی اجازت ملی وہاں اپنے محبوب خلیفہ کو یہ بھی تلقین کی گئی کہ جھنگ کا علاقہ ان دنوں خالی ہے یعنی کوئی صاحب ولایت وہاں اپنے روحانی تصرف

Marfat.com

سے فریضہ تبلیغ ادا نہیں کر رہا لہٰذا آپ ملتان کے علاوہ جھنگ میں بھی آمد و رفت رکھیں تاکہ محروم باشندگان مستفید ہوں۔

مرشدِ کریم کا اشارہ پانے کے بعد اگرچہ سب سے پہلے آپ نے اپنے آبائی وطن ملتان دارالامان کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے نوازا تاہم جھنگ میں بھی آمد و رفت رکھی۔

معمولاتِ مبارکہ:

آپ کے معمولات میں سے تھا کہ آپ اپنے اوقات کی بڑی حفاظت فرماتے تھے، فضول کاموں فارغ رہنے اور فارغ رہنے والوں کو بالکل پسند نہ فرماتے۔

آپ نے اپنے اوقات کو تقسیم کیا ہوا تھا، مثلاً درس و تدریس کا وقت، ورد و وظائف، تلاوتِ کلام اللہ شریف، تلقین و ارشاد اور تصنیف و تالیف کا وقت، ایک کام کے وقت میں دوسرا کام نہ فرماتے۔

مغرب اور عشاء کی نماز کا درمیانی وقت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وظیفہ اسم ذات کے لئے مختص کیا ہوا تھا مکمل توجہ انتہائی یکسوئی، فراغ دلی اور تلفظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ "یا اللہ" تین ہزار گیارہ مرتبہ پڑھتے۔

خاندان عبیدیہ کی آن حضور سراپا نور حضرت مولانا مفتی محمد عبدالشکور صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے جدامجد مفتی اعظم حضرت مولانا محمد عبدالعلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل فرماتے ہیں کہ وہ ارشاد فرماتے تھے کہ میں نے اپنے جدامجد حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس وظیفہ کو وقت کی پابندی کے ساتھ بڑی پابندی سے ادا فرماتے دیکھا اور یہ بھی ارشاد فرماتے سنا کہ اگرچہ حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وظیفہ اسم

Marfat.com

ذات ''یااللہ'' کی مقدار چوبیس ہزار گیارہ مقرر کی ہوئی تھی مگر میں اس کی طاقت نہیں رکھتا، اگر تلفظ کی صحیح ادائیگی کے ساتھ فراغ دلی سے پڑھوں تو میرے لئے یہی مقدار یعنی تین ہزار گیارہ مرتبہ ہی کافی ہے---

قرآنِ پاک کی تلاوت کے علاوہ حدیث شریف کی کتاب ''مشارق الانوار'' کو بطور ہفت منزل یا تیس پارہ تقسیم فرما کر روزانہ پڑھنے کا معمول تھا۔

اس کے علاوہ ختمِ سرّی، ختم خواجگان، سلاسلِ اربعہ، دلائل الخیرات، اسبوع شریف، اسمِ ذات، اسماء حسنٰی و اسماء گرامی حضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام و دیگر وظائف معمول بہ مشائخِ چشت اہلِ بہشت پر ہمیشگی فرمانے کے ساتھ ساتھ کلمہ شریف، درود شریف، استغفار کلمہء تمجید و اَدعیہ ماثورہ سے آپ رطب اللسان رہتے---

ان وظائف کے علاوہ پاسِ انفاس، نفی و اثبات اور مراقبہ جیسے اشغال میں بھی ہر دم مشغول رہتے، گویا شب و روز کا ہر حصہ بے ریا خالصۃً للہ اطاعتِ الٰہی میں گزارتے---

مخصوص ایام اور مہینوں میں مخصوص اوراد و وظائف کی بھی پابندی فرماتے مثلاً رمضان المبارک میں تلاوتِ کلام اللہ شریف، ربیع الاول شریف میں درود شریف، رجب المرجب میں استغفار کی کثرت فرماتے اور ان سب کی ادائیگی میں اخفائے حال کی مکمل کوشش فرماتے---

آپ وضو اور غسل کے لیے نہری یا جاری کنویں کا پانی استعمال فرماتے، اسی طرح پینے کے لیے دریائی پانی استعمال فرماتے آپ کا یہ معمول از راہِ تقویٰ تھا کہ دریائی پانی بالاتفاق پاک و طاہر ہوتا ہے۔

Marfat.com

تقویٰ ہی کی بنا پر آپ ہر کسی کی دعوت قبول نہ فرماتے۔

آپ دن میں صرف ایک بار اور صرف ایک قسم کا کھانا تناول فرماتے اور لکھ لیتے کہ آج میں نے اتنا کھایا پھر چند دنوں یا ہفتوں کے بعد نفس کو تنبیہ کی خاطر وہ لکھا ہوا سامنے رکھتے اور فرماتے اتنا اتنا سامان تو کھا گیا ہے روزِ محشر کیسے حساب دے گا۔ سبحان اللہ! اسی طرح سے تقویٰ کی زندگی گزارنے والے اور یہ خوفِ آخرت!

یہ بھی منقول ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگر دو چار مختلف قسموں کے کھانے دیکھتے تو نفس کی گوشمالی کے لیے انہیں ایک ہی برتن میں جمع فرما کر استعمال فرماتے تاکہ نفس علیحدہ علیحدہ ذائقہ چکھنے کی لذت سے محروم رہے اور سرکش نہ ہو۔

نقل ہے کہ دَورانِ سفر آپ اپنا طعام اپنے ہمراہ رکھتے تاکہ ہر کس و ناکس کے گھر کا پکا ہوا کھانا کھانے سے محفوظ رہا جائے۔

دورانِ سفر اور اخیر عمر پیرانہ سالی میں آپ کو بھت یا کھیرنی یعنی نرم نرم چاول دُودھ میں پکے ہوئے بہت پسند تھے، سفر میں آپ یومیہ تقریباً ایک چھٹانک چاول اور اتنی مقدار دال کی گھی میں پکا کر تناول فرماتے۔

اکثر اوقات دودھ بغیر چینی ملائے استعمال فرما لیتے اور ارشاد فرماتے چینی، ملا دودھ پینا گویا، شربت نوشی کرنا ہے نہ کہ دُودھ پینا، یہ بھی فرماتے اگر چینی والے دُودھ کو پینے کے دَوران سوال کیا جائے کہ کیا پی رہے ہو؟ اور کہہ دوں کہ "دودھ" تو ممکن ہے جھوٹ شمار ہو کیونکہ دودھ چینی استعمال ہو رہا تھا نہ کہ فقط دودھ۔ سبحان اللہ! یہ احتیاطیں خواص ہی کو زیبا ہیں۔

لباس و خوارک میں آپ کی سادگی ضرب المثل ہے، اپنے لیے خصوصی قسم کا

Marfat.com

لباس وغیرہ ہرگز نہ بنواتے۔

آپ عموماً سفید لمبا کرتہ بغیر جیب کے، چھوٹے عرض کی نیلی چادر اور چہار ترکی ٹوپی زیبِ تن فرماتے۔

گرمیوں میں بعض اوقات کرتہ کی بجائے صرف سفید رومال سر سے گزار کر شانوں پر ڈال لینے کا معمول تھا۔ لباس کو پیوند بھی خود ہی لگا لیتے۔

چمڑے کی سادہ نعلین زیبِ پا فرماتے اور دستِ مبارک میں عصا رکھتے۔

آپ جس چار پائی پر آرام فرماتے وہ اس قدر مختصر ہوتی کہ آپ پاؤں مبارک پوری طرح پھیلا بھی نہیں سکتے تھے۔ اور ارشاد فرماتے کہ پاؤں پھیلا کر سونا غفلت میں ڈالتا ہے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رات کو ایک نیند سوتے یعنی پہلی نیند کے بعد جب بھی بیدار ہوتے یادِ الٰہی میں مشغول ہو جاتے اور فرمایا کرتے ضرورت کی نیند وہی ہے جو پہلی مرتبہ آجائے آنکھ کھلنے کے بعد پھر سو جانا غافلین کا طریقہ ہے۔

آپ کا معمول تھا کہ اُمراء و فقراء کسی کی آمد پر قیام نہ فرماتے۔ آپ کبھی امراء سے مرعوب نہ ہوتے اور نہ ہی حق گوئی سے آپ کو کوئی چیز مانع تھی۔

آپ کبھی کبھی شرائط کی پابندی کے ساتھ پیرانِ سلسلہ عالیہ کی اتباع میں سماع محض اور غناء یعنی سماع بالمزامیر سے بہرہ مند ہوتے۔

نوافل میں نمازِ تہجد، اوابین اور حفظ الایمان پر دوام حاصل تھا، نوافل کی ادائیگی میں اخفاء فرمایا کرتے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا معمول تھا کہ ہر جمعرات آپ مجلسِ وعظ قائم فرماتے

Marfat.com

طلباء اور شاگردوں کے علاوہ سالکین طریقت بھی دُور و قریب سے جمع ہو جاتے، اور آپ کے پُر حکمت کلام سے محظوظ ہوتے۔

پیران کبار سلسلہء عالیہ کے اعراسِ مبارکہ پر آپ دل و جان سے حاضر ہوتے، محافلِ سماع میں شرکت فرماتے اور انتظامی اُمور میں حصہ لیتے۔

حضرت محبوب اللہ خیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عرس پاک پر تا حیات بڑی پابندی سے حاضری دیتے رہے۔

دورانِ سفر جہاں کہیں اولیاء کرام کے مزارات ہوتے وہاں بھی حاضری کا شرف پاتے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر اسفار بذریعہ پالکی فرمایا کرتے یہی وجہ ہے کہ آپ ''پیر خاصے والے'' کے نام سے مشہور ہیں۔

آپ نے سواری کے لیے گھوڑا اونٹ یا دودھ کے لیے گائے بھینس کبھی بھی اپنے گھر میں نہیں رکھی کیونکہ جانوروں کے حقوق کا سخت خیال رہتا تھا۔

ایک مرتبہ آپ نے اپنے صاحبزادے حضور خواجہ عبدالرحمٰن عربی غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دولت خانے پر ایک جانور بندھا ہوا دیکھا تو ارشاد فرمایا:

بیٹا عبدالرحمٰن اگر دن میں ستر مرتبہ پانی دکھانے کی قدرت رکھتے ہو تو بیشک اسے باندھے رکھو ورنہ اس کی بددعا سے تمہیں نقصان کا خدشہ ہے۔

ناموں میں وہ اسماء گرامی جن میں عبودیت کا اظہار مثلاً عبداللہ عبدالرحمٰن جو مطابق حدیث شریف بہترین اسماء ہیں آپ کو پسند تھے اس لئے آپ نے اپنی اولاد امجاد کے نام اسی طرز پر تجویز فرمائے آپ کے خلیفہ مجاز مولانا عبدالرحمٰن خیر پوری کے

Marfat.com

ہاں جب بیٹا پیدا ہوا تو وہ نام پُوچھنے کے لیے حاضر ہوئے آپ نے فرمایا عبدالرحمٰن کا لڑکا عبدالرحیم "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" گویا سند بھی ساتھ پیش فرمادی۔

سونے سے پہلے آپ کے معمولات شریفہ میں سورۃ "الم سجدہ" سُورۃ "الدخان" اور سورۃ "ملک" کی تلاوت کرنا بھی نقل کیا گیا ہے۔

تقبیلِ ابہامین:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورِ پرنور سیدِ یومُ النشور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نامِ نامی واسم گرامی سنتے وقت عموماً اور خصوصاً اذان واقامت میں نامِ اقدس کے سننے پر سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنت پر عمل فرماتے ہوئے انگوٹھے چومتے۔ چنانچہ حضرتِ فانی فی اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی مجلس میں (دورانِ اذان) انگوٹھے چومے تو کسی شخص نے آپ سے سوال کیا کہ پہلی شہادت (اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ) پر کوئی اظہارِ محبت نہیں کیا جاتا مگر دوسری شہادت (اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہ) مؤذن سے سنتے ہی ساری مجلس حرکت میں آجاتی ہے آخر کیا سبب ہے؟

آپ نے اس شخص کو بتقاضائے "کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِھِمْ" (کہ لوگوں سے ان کے عقل کے مطابق گفتگو کرو) بجائے نقلی دلائل پیش فرمانے کے صرف اتنا فرمایا کہ:

"میاں! ربِ ذوالجلال کی ذاتِ گرامی کو تو ہر کوئی حتّٰی کہ کافر بھی تسلیم کرتے ہیں اور کسی نہ کسی نام سے یاد کرتے ہی ہیں اسی لئے شہادتِ اولیٰ پر کوئی تغیر عوام میں رونما نہیں ہوتا لیکن کسی مجلس میں ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ایمان بالرسالت کے ساتھ کون کون متصف ہے تو جو بھی نامِ نامی سن کر لذت پائے سر جھکاتے ہیں اور سنتِ

صدیقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر عمل پیرا ہو کر انگوٹھے چومتے ہیں تو ہم سمجھ لیتے ہیں کہ یہ ایمان بالرسالت کے قائل ہیں، یعنی محبت رسول معظم شفیع مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم میں سرشار ہونے کے سبب گویا ایمان کامل رکھتے ہیں۔

دنیا سے بے نیازی:

جو معتقد ہر ہر ملاقات پر کچھ نذر پیش کرنے کی کوشش کرتا آپ اُسے فرماتے:

''میاں ٹھک نہ بنڑا، ٹھک نہ بنڑا،''

ٹھک بزبانِ ملتانی بمعنی عادت استعمال ہوتا ہے یعنی اس کام کی عادت نہ بنا۔

مزید ارشاد فرماتے کہ ہر بار کچھ نہ کچھ لینے سے توکل میں کمی واقع ہوتی ہے کہ دیکھتے ہی خیال آتا ہے فلاں آیا ہے تو فلاں چیز دے گا اور اس طرح تمہارے لئے بار بار آنے میں رکاوٹ بھی ہوگی کہ سوچو گے اب ملاقات کو جاؤں تو پہلے اتنی رقم کا بندوبست کروں، بہرحال دونوں کے لئے یہ عادت مناسب نہیں نہ تمہارے لئے ہر بار دینا نہ میرے لئے ہر بار لینا۔۔۔

یہ بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مستقل عادت تھی کہ نذر گزارنے والے سے اُس کا ذریعہ مُعاش دریافت فرماتے، اگر اُس کی آمدوجہ حلال سے ہوتی، بدمذہب اور سودخور نہ ہوتا تو پھر قرض کی بابت سوال فرماتے اگر وہ مقروض ہوتا تو اُس کی بھی نذر قبول نہ فرماتے بلکہ بعض دفعہ ازگرہ خود اس کی امداد فرماتے اور دعائے خیر فرما کر اُسے ادائیگیء قرض کی سخت تنبیہ فرماتے کہ مجھے دینے سے بہتر ہے کہ قرض کا بوجھ اپنے سر سے اتارو، اسی طرح جس مال میں یتیم کا حق ہوتا وہ بھی قبول نہ فرماتے۔۔۔۔

Marfat.com

اسی طرح ہمسایوں اور رشتہ داروں کے حقوق کے بارے میں بھی سوال فرماتے اگر اُن میں کوئی مستحقِ امداد و حاجت مند ہوتا تو پہلے اُس کی امداد کا حکم فرما کر ارشاد فرماتے.

''تو نے اس بوجھ سے خود کو آزاد کر کے مجھے زیر بار کر دیا ہے کہ اس رقم کا سوال روزِ قیامت تجھ سے ہوتا اب مجھ سے اِس کی پرسش ہوگی'' گویا آمد پر اظہارِ ملال فرماتے۔

ایک مرتبہ ملتان کے ایک مشہور نواب ایک ھمیانی میں رقم بھر کر حضور اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں لائے۔ آپ اُس وقت چار پائی پر آرام فرما تھے، انہوں نے وہ ھمیانی آپ کی پائنتی کی طرف رکھ کر نذر قبول کرنے کی درخواست کی۔

آپ نے بلا تامل اُس ھمیانی کو پاؤں مبارک سے ٹھوکر مار کر نیچے گرا دیا اور فرمایا ''غریبوں پر ظلم اور انگریز حکام کی خوشامد سے جو مال تمہیں حاصل ہوا وہ تمہارے لئے بھی حرام اور میرے لئے بھی حرام ہے، خود بھی حرام کھاتے ہو اور مجھے بھی حرام کھلاتے ہو، میں اس میں سے ذرہ بھر بھی قبول نہ کروں گا'' چنانچہ یہ کلماتِ حقہ سن کر وہ شرمندہ واپس چلے گئے۔

ایک دفعہ کوئی رئیسِ کبیر کثیر رقم لے کر خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اور نذرانہ پیش کر کے کہنے لگا ''نذرانہ لے لیں اور میرے لئے دعا فرمادیں کہ میرے ہاں لڑکا پیدا ہو'' آپ نے رقم واپس فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''میں نے خدا سے ٹھیکہ تو نہیں کیا کہ نذرانہ لوں اور لڑکا دلواؤں''

کسی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حج نہ فرمانے کا سبب دریافت کیا تو فرمایا:

Marfat.com

ربِ ذوالجلال نے مجھ پر فرض ہی نہیں فرمایا، باقی رہا زیارتِ حرمین شریفین زادھما اللہ تعالی تعظیماً وتشریفاً کہ ہر مسلمان کو اُن کی زیارت کا دلی شوق ہوتا ہے تو (دست مبارک سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ) یہ ہے حرمِ مکہ اور یہ ہے حرمِ مدینہ علیٰ صاحبما الصلوۃ والسلام۔

حضرت قبلہء عالم وعالمیان خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرزندِ ثانی امام الصلحاء حضرت خواجہ نور احمد مہاروی علیہ الرحمۃ کا زمانہء سجادگی حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پایا۔ حضرت صاحبِ سجادہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے شاہزادگان کے ساتھ ملتان جنت نشان بر موقع عرسِ مبارک حضرت محب اللہ المتعال، خواجہ حافظ محمد جمال ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لاتے تو حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُن حضرات کی اپنے دولت خانہ پر دعوت فرماتے یا خانقاہ شریف پر مشرف بزیارت ہوتے تو تمام شاہزادگانِ مہاروی کو نصف نصف روپیہ نذر گزارتے۔

ایک مرتبہ حضرات مہاروی نے نذر قبول فرماتے ہوئے آپ کو ارشاد فرمایا کہ "مولانا صاحب! ہمیں اچھی طرح معلوم ہے کہ آپ کی آمد کس قدر وجہ حلال سے ہوتی ہے اور آپ کس قدر تحقیق کے بعد ہدایا قبول فرماتے ہیں اس لئے ہم آپ کی نذر علیحدہ رکھ کر شمار کرتے رہتے ہیں، ہم میں سے کوئی کہتا ہے کہ اب میرے پاس حضرت مولانا صاحب ملتانی کی نذر کے چار نصف روپے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ پانچ ہیں الغرض ہم آپ کی طرف سے ہدیہ بطورِ فخر قبول کر کے علیحدہ رکھ لیتے ہیں اور ہم نے وصیت کر رکھی ہے کہ ہمارے کفن دفن پر اِس حلال رقم سے خرچ کیا جائے" چنانچہ آپ یہ سن کر آداب بجالائے۔

حضور خواجہ شمس الدین سیالوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی اولاد کو تاکید فرمایا کرتے

تھے کہ "جب کبھی آپ کے علاقہ سے حضورِ اعلیٰ، حضرت فانی فی اللہ مولانا عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پالکی مبارک گزرے یا قرب و جوار میں تمہیں اُن کے قیام کا پتہ چلے تو تم ضرور اُن کی صحبت و زیارت سے مستفیض ہوا کرو" پھر آپ کے فضائل بھی ارشاد فرمایا کرتے سچ ہے۔

"ولی را ولی می شناسد"

یعنی ولی کو ولی ہی پہچانتا ہے

سبحان اللہ! شمس العارفین ہی کیا، اُن کے پیر و مرشد خواجۂ خواجگان قبلہ شاہ محمد سلیمان تونسوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جناب میں بھی آپ کو خصوصی مقام حاصل تھا، جیسا کہ "فوز المقال فی خلفائے پیر سیال" کی اِس عبارت سے ظاہر ہے۔

"حضرت خواجۂ خواجگان قبلہ شاہ محمد سلیمان تونسوی قدس سرہٗ ملتان شریف میں خواجہ عبید اللہ ملتانی قدس سرہٗ کے ہاں تشریف فرما تھے، حضرت قبلہ شمس العارفین بھی اس سفر میں ہمراہ تھے، مسجد کے ایک جانب حضرت قبلہ تونسوی اور دوسری جاب حضرت شمس العارفین بیٹھے تھے۔

خواجہ عبید اللہ ملتانی نے حضرتِ خواجہ شمس العارفین سیالوی کو فرمایا: "آپ درود کبریتِ احمر بھی پڑھا کریں"۔ حضرت خواجہ شمس العارفین نے جواباً فرمایا: "میں تو وہی کچھ پڑھوں گا جو میرے پیر و مرشد فرمائیں گے"۔ حضرت قبلہ ملتانی نے فرمایا اُن سے عرض کر دیتے ہیں۔ چنانچہ اُن کی خدمت میں عرض کیا گیا تو آپ نے درود کبریتِ احمر پڑھنے کی اجازت عطا فرمائی، یہی وجہ ہے کہ حضرت خواجہ شمس العارفین کے تمام خلفاء میں درود کبریتِ احمر شاملِ وظائف ہے۔

Marfat.com

نقل ہے کہ کسی نے آپ سے پاک پتن شریف میں موجود ''بہشتی دروازہ'' کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''میری نظر میں حضرت بابا فریدالدین محمد مسعود گنج شکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آستانہء عالیہ پر موجود صرف دروازہ مبارک ہی ''بہشتی دروازہ'' نہیں بلکہ ہر بزرگ کامل ولی کا مکمل آستان بہشتی دروازہ ہوتا ہے۔''

ایک دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا ''اگر پاک پتن شریف کو کوئی اِس فقیر عبیداللہ کی نگاہ سے دیکھے تو وہاں کا ہر ٹیلہ بہشتی ٹیلہ ہے''۔

مذاہبِ باطلہ کے خلاف قلمی جہاد:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چونکہ بلحاظِ مسلک صحیح العقیدہ اہل سنت والجماعت حنفی المذہب تھے اس لئے جہاں اپنے متوسلین کو سود خوروں، بے نمازیوں، مشرکوں، جاہل صوفیوں اور دنیا دوست علماء کی صحبت سے دور رکھنے کی کوشش فرماتے وہاں فرقہء وہابیہ ضالّہ، باطلہ، نجدیہ وغیرہ کی صحبت سے بھی بچنے کی سخت تاکید فرماتے۔

اس ضمن میں یہ بھی ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ:

''اگر میں کسی وہابی کو دیکھ بھی لوں تو چالیس دن تک اس کی نحوست کی وجہ سے ورد و وظائف میں ذوق نہیں رہتا''

چنانچہ ''مثنوی تذکرۃ عبیدیہ'' میں ہے

نیز فرمودہ کہ ایں وہّابیاں اہلِ ضلال
دشمنِ حق اندھم پیغمبراں بے قیل وقال

Marfat.com

بس رسائل کرد ردِّ مفسدان نظم ونثر

از حضورش چوں خراں برونداز شیرانِ نر

ایں چنیں فرمود آں قطبِ زماں باہر کسے

تقویۃ ایمان شاں تخریبِ ایمان بیشکے

زینت الاسلام شاں ریبۃ اسلام دان

طاعن پیشیاں ایں روبہا آخر زمان

گفت من ہستم برائے مومنان ایں زماں

چوں سپر از بد مذاہب خلق را کہف اماں

ترجمہ: حضرت فانی فی اللہ، باقی باللہ، مولانا عبید اللہ ملتانی چشتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: یہ گمراہ وہابی بے شک اللہ تعالیٰ اور پیغمبروں علیہم السلام کے دشمن ہیں۔

آپ نے اِن کے ردّ میں نظم ونثر میں بہت رسالے تصنیف فرمائے، یہ وہابی آپ سے ایسے ڈرتے ہیں جیسے گدھے شیروں سے۔

قطبِ زماں ہر شخص سے (بلاخوف وخطر) یوں ہی فرماتے کہ ان کی کتاب ''تقویۃ الایمان'' بے شک ''تخریب الایمان'' (ایمان کو قوت دینے کی بجائے خراب کرنے والی) ہے۔

اور کتاب ''زینۃ الاسلام'' ''ریبۃ الاسلام'' (اسلام میں شک ڈالنے والی ہے نہ کہ زینت بخشنے والی) ہے، یہ اس زمانہ کی لومڑیاں ہوکر اپنے سے پہلے ہونے والے بزرگوں پر طعنے مارتے ہیں۔

آپ نے (تحدیث بالنعمۃ کے طور پر) فرمایا میں اس زمانہ کے مؤمنوں کے

Marfat.com

لئے بدمذہبوں کے حملوں کا دفاع کرنے کے لئے ڈھال اور مخلوقِ خداوندی کے لئے پناہ گاہ ہوں۔

کاٹھ دی گُنی

حمد خدادا آکھاں ہردم، کیتس اسانوں سُنی
رافضی خارجی ناں بنڑایا وہابی کاٹھ دی گُنی
بھیڑے لوک وہابی ہن، اے دل دے اہن بد
ظاہر شکلاں صاف ڈسیون، اندر انہاندے گِد
وچ دریہنہ فساد کیتو نے مکہ مدینہ طائف
سب کوں مشرک سڈدے راہے ہوندے راخائف
فخر وڈائی عجب اوہنا ہا موجب دشمنی نیکاں
نفس اپنے دے دوست راوا ئم رکھن نفس تے ٹیکاں
اسمٰعیل وی ڈاڈا اس دا چنگیاں اُتے طعن
رسم انہاندی ہائی ایہا نسبت کفر تے طعن
پر پوتا ودھیا ڈاڈے کولوں اپنا نام ودھائیس
وچ عرب دے 'ملحد ہندی' اپنا نام دُھرائیس
تلوار زبان دی نال قلم دے خرم علی بھی ماری
کیندا کیندا ناں میں لیواں رسم ایہا ہے جاری
لَا یَتَّخِذُوْا سَبِیْلًا پڑھ توں اِتَّخِذُوْہُ سَبِیْلًا
نفس اپے نوں ٹھل زبان بھی ہجو اُپڑھ جمیلا

Marfat.com

مہلت ڈے اونہاں نوں تھولی کمَهّلهُمْ قَلِيْلا

اللہ ہے وکیل اساڈا اِتَّخِذْهُ وَكِيْلا

وَاصْبِرْ كما صَبَرَ قرآن اندر صبر دا اجر جمیل

اے عبیدؔ تُوں کیا کر سکدا اُسے سبتل ہے تمام

کرامات:

جامع کمالات ِظاہریہ و باطنیہ، عارفِ باللہ، محرمِ اسرار اللہ، حضرت فانی فی اللہ، باقی باللہ، مولانا عبید اللہ ملتانی چشتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے باوجود اخفاء کرامت کی کوشش کے متعدد کرامات کا ظہور رہا۔

''مثنوی تذکرہ عبیدیہ'' کے مصنف اور حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خادمِ خاص مولانا الٰہی بخش صاحب علیہ الرحمۃ کے فرزندِ دلبند جناب حاجی محمد عبدالرحمٰن صاحب مرحوم جو انتہائی نیک صورت و نیک سیرت اور خوش طبع آدمی تھے (نمازِ جمعہ تازیست بڑی پابندی سے مسجد رحمانیہ میں خاندان عبیدیہ کی آن حضور قبلہ مولانا محمد عبدالشکور ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اُن کے پیر بھائی بھی تھے کی اقتداء میں ادا کرتے رہے) اکثر یہ قصہ بیان کرتے تھے کہ:

''میرے والد ماجد بزرگوار سنایا کرتے تھے کہ میرا ایک دوست ملتان چھاؤنی میں رہتا تھا، ایک روز از راہِ دوستی دورانِ گفتگو میں نے اُس سے پوچھ لیا کہ تمہاری بیعت کن بزرگوں سے ہے؟ تو اس نے کہا: ابھی تک کسی سے بیعت نہیں ہوا البتہ یہ ارادہ پختہ ہے کہ جس پیر صاحب نے حق تعالیٰ جل شانہ کے جمال بے مثال کے دیدارِ فیض آثار سے مشرف کرایا اُنہی کا مرید ہو جاؤں گا۔

یعنی جس نے اللہ تعالیٰ کی زیارت کروادی اسی سے روحانی رشتہ قائم کروں گا، چنانچہ میں اُسے اپنے پیر روشن ضمیر حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں لے آیا۔

آپ چارپائی پر تشریف فرماتھے، میں بھی آکر ساتھ بیٹھ رہا اور عرض کی کہ میرا یہ دوست اس شرط پر مرید ہوتا ہے کہ آپ اِسے اللہ تعالیٰ جل شانہ کا دیدار کروادیں۔

یہ سنتے ہی آپ کا جمال جلال میں بدل گیا اور اس دوست کی طرف مخاطب ہوکر فرمایا کہ میاں! کیاتم نے یہ بات کہی ہے؟ اس نے عرض کی جی ہاں! چنانچہ آپ نے فوراً فرمایا:

"مجھ فقیر عبید اللہ ہی کو پہلے آنکھ بھر کر دیکھ لے (اگر تسلی ہو جائے تو ٹھیک ورنہ بقیہ تشنگی بھی دور کر دیں گے) اور یہ فرماتے ہی آپ نے خود کو بے حجاب فرمادیا۔ یعنی وہ برقعہ اتار دیا جس کے متعلق کہا گیا ہے۔

برقعہ بر رخسار پوشیدہ عبید اللہ شدی

صد ہزاراں خفتہ دل را بخت بیدار آمدی

لہٰذا اُس نے آنکھ بھر کر دیکھنے کی جسارت کی تو معاً دیکھتے ہی اوندھے منہ گر گیا اور کافی دیر بے ہوش رہا، جب ہوش میں آیا تو اپنی شرط سے رجوع کرتا ہوا قدمبوس ہوا۔

آپ نے فرمایا میاں! جب مجھ فقیر کو (بے حجابی کی حالت میں) دیکھنے کی قدرت واہلیت نہیں تو رب تعالیٰ جل مجدہ کو دیکھنے کی تمنا کیسے کی (جس نے اپنی ذات پاک کے بارے میں خود قرآن مجید میں فرمایا لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ.

Marfat.com

ترجمہ: نہیں گھیر سکتیں اُسے نظریں اور وہ گھیرے ہوئے ہے سب نظروں کو)۔ پھر اُس نے بیعت کی، آپ نے قبول فرما کر مشرف بہ بیعت فرمایا۔

ایک دوسری روایت یوں ہے کہ کسی انگریز افسر کی بگھی چلانے والا ملازم آنحضور قبلہ فانی فی اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غلام تھا جو ایک دن پریشانی کے عالم میں بیٹھا آپ کی مٹھیاں بھر رہا تھا، آپ نے پوچھا میاں! آج پریشان کیوں ہو؟

عرض کی حضور! میرا افسر کہتا ہے جو مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ کی زیارت کرائے گا اسی کے ہاتھ پر اسلام قبول کروں گا۔

آپ نے فرمایا: اُسے لے آؤ، چنانچہ وہ لے آیا تو حاضر ہونے پر آپ نے اُس کی طرف انگلی مبارک سے اشارہ کرتے ہوئے پوچھا یہی شخص ہے جو اپنے اسلام کو حق تعالیٰ جل شانہ کی زیارت سے مشروط کرتا ہے؟ تو آپ کے محض اشارہ فرمانے پر ہی وہ بے خود ہوکر لوٹ پوٹ ہونے لگا، کافی دیر بعد جب ہوش میں آیا تو مشرف بہ اسلام ہوا۔

قلبی خطرہ پر مطلع ہونا:

ساھیوال ضلع جھنگ کا ایک بافندہ (یعنی کپڑا بننے والا) محمد حامد نامی آپ کا معتقد تھا، ایک دفعہ عازم ملتان جنت نشان ہونے لگا تو ایک کپڑا اپنے ہمراہ لیا بہ ایں ارادہ کہ ملتان میں تقریباً ایک روپیہ تک بہ آسانی فروخت ہو جائے گا تو آدھا روپیہ حضرت فانی فی اللہ باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نذر گزاروں گا اور بقایا رقم سے گھریلو ضرورت کا سامان خرید کروں گا۔

چنانچہ جب وہ ملتان شریف پہنچا تو ان دنوں حسن اتفاق سے کپڑے کے نرخوں میں کافی اضافہ ہو چکا تھا لہٰذا وہ کپڑا ایک روپیہ کی بجائے دو روپے کے عوض

Marfat.com

فروخت ہوا۔فرطِ مسرت سے اس نے بوقتِ قدمبوسی حضرت فانی فی اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آٹھ آنہ کی بجائے ایک روپیہ بطورِ نذر پیش کیا، آپ نے اپنے قلمدان سے آٹھ آنے نکال کر واپس عنایت فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: کہ جو ارادہ جھنگ میں کیا تھا اسی پر کار بند رہو، اب میرا اس سے زائد حق نہیں بنتا بقایا رقم اپنی گھریلو ضرورت کی اشیاء میں صَرف کرو۔

دریا کا رُخ بدل جانا:

نقل ہے کہ بستی مراد آباد (ضلع مظفر گڑھ) کے متوسلین و معتقدین نے آپ کی دعوت کی تو آپ وہاں تشریف لے گئے، پہنچنے پر تمام لوگ ستاروں کی مثل ماہِ کامل کے گرد جمع ہو گئے، پھر آپ کی پالکی شریف اُٹھائی اور دریا کے کنارے لے جا کر رکھ دی پھر عرض کرنے لگے حضور! دَریا کا رُخ روز بَروز ہماری زمینوں اور مکانات کی طرف پھرتا جا رہا ہے جس سے ہمیں کافی نقصان ہو رہا ہے اور مزید نقصان کا اندیشہ ہے، آپ دعا فرما دیں کہ اس کا رُخ بدل جائے اور حسب سابق جیسے بہتا تھا ویسے بہنے لگے۔اس پر آپ نے دستِ مبارک سے اشارہ فرماتے ہوئے فرمایا: کہ تمہارا خیال ہو گا کہ اس راستہ کی بجائے سابقہ راستہ پر چلے؟ اتنا فرما کر آپ نے دستِ مبارک اپنے چہرہ اقدس پر پھیرتے ہوئے فرمایا بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ گویا دُعا ختم فرما دی۔رَبّ ذوالجلال کی قُدرتِ کاملہ چند ہی دنوں میں دَریا نے رُخ بدل لیا اور مکمل طور پر سابقہ راستہ پر بہنے لگا۔

تصنیفات:

سید العلماء حضرت فانی فی اللہ، باقی باللہ، مولانا عبید اللہ ملتانی چشتی رضی اللہ

تعالیٰ عنہ وباطنیہ میں بحمدہٖ تعالیٰ بحر موّاج تھے۔

آپ نے مخلوق کی ہدایت کے لئے اپنے علم کی زکوٰۃ درس وتدریس اور وعظ ونصیحت کے علاوہ اِس طرح بھی ادا فرمائی کہ مختلف فنون پر عربی، فارسی، پنجابی، ہندی اور سرائیکی میں نظمِ ونثر پر مشتمل بے حد مفید کتابیں اور رسائل تصنیف فرمائے جن کی تعداد کم وبیش ایک سو تک پہنچتی ہے۔ جیسا کہ ''مثنوی تذکرہ عبیدیہ'' میں ہے۔

حضرت مولانا محمد عبدالحیٔ لکھنوی نے اپنی تصنیف لطیف ''نزہتہ الخواطر'' کی آٹھویں جلد میں آپ کا تعارف کراتے ہوئے خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ مناسب ہے کہ اُسے یہاں نقل کر دیا جائے۔

"الشیخ الصالح عبید اللہ بن قدرۃ اللہ الحنفی الملتانی احد المشائخ الجشتیۃ ولد و نشاء بملتان وقراء العلم علی والدہ ثم اخذ عن المولوی گل محمد و قراء علیہ سائر الکتب الدرسیۃ و درس وافادۃً طویلۃ بمدینۃ ملتان، ثم اخذ الطریقۃ عن الشیخ خدا بخش الخیر بوری وتولی الشیاخۃ بعدہ، اخذ عنہ خلق کثیر من العلماء والمشائخ، و کان شیخا جلیلا مھابا رفیع القدر کبیر المنزلۃ عظیم الورع والعزیمۃ لہ مصنفات عدیدۃ توفی یوم الجمعۃ لست خلون من جمادی الاولی سنۃ خمس و ثلاث مائۃ والف بمدینۃ ملتان.

ترجمہ: مشائخ چشت میں ایک نیک سیرت بزرگ عبید اللہ بن قدرۃ اللہ ملتانی حنفی ہیں جو ملتان میں تولد پذیر ہوئے اور یہیں پرورش پائی، اپنے والد سے تعلیم حاصل کی پھر بقایا درسی کتب مولوی گل محمد صاحب سے پڑھیں۔

Marfat.com

ملتان میں کافی عرصہ درس وتدریس کے سلسلہ میں نفع پہنچاتے رہے، پھر طریقت میں حضرت الشیخ خواجہ خدابخش خیر پوری سے فائدہ حاصل کر کے اُن کے بعد بزرگی میں اُن کے نائب اور والی بنے، ان سے علماء ومشائخ کی کثیر تعداد نے فائدہ حاصل کیا اور یہ جلیل القدر بزرگ، شوکت وعظمت، بلند شان اور بڑی عزت ومرتبہ والے، انتہائی متقی صاحبِ استقامت اور صاحبِ تصانیف تھے۔ آپ کی تصانیف سو کے قریب ہیں۔

یہاں آپ کی چند تصانیف کے صرف نام درج کیے جاتے ہیں مزید تفصیل کے لئے ''عبادُالرحمان'' کا مطالعہ کیجئے۔

۱۔تفسیر قرآن شریف سورۃ فاتحہ تا سُورۃ ناس

۲۔دلائل الایمان فی الهدایة والا یقان

۳۔تفسیر قاب قوسین

۴. تلخیص البیان فی نبذة من علامات المهدی آخر الزمان

۵۔سلسلۂ نسب حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

۶. فتح العبید

۷. رَدّ الضّالین (جوکہ اہلِ تشیع ووہابی نجدی لوگوں کے رد میں بے مثل کتاب ہے، انشاءاللہ تعالیٰ عنقریب مع ترجمہ شائع کی جائے گی)

۸. ردّالوهابیه (کلاں)

۹. ردالوهابیه (خورد)

۱۰. تحقیقِ مسائل مختلفه بین الوهابیه و اهلِ سُنة

Marfat.com

۱۱. فقیہ التقلید و بطلان القول الجدید

۱۲. ردالانکار علی حلق الراس غیر مطبوعہ

۱۳. تعلیم الصبیان

۱۴. تعلیم النساء

۱۵. اوراد تمام سال وادعیہ

۱۶. قول فصل فی البیعۃ والسماع و شرح مُفصل

۱۷. لزوم حُسنِ ظن بر سخنہائے مقبولان ذی المنن

۱۸. اُصول حافظیہ

۱۹. ذوقیہ شریف

۲۰. حکمت وفائدہ نسیان

۲۱. ھدایۃ الطّلاب

۲۲. ضغث مضروب

۲۳. تعیین اوقاۃ الصلوۃ الخمس

۲۴. مسفار الحج

۲۵. رسالۃ الغنیٰ و الفقر

۲۶. مذاھب الاولیاء فی قبول الھدایا

۲۷. سِرِ دلبراں (جو کہ آپ کے پیشِ نظر ہے)

۲۸. تحقیق الآدب

۲۹. تحقیق اسماء شھور قمریہ

Marfat.com

۳۰. وفیات الاعیان

۳۱.سیر السماء

۳۲.رفیقیه شرح توفیقیه

۳۳. رِسالة الدخان

۳۴.رساله درمنطق

۳۵. اَدعیہ قُرآنی برائے خیریت دوجہانی

۳۶.رساله فی التصوف

۳۷.الهام الصواب

۳۸. اعانة المریدین فی ردّ الشیاطین والمعاندین

۳۹.وصایاعبیدیہ الموسومہ بہ دَفع الفسا د والجدال

۴۰. شرح اشعار حضرت الشیخ علی حیدر صاحب رحمہ اللہ تعالی

۴۱۔ شرح اشعار حضرت خواجہ حافظ شیرازی رحمہ اللہ تعالی

۴۲۔شرابِ طہور

۴۳۔آداب المُریدین

۴۴۔منظومہ سلسلۂ عالیہ

۴۵۔قصائدِ عبیدیہ

۴۶۔ذکرِ لطائف

۴۷۔مثنوی عُبیدیہ (کلاں)

۴۸۔مثنوی عبیدیہ (خورد)

Marfat.com

۴۹۔تہذیب وترصیف ابیات علم میراث

۵۰۔دیوان چراغ عُبید یہ المعروف بہ داستان معرفت

۵۱۔رسالۃ النحو

۵۲۔رسالہ ملائیہ

۵۳۔توفیقیہ ہندی

۵۴۔عیوب النفس

۵۵۔تحفہ ءزناں

۵۶۔سی حرفی درمعرفت

وصال:

حضور سراپا نور، مفتی محمد عبدالشکور صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے مولوی خیرالدین صابر ملتانی نے بیان کیا کہ ایک دن ایک وکیل صاحب نے مجھے بتلایا کہ آج تمہارے پیرومرشد حضرت فانی فی اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی چار پائی سے نیچے اتر کر مٹی کے برتن میں سے کچھ رقم شمار کرتے دیکھا ہے، جس سے مجھے سخت تعجب ہوا کہ ساری زندگی جنس زر سے مجتنب رہے اب کس غرض سے نامعلوم رقم شماری ہو رہی ہے، چنانچہ مجھ (صابر ملتانی) کو بھی خلافِ معمول یہ بات سن کر حیرت ہوئی۔

تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ آپ نے کچھ رقم سفرِ آخرت کی تیاری کے لئے مختص فرمائی تھی جو آپ نے اپنے فرزندِ دلبند حضور خواجہ عبدالرحمٰن صاحب عربی غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے فرمائی۔ اس طرح اپنے کفن کا کپڑا بھی حینِ حیات میں تیار کرنے کے لئے کسی خاص معتقد کو باوضو ہو کر کپاس چننے، دھاگہ بنانے اور کپڑا بننے

Marfat.com

کا حکم فرمایا تھا، چنانچہ حسبِ ارشاد ایسا ہی کیا گیا، لہٰذا موٹے دھاگے کے اِس کپڑا سمیت آپ نے وہ رقم اپنے فرزندِ اکبر حضور شیخ العرب والعجم عربی غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مرحمت فرما کر وصیت فرمائی کہ اسی کپڑا میں مجھے کفن دیا جائے اور میرے دفن وغیرہ امور پر یہی رقم صَرف کی جائے۔

اخیرِ عمر میں بوجہ ضعف وکمزوری آپ صرف فرضی نمازیں کھڑے ہو کر ادا فرماتے جبکہ سنن ونوافل بیٹھ کر ادا فرماتے اور اگر قعدہ وقیام یعنی نماز میں اٹھنے بیٹھنے کی طاقت بھی نہ ہوتی اور آپ صاحب السریر ہوتے تو نماز روبقبلہ ہو کر لیٹے لیٹے ہی صرف سر مبارک کے اشارہ سے ادا فرماتے جیسا کہ "مثنوی تذکرہ عبیدیہ" میں ہے۔

ہم میانِ ضعف پیری فرض کردی باقیام

جز نماز فرض بنشتہ ادا کردی مدام

گر نباشد در نمازش قدرۃ قعدہ قیام

روبقبلہ، خفتہ با ایمائے سر آرد تمام

اسی دوران آپ کو نصیب دشمناں موسمی بخار بھی لاحق ہوا جس کی وجہ سے آپ کی طبع مبارک جو پہلے ہی سے علیل تھی، زیادتی مرض کا شکار ہوگئی اور بالآخر مقبول ربانی، مقربِ یزدانی، قطبُ الواصلین، سیدُ الکاملین، محبوبِ الٰہی حضرت فانی فی اللہ، باقی باللہ، مولانا المولوی عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری ۶/ جمادی الاولیٰ ۱۳۰۵ھ بمطابق ۲۰ جنوری ۱۸۸۸ عیسوی بروز جمعۃ المبارک بوقت چاشت دورانِ ذکر

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (جل جلالہٗ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم)

دارِ فنا سے سوئے بقا روانہ ہو کر واصل باللہ ہوئے۔

Marfat.com

انا للہ و انا الیہ راجعون.

ہم اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں اور ہم اسی ذات پاک ہی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔

اس وقت آپ کی عمر چھیاسی برس تھی۔ بعداز وفات حسرتِ آیات آپ کی وصیت کے مطابق آپ کے جسدِ اطہر کو آپ کے برادرِ کلاں جناب حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب اور فرزندِ کلاں جناب حضرت مولانا محمد عبدالرحمٰن صاحب نے غُسل دیا۔

تجہیز و تکفین کے دوران ہی آپ کے وصال پُرملال کی خبر وحشت اثر سُن کر دُور دَراز سے لوگ اس طرح جوق در جوق جمع ہونے لگے کہ اہلِ زمانہ نے اس قدر ہجوم کسی جنازہ پر نہ دیکھا تھا۔

''خاتمہ گلزارِ جمالیہ'' میں ہے:

''در جنازہ حضرتِ ایشاں علیہ الرحمہ چنداں خلق جمع شدہ بود کہ در عدد حصر ہیچکس نے آمد و ہمہ کساں از حاضرین متعجب بودند چہ موافقین چہ مخالفین قائلین ما رأینا مثل ھذا لا زدحام علی جنازۃ احد و کان قد شرع من الوقت الوصال الیٰ حصول الدفن السحاب الماطر قلیلًا قلیلًا''.

یعنی آپ کے وصال کے وقت سے لے کر حصول دفن تک بوندا باندی ہوتی رہی اور جنازہ کی نماز میں شرکت کے لیے ہجوم جو کسی کے شمار میں نہ آسکتا تھا کو دیکھ کر دوست دُشمن سب حیران تھے۔ کہنے والے یوں بھی کہہ رہے تھے کہ ہم نے آج تک کسی کے جنازہ میں اتنا ہجوم نہیں دیکھا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چونکہ طبعی علالت کے پیشِ نظر اس دفعہ حضرت محب اللہ

Marfat.com

المتعال خواجہ حافظ محمد جمال ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عرس مُبارک میں شمولیت نہ فرما رہے تھے اس لیے اپنے فرزندِ اکبر حُضور خواجہ عربی غریب نوازِ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو وصیت فرمائی کہ ''ساری زندگی مُجھ سے حُضور مظہر جمال الٰہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عرسِ مبارک قضا نہیں ہوا لہٰذا آج بھی قضا نہ ہونے پائے''۔

چنانچہ تجہیز و تکفین کے بعد اسی ہجوم کی معیت میں حسب وصیّت آپ کا جنازہ دربارِ عالیہ حضرت خواجہ حافظ جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف لے جایا گیا۔

چنانچہ مجلس سماع میں آپ کو شریک کیا گیا، آپ کے فرزند اکبر کٹہرے میں پڑی ہمیانی سے رقم اُٹھا اُٹھا کر آپ کی طرف سے قوالوں کو پیش فرماتے رہے، جبکہ ہزارہا عقیدت مند پروانوں کی مثل چارپائی پر نچھاور ہو رہے تھے۔

بیشمار مخلوق خداوندی آپ کے فراق میں گریاں و غم کناں تھی۔ اس دن کے غم واندوہ کی کیفیت زبانِ قلم سے بیان نہیں کی جا سکتی۔

الغرض عرس شریف کی تقریبات ختم ہونے پر حاضرینِ مجلس وزائرین کرام اور مشائخ کبار خصوصاً حضراتِ سجادگانِ والاشان حضرت قبلہء عالم وعالمیان مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہم سب نے عام خاص باغ میں بعد ادائیگی نماز جمعۃ المبارک آپ کی نمازِ جنازہ پڑھی۔ فریضہء امامت حسب وصیت آپ کے فرزندِ اکبر سرگروہ حلیمان حضرت مولانا محمد عبدالرحمٰن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ادا فرمایا جیسا کہ ''مثنوی تذکرہ عبیدیہ'' میں ہے۔

جمعہ را کردہ ادا خواندند بروئے نماز
شد امام خلق فرزند کبیرش اہلِ راز

بعد از ادائیگی نماز جنازہ اشکبار آنکھوں سے آپ کے جسدِ اطہر کو محلہ قدیر آباد کی طرف لایا گیا اور مسجدِ "عبیدیہ" و مسجد "رحمانیہ" کے درمیانی باغیچہ میں بوقتِ عصر محبوبِ خدا و سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کے دیدارِ فیض آثار سے مشرف ہونے اور سعادتِ وصل محبوبِ حقیقی حق تعالیٰ جل شانہ کے حُصول کے لیے بسترِ نَمْ کَنَوْمَةِ الْعَرُوسِ (دلہن کی سی بے فکری والی نیند سو جایئے) پر سُلا دیا گیا۔

اگر کسی نے آپ کے تفصیلی حالات سے آگاہی حاصل کرنی ہو تو "عبادُ الرحمان" کا مطالعہ کرے، یہاں صرف تعارف ہی مقصود تھا۔

Marfat.com

ترجمہ

سِرِّدِلبراں

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"سِرِّ دلبراں" اصلہ مؤلّفۃ حضورِ اعلیٰ، عمدۃ الاصفیاء، زبدۃ الاتقیاء، سلطان الاولیاء، فانی فی اللہ، باقی باللہ، حضرت مولانا مولوی خواجہ خواجگان عبید اللہ الملتانی الچشتی القادری، جانشینِ محبوب الالٰہ، عمدۃ الصلحاء، رئیس العلماء، فخر العاشقین، حریق الحبت، یگانہء سلسلہء عالیہ، عکسِ ولایتِ حضرتِ محبّ اللہ المتعال، خواجہء خواجگان حافظ محمد جمال اللہ الملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ومرکزِ نظر، حضرت قبلہء عالمیان، محبوب الالٰہ و الرّسول (جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم) خواجہء خواجگان، شیخ الاولیاء نورِ محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خواجہء خواجگان مولانا مولوی خدا بخش رضی اللہ تعالیٰ عنہ و عنابو سیلتہٖ اللّٰھم امین بجاہ النبی الامین صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم۔

ابتدات بنامِ ایزد، برتر، معبودِ حقیقی، وحدہٗ لا شریک لہ، واتبرک باسمہ تعالیٰ عزوجل و صلیت وسلمت علی حبیبہ وخاصّۃ خلقہ سید المرسلین رحمۃ للعلمین شفیع المذنبین مُحَمَّدٍ المصطفیٰ المختار و علیٰ الہٖ وصحبہ اجمعین وبعد فشرعت فی ترجمتہٖ مستعینا باللہ تعالیٰ اللّٰھم بارک لی فی فھمی و علمی و عملی و ترجمتہٖ واجتبنی عن الکذب والریاء بحرمۃ وسیلۃ الخلائق کلھم اجمعین فی الدنیا والاٰخرۃ سید نا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم و تقبل منا برحمتک یا ارحم الرّاحمین۔

(حمد وصلوٰۃ کے بعد آیئے! اب اصل کتاب اور اس کے ترجمہ کی طرف چلتے ہیں)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی خرق علینا الاسباب واظھرلنا باب الابواب وغلق علینا ابواب الخلق وفتح لنا بابہ بعد الغلق ونجانا عن التصنع والملق ففرج کرباتنا وانقذنا عن الاضطراب والفلق واخرجنا عن غیاھب شھوات الفرج والحلق۔۔۔

ہمہ حمد وستائش (سب طرح کی تعریفیں) اُس معبودِ حقیقی کے لیے (ہیں) جس نے ہمیں اسباب مہیا کئے اور وہ جس نے ہمہ ابواب کے باب (اپنے راستے) کو ہمارے لئے ظاہر فرمایا اور وہ جس نے مخلوق کے ابواب کو ہم پر بند فرمایا اور (اسکے عوض) اپنا باب (مخلوق کے دروازوں کی) بندش کے بعد کشادہ فرمایا۔

اور ہمیں (مخلوق کی ہر قسم کی) خوشامد اور تصنع سے نجات بخشی پھر ہمارے غموں کو دُور فرمایا اور ہمارے قلوب کو اضطراب وغفلت سے خلاصی عطاء فرمائی اور وہی ہے جس نے ہمیں غلبۂ شہوات وخواہشاتِ نفس سے محفوظ رکھا۔

اِذَا مَسَّنِی کَرْبٌ یُفَرِّجُ کَرْبَتِی

وَیَنْصُرُنِی رَبِّی وَیَرْحَمُ غُرْبَتِي

جب مجھ پر مصائب کا نزول ہوتا ہے تو میرا رب (جل مجدہٗ) ہی مجھے غموں سے نجات دیتا ہے۔ اور وہی میری مدد فرماتا ہے اور وہی میری ناداری پر رحم وکرم فرماتا ہے۔

اور وہی تمام عالم کا پرودگار ہے جس نے مجھے پیدا فرمایا اور اسی نے مجھے ہدایت فرمائی اور وہی مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے اور جب مجھے مرض لاحق ہوتا ہے تو وہی مجھے شفاء عطاء فرماتا ہے اور وہی میری موت وزندگی کا مالک ہے اور وہی رب عزوجل

Marfat.com

ہے جس سے میں طلب (سوال) کرتا ہوں کہ وہی بدلے (یعنی قیامت) کے دن میری مغفرت فرمائے۔

اور تمام فضل واحسان اور سلام اللہ تعالیٰ کے نازل ہوں انبیاء ورُسل علیھم الصلوات والتسلیمات کے سردار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم پر کہ جن کا وجود نہ ہوتا تو کائنات نہ ہوتی اور نہ ہی ملائکہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرتے اور نہ ہی وحدہٗ لا شریک لہٗ جل شانہٗ کی ربوبیت ظاہر ہوتی اور نہ ہی محبت ومحبوبیت کا ظہور ہوتا اور (سلام ہوں) ان کی آل واصحاب پر، جو کہ انبیاء ومرسلین وصدیقین وشھداء وصالحین ہیں جو اسلام کے ستارے اور تاریکیوں کے چراغ ہیں۔

فَاِنَّهٗ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا

يُظْهِرْنَ اَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِی الظُّلَمِ

بلاشبہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم عظمت وفضل کا آفتاب ہیں اور وہ (صحابہء کرام) ان کے ستارے (جو کہ) اُسی آفتاب کا نور، اجالے اور کرنیں تاریکیوں میں انسانوں کے لیے بکھیرتے ہیں۔

حمد وصلوٰۃ وسلام کے بعد۔۔۔

یہ چند اوراق ہیں جن میں اُن پاکیزہ معطرات ۔۔۔ اور ستھری مہکوں ۔۔۔ اور نور دار لاٹوں ۔۔۔ اور انتخاب شدہ جامع کلمات ۔۔۔ اور اقتباس شدہ برقوں ۔۔۔ اور گزارش کی گئی چمکوں ۔۔۔ اور نچھاور کی گئی کرامتوں کی فتوحات ۔۔۔ اور ہدایت کے خوشبودار جھونکوں ۔۔۔ اور معرفت وعرفان کی بارانِ رحمت کی چھینٹوں ۔۔۔ اور آنکھوں کو نور عطا کرنے والی روشنیوں کا ذکر وبیان ہے۔

Marfat.com

جن کو میں نے اللہ کے نورِ جمال کا مظہر۔۔۔نظام تجلیات کلیمی کے فخر۔۔۔بے انتہا تجلیات کے منبع۔۔۔اخلاقِ غریبی وشاہی کے جامع۔۔۔اللہ تعالیٰ کے فیوض کے منبع۔۔۔رب العالمین کے فضل وکرم کے ورود کی جگہ۔۔۔کمزوروں کی جائے پناہ۔۔۔درویشوں کی تربیت گاہ۔۔۔تمام متقین سے بڑھ کر متقی۔۔۔تمام علماء سے بڑھ کر عالم۔۔۔تمام افاضل سے بڑھ کر فاضل۔۔۔عارفوں کے شہنشاہ۔۔۔زاہدین کے بادشاہ۔۔۔مساکین سے محبت کرنے والے۔۔۔اللہ رب العالمین کے محبوب۔۔۔عارفین جن سے رغبت رکھتے ہیں۔۔۔عاشقین کے مقصود۔۔۔اصحابِ تقویٰ کے مطلوب۔۔۔مریدین کی مراد۔۔۔حق الیقین کا خزانہ۔۔۔اللہ تعالیٰ کی زمین میں اللہ تعالیٰ کے محبوب۔۔۔ شیخ الاسلام والمسلمین۔۔۔مخلوق کے فریاد رس۔۔۔طریقتوں کے قطب۔۔۔غلط علاقوں کو کاٹنے والے۔۔۔حقیقتوں کو جمع فرمانیوالے۔۔۔میثاق وعھود کی رونق۔۔۔علوم و معرفت کے جامع۔۔۔ بدعتوں کے قطع فرمانے والے۔۔۔ ہر خاص وعام کو نفع پہنچانے والے۔۔۔ قوی وضعیف کو خوش فرمانے والے۔۔۔ شریعت کی دلیل۔۔۔طریقت کے سورج۔۔۔معرفت وحقیقت کے سمندر۔۔۔مسکین نواز۔۔۔محبت کی علامت۔۔۔فانی فی المحبوب۔۔۔باقی بالمطلوب۔۔۔ہر ناتوان وعاجز کی پناہ گاہ۔۔۔ بظاہر درویشی کے مدارج پر حاوی۔۔۔باطنی طور پر شاہی مراتب کے جامع۔۔۔غریبی ومسکینی کی بنیادیں قائم کرنے والے۔۔۔اللہ تعالیٰ رحمٰن کی کرم نوازیوں کا اظہار۔۔۔نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے آداب واُخلاق سے آراستہ۔۔۔ہدایت تلاش کرنیوالوں (مسترشدین) کا قبلہ۔۔۔(مسترشدین سے

Marfat.com

میری مراد مساکین ہیں) ابوالحسن الخرقانی الثانی، المولوی خواجہ خدا بخش الملتانی نور اللہ مرقدہ وبرّد مضجعہ (اللہ تعالیٰ آپ کی مرقد مبارک کو نور سے لبریز فرمائے اور آپ کے سونے کی جگہ کو جنت بنائے) سے دیکھا، سنا، سونگھا اور حاصل کیا۔

واجب آمد چوں کہ آمد نامِ او

شرح کردن رمزے از انعام او

جب کہ محبوب کا نامِ نامی آیا تو انکے الطاف وکرم سے تھوڑا سا بیان کرنا واجب ہوا۔

گرچہ عاجز آمد ایں عقل از بیاں

عاجزانہ جنبشِ باید دراں

اگرچہ عقل اسکے (مکمل) بیان سے عاجز ہے پھر بھی اس میں زبان کو تھوڑی سی جنبش چاہیے۔

اِنْ شَیْئاً کُلُّہٗ لَا یُدْرَکُ

فَاعْلَمُوْا اَنَّ کُلَّہٗ لَا یُتْرَکُ

اگر کسی چیز کا پورا پورا ادراک نہ ہو سکے تو پھر بھی جان لو کہ وہ ساری کی ساری متروک بھی نہیں ہو سکتی۔

من بگویم وصف تو تا رہ برند

پیش تراں پس موت حسرت مے برند

میں تیرے اوصاف اس لئے بیان کرتا ہوں تا کہ لوگ اس سے ہدایت پائیں اس سے قبل کہ موت کے وقت وہ اس سے محروم رہنے کا افسوس کریں۔

نورِ حقی دبحق جذّاب جاں

خلق در ظلماتِ اندوہم گماں

تو اللہ تعالیٰ کا نور ہے اور حق تعالیٰ کی طرف تیری روح کھنچی جاتی ہے جبکہ دیگر لوگ ظلمات (اندھیرے) اور وہم وگمان کا شکار ہیں۔

گر نبودے خلق محبوب وکثیف

ور نبودے خلقھا تنگ وضعیف

اگر خلقت لطیف و کثیف نہ ہوتی اور اسی طرح اگر تنگ اور کمزور نہ ہوتی (کیونکہ کچھ لوگ اہل اللہ کے رموز واسرا کو سمجھتے ہیں اور کچھ لوگ نہیں)

در مدیحت دادِ معنیٰ دادمے

غیر ایں منطق لبے نکشادمے

تو مَیں تیری تعریف میں مفہوم پورے کا پورا واضح کر دیتا اور اسکے سوا کبھی زبان نہ کھولتا۔

مدح وتعریف است تخریق حجاب

فارغ است از مدح وتعریف آفتاب

(لیکن یاد رہے کہ) کسی کی تعریف ومدحت کا مطلب اسکے رخ سے حجابات کا اٹھا دینا ہوتا ہے، اسی لئے آفتاب کو تعریف کی ضرورت نہیں کیونکہ اس پر کوئی حجاب نہیں (وہ اپنی تعریف خود بیان کرتا ہے)

كُلُّ شَیْءٍ قَا لَهٗ غَيْرُ الْمُفِيْقِ

اِنْ تَكَلَّفَ اَوْ تَصَلَّفَ لَا يَلِيْقُ

Marfat.com

(اس کے باوجود) اگر کوئی بے خودی (کی کیفیت) میں کسی (آفتاب جیسی روشن و منور) چیز (کے اوصاف) کو بیان کرنا چاہے، تو خواہ وہ تکلف سے کام لے یا طویل کلام سے اُس کی حقیقت کو وہ کبھی بیان نہیں کر سکے گا۔

لیک بہرِ حق صحبت سالھا

باز گویم شمہء زاں حالھا

لیکن سالہا سال کی صحبت (فیض اثر) کے شکریہ میں اُن حالات سے کچھ نہ کچھ پھر بھی بیان کر دینا چاہیے۔

تا زمین و آسماں خنداں شود

عقل و روح و دیدہ صد چنداں شود

تا کہ زمین و آسمان (اس بیان سے) خوشی میں کِھل اُٹھیں اور عقل، روح اور آنکھیں سوگنا روشن ہو جائیں۔

مدح تو حیف است در زندانیاں

می کنم در مجمع روحانیاں

(اپنے نفس کے) قیدیوں کے سامنے تیری مدحت و توصیف حیف ہے (مناسب نہیں) مناسب یہ ہے کہ تیری تعریف اہلِ روحانیت کے سامنے کروں۔

مادحِ خورشید مداحِ خود است

کہ دو چشمم روشن و نامرمد است

آفتاب کی تعریف کرنے والا خود اپنی (بصارت کی) تعریف کرتا ہے کہ میری دونوں آنکھیں روشن ہیں آفت زدہ نہیں۔

Marfat.com

ذمّ خورشید جہاں ذم خود است

کہ دو چشم کور و تاریک و بد است

آفتاب کی مذمت کرنا اپنی مذمت کرنا ہے کہ میری آنکھیں بصارت سے محروم اور بے کار ہیں۔

پس خوش آں باشد کہ سرِ دلبراں

گفتہ آید در حدیث دیگراں

پھر کتنا اچھا ہے کہ محبوبوں کی بات (تعریف) دوسروں لوگوں کی زبان سے ادا کی جائے۔

پس تو اینجا مدح آں یارِ نگار

در مضامینِ قصصہا گوش دار

پھر اب تو اُس خوبصورت محبوب کی مدحت کو قصوں کے مضامین میں کان لگا کر سن لے۔

اللہ جل مجدہٗ ارشاد فرماتا ہے:

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ

''اور رسولوں کی خبروں میں سے وہ سب باتیں ہم آپ پر بیان فرماتے ہیں جن سے ہم آپ کے قلبِ مبارک کو ٹھہرائیں''۔(یعنی بزرگوں کی باتیں تسکینِ قلب کا باعث ہوتی ہیں)

اور سید الطائفہ حضرت ابوالقاسم الجنید البغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے:

''حِکَایَاتُ الْمَشَائِخِ جُنْدٌ مِنْ جُنْدِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ''

Marfat.com

یعنی حکایاتِ مشائخ اللہ تعالیٰ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہیں یعنی اُن کا فیضان دلوں میں اتر جاتا ہے۔

چونکہ شد خورشید و مارا کرد داغ

چارہ نبود بر مقامش از چراغ

جبکہ وہ آفتابِ ولایت ہم کو داغِ مفارقت دے کر غروب ہو گئے۔ اب ان کے قائم مقام چراغ کام نہیں دے گا۔

چونکہ شد از پیش دیدہ وصل یار

نائب یادِ از اں ماں یادگار

اب کہ ہماری آنکھوں کے سامنے سے محبوب کا وصل رخصت ہوا، ہمارے لئے ان کی یاد ان کے دیدار کا نائب بن کر ساتھ ہے۔

چونکہ گل بگوشت و گلشن شد خراب

بوئے گل را از کہ یابیم از گلاب

جبکہ پھول کی بہار ختم ہوگئی اور گلشن ویران ہو گیا تو اب ہم پھول کی خوشبو کس سے پائیں؟ (ہاں) عرقِ گلاب سے۔

چوں خدا اندر نیاید در عیاں

نائب حقند ایں پیغمبراں

جب اللہ تعالیٰ کا دیدار اس دنیا میں مشکل ہے تو حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰت والتسلیمات اللہ تعالیٰ کے نائب (تو موجود) ہیں (لہٰذا انہی کے دیدار سے آنکھیں منور کریں)۔

نے غلط گفتم کہ نائب یا منوب
گر دو پنداری قبیح آید نہ خوب

نہیں! نہیں! میں غلط کہہ گیا! نائب یا اصل (حقیقت میں ایک ہی ہیں) اگر دو مانے جائیں تو اچھی بات نہیں (کیونکہ صوفیائے کرام کی نظر میں وجودِ حقیقی صرف ذاتِ واحد کا ہے باقی سب اسکے مظہر ہیں)

دہ چراغ حاضر آئید در مکاں
ہر یکے باشد بصورت غیر آں

(اچھا! اس بات کو سمجھنے کے لئے آپ یوں کریں کہ) دس چراغ ایک ہی جگہ میں روشن کیجئے، ہر چراغ دوسرے سے شکل میں (اگرچہ) جُدا نظر آئے گا۔

فرق نتواں کرد نورِ ہر یکے
چوں بنورش روئے آری بیشکے

لیکن جب آپ اُن کے نور کو ملاحظہ کریں گے تو آپ اُن میں سے ہر ایک کے نور میں فرق نہیں کر سکیں گے۔

اُطْلُبِ الْمَعْنٰی مِنَ الْفُرْقَانِ قُلْ
لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلٍ

اس حقیقت کو قرآن مجید سے پوچھئے! (فرماتا ہے اے محبوب!) تم فرمادو ہم رسولوں میں سے کسی ایک کے درمیان فرق نہیں کرتے۔

(اس تمہید کے بعد آیئے اب اُس محبوب کے ذکرِ خیر سے لطف اندوز ہوتے ہیں)

Marfat.com

خصائل وشمائل:

آنحضرت، عمدۃُ الاصفیاء، سلطانُ الاولیاء، زبدۃ الاتقیاء، خواجۂ خواجگان، سیدنا ومولانا، محبوب اللہ، فانی فی اللہ، باقی باللہ، واصل بمقامِ فردیت، الشیخ خواجہ خدابخش الملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عادتِ کریمہ یہ تھی کہ آپ اِفعل (یہ کر) اورلاتفعلْ (یہ نہ کر) صراحت کیساتھ کسی کوحکم یا منع نہیں فرماتے تھے، بلکہ اکثر اوقات حکایات واشعار وقصص میں (اُس کام کی اچھائی یا بُرائی) بیان فرمادیتے نہ کہ آیات واحادیث کے ضمن میں، (یعنی اُس کی اچھائی یا بُرائی قرآن حدیث سے بیان نہ کرتے)۔ اس لیے کہ اگر کوئی جہالت کی وجہ سے انکار کر بیٹھے تو کہیں کافر نہ ہو جائے اوراس لیے بھی کہ ہر خاص وعام کواس سے فیض مل جائے۔

اور رہے اَخص (خاص الخاص لوگ) ان کوتو (قال کی حاجت ہی نہیں بلکہ) حال ہی کافی ہے۔

چنانچہ صاحبِ مثنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

پندِ فعلی خلق راجذّاب تر

کردار (حال) سے نصیحت کرنا مخلوق کوزیادہ فائدہ مند رہتا ہے

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے اوقات کو طالبانِ حق کیلئے وقف کر رکھا تھا، آپ وقت اور مخلوق کے حالات کی مناسبت سے قصص واشعار کے ضمن میں لوگوں کو پند ونصیحت فرماتے اور جب فارغ ہوتے تو اپنے اوراد وظائف میں مشغول ہو جاتے۔

آپ لوگوں کی گفتگو کے وقت خاموشی کو پسند فرماتے اور مجلس میں (رہ کر بھی) خلوت نشین ہوتے تھے۔

آپ کبھی کسی حاجت مند کو یہ نہیں فرمایا کرتے تھے کہ بیٹھ جاؤ میں اوراد وظائف سے فارغ ہولینے کے بعد آپکی حاجت روائی کیطرف سعی (توجہ) کرونگا بلکہ آپ ہمیشہ طالبانِ (حق) کیلئے حاضر رہتے۔

آپ کبھی بھی اپنے لئے مکلّف لباس تیار نہ کرواتے تھے اور نہ ہی خورش (کھانے، پینے) میں تکلف فرماتے اور نہ کبھی اپنی ذات کیلئے (مرض) میں دوائی لیتے اور روئی سے بنا ہوا کپڑا ازیبِ تن فرماتے، سردی کے موسم میں (بدن کو حرارت دینے کیلئے) آگ سلگانا آپ پسند نہیں فرماتے تھے۔

اور توحیدِ حالی آپ کے سوا میں نے کسی میں نہیں دیکھی کیونکہ جب آپ دوسرے کو تکلیف میں دیکھتے تو خود کو تکلیف زدہ تصور فرماتے اور اگر کسی کو نفع میں دیکھتے تو خود کو نفع میں تصور فرماتے، (جیسے کہ تمام مخلوق آپ ہی کے اجزاء ہیں) یوں تمام اولیاء وصالحین کے ہمہ احوال (اچھے کام) آپ کی ذات میں جمع تھے۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دیکھنے سے (ولایت کے) جھوٹے دعویدار اپنے دعوے سے رجوع کر لیتے تھے کیونکہ آپ کا وجودِ (مسعود) آئینہ تھا (اور) آئینہ میں ہر کوئی اپنے ہی احوال کا مشاہدہ کرتا ہے (چونکہ اُنکے احوال فاسد عیوب سے پُر ہوتے تھے اور اُنکو اپنے احوال کی برائی نظر آجاتی تھی لہٰذا وہ اِنکی اصلاح کر لیتے تھے۔)

آپ کا وجودِ گرامی سراپا کرامتِ الٰہی تھا۔ لَا اَذْکُرُ مِنْکَ اِلَّا الْجَمِیلَ وَلَمْ اَرَ مِنْکَ اِلَّا التَّفْضِیلَ آپکا حال تھا (یعنی ہر چیز میں جمالِ الٰہی کا تذکرہ فرماتے اور اللہ تعالیٰ کی فضیلت و بزرگی کا مشاہدہ فرماتے)

تمام عالم آپ کے سامنے بمنزلہ آئینہ (جمالِ الٰہی) تھا، آئینوں (مخلوق) کی

Marfat.com

ثناء کے ضمن میں اللہ تعالیٰ مشہود وموجود کی ثناء کرتے تھے۔ (یعنی) تمام عالم کو جمالِ حقیقی کا آئینہ دیکھتے تھے جیسا کہ (آپ نے وحدت الوجود پر لکھی گئی اپنی تصنیفِ لطیف) "توفیقیہ شریف" میں فرمایا ہے کہ عاشقِ حقیقی جب کسی طرف نظر اٹھاتا ہے تو پکار اٹھتا ہے کہ اس صورت میں ذاتِ مقدس جلوہ گر ہے (یعنی اسکی صفاتِ کمال کا ظہور ہے، گویا کہ) عاشقِ حقیقی ذاتِ مقدس جل مجدہ سے کسی حال میں بھی غافل نہیں رہتا، اور "توفیقیہ شریف" آپکا حال تھا نہ کہ صرف گفتگو، کیونکہ ایسی (باکمال) گفتگو محال (ناممکن) ہے (یعنی جب سالک ذاتِ احدیت میں فنا ہو کر بقاء کو پالیتا ہے تو اُسے اپنی بھی خبر نہیں رہتی، پھر وہاں گفتگو کیسی؟) اور جو شخص بھی آپ کی زیارت سے مشرف ہوا وہ جانتا تھا کہ "توفیقیہ شریف" آپکا حال ہے نہ کہ محض قال۔

ذوقِ سماع:

آپ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کو سریلی آوازوں کے سننے کی حاجت نہ تھی کیونکہ آپ اُن کے سنے بغیر بھی ذوق ووجد میں رہتے تھے اور اگر کبھی سنتے بھی تو دوستداروں کی خوشنودی اور اصحاب کی موافقت میں سن لیتے تھے۔

اور آپ کے ظاہری اطوار وعادات دیکھنے کے سبب مخلوق آپ کے باطنی کمالات، سکر ووجد دیکھنے سے محروم تھی گویا کہ حضرتِ شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا "اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ" میں ذکر کیا گیا درجہ ذیل شعر آپ پر صادق آتا تھا۔

مِنْ کُلِّ مَعْنًی لَطِیْفٍ اَمتَلِی قَدَحاً
وَکُلُّ نَاطِقَۃٍ فِی الْکَوْنِ تَطْرُبُنِی

Marfat.com

ہر پُر لطف کلام سے میں اپنا جام پُر کر لیتا ہوں اور کائنات کے ہر کلام سے حظ اُٹھاتا ہوں

(یعنی جب عاشقِ صادق اپنے محبوبِ حقیقی کی ذات میں فنا ہو جاتا ہے تو پھر اس کا تصور مخلوق کے افعال کی بجائے اپنے محبوبِ حقیقی کے افعال (تخلیق و تصرف وغیرہ) کی طرف ہو جاتا ہے پھر اس پر حالتِ ذوق و وجد نازل ہوتی ہے جیسا کہ روایت مشہور ہے کہ حضرت سُلطان المتوکلین خواجہء خواجگان الشاہ محمد سلیمان تونسوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کسی علاقے سے اپنے خلفاء کرام کے ساتھ گزر ہوا جہاں ایک عورت گانے والی رقص کر رہی تھی جونہی آپ کی نظر اچانک اس پر پڑی آپ بے ہوش ہو کر گر پڑے، پھر جب آپ ہوش میں آئے تو خلفاء نے اس کیفیت کی بابت سوال کیا آپ نے ارشاد فرمایا:

''اس سے میں نے تین سبق حاصل کیے

(۱) جب وہ اپنی ایڑی زمین کی طرف مارتی تھی تو اس آیت کی طرف اشارہ کرتی تھی:

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى

ہم نے تمہیں اسی زمین سے پیدا فرمایا پھر اسی میں داخل کریں گے اور پھر اسی سے تمہیں اُٹھائیں گے۔

(۲) جب وہ گول چکر لگاتی اور گھومتی تھی تو اس طرف اشارہ کرتی تھی کہ دُنیاوی زندگی کے ایام بہت مختصر ہیں۔

(۳) جب اُنگلی اوپر اُٹھاتی تھی تو گویا یوں کہتی تھی

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ

اللہ تعالیٰ کے سواہ ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔ اضافہ از مترجم)

وسیع الظرفی:

اور اگر کوئی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اپنی بدخوئی اور سخت مزاجی کے سبب ناراض

Marfat.com

ہوتا (تو آپ جواباً اس پر ناراضگی کا اظہار نہ فرماتے بلکہ دیکھتے) اگر تو اُسکا غصہ اِس وجہ سے ہوتا کہ اس نے آپکے کلام کو نہیں سمجھا تو آپ اُسی بات کو اپنے کسی محبوب غلام سے کہہ دیتے، تا کہ وہ معترض اس بات سے (بغیر کہے) باخبر ہو جائے (یوں آپ اپنے مخالف) پر بھی انعام اورا کرام فرمایا کرتے تھے، (ایسا انعام اور حسنِ سلوک جو کہ) کسی نے اپنے دوستوں کے ساتھ بھی نہ کیا ہوگا۔۔۔

اور فرماتے تھے۔۔۔

ہر کہ مارا رنجہ دارد راحتش بسیار باد

ہر کہ مارا دوست نبود ایزد اورا یار باد

جس کسی نے بھی ہم کو غمگین کیا اُس کو راحت بہت ہو، جو بھی ہم کو دوست نہ جانے (دشمنی کرے) اللہ تعالیٰ اس کا مددگار ہو۔

ہر کہ اندر راہِ من خارے نہد از دشمنی

ہر گلے کز باغ عمر بشگفد بے خار باد

جو بھی ہمارے راستے میں دشمنی کی وجہ سے کانٹے رکھے، اسکی زندگی کے باغ کا ہر پھول بے خار ہو۔۔۔

اسوہ حسنہ کی پیروی:

اور آپ لوگوں پر انعام واحسان بکثرت فرمایا کرتے حتیٰ کہ نالائق لوگ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (احسانات کے اِسی وجہ سے) منکر ہو جاتے (کیونکہ ان کا مقصد صرف اور صرف دنیا ہوتی، جب کبھی اس سے محروم رہتے تو زبان درازی سے کام لیتے۔)

گویا آپ رحمتِ عالم، رسولِ اکرم، نبی محتشم، حبیب معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

Marfat.com

کے اخلاقِ حسنہ کا نمونہ تھے، کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم (بعض اوقات) اگر کبھی بدویوں (دیہاتیوں) کو ابشروا (خوش خبری لو) فرماتے اور تبرک عطا فرماتے تو وہ جواب میں کہتے کہ آپ نے ابشروا بہت کہہ لیا اب ہمیں دنیا کے مال سے نوازیں اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی بشارت کو رد کر دیتے (معاذ اللہ) تو حضورِ پرنور، شافعِ یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم وہی بشارت دوسرے لوگوں کو (جو آپ کے مقرب ہوتے) عطا فرما دیتے۔

چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ:

ایک اعرابی (بدوی) نے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی بشارت (یعنی تبرک) کو رد کیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری و حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرمایا کہ تم اس پانی کو جو میرے وضو کا مستعمل ہے اور اس میں لعابِ دہن شریف بھی ہے پیو! اور اپنے منہ اور سینوں پر ڈال لو (اور انہوں نے ایسا ہی کیا)

خلاصہء کلام یہ ہے کہ محبوب اللہ، فانی فی اللہ، باقی باللہ، الشیخ خواجہ خدا بخش الملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورِ پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ کا کامل نمونہ تھے۔

مسکینوں کو محبوب رکھنا:

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسکینی اور مساکین کو محبوب رکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ ایک دن میرے استادِ محترم نے میری کتاب پر لکھا کہ "یہ کتاب مسکین خدا بخش کی ملکیت ہے" تو یہ بات مجھے بہت پسند آئی۔

Marfat.com

گویا کہ آپ زبانِ حال سے اس حدیث کو تلاوت فرما رہے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِی مِسْکِیْناً وَاَمِتْنِی مِسْکِیْناً وَاحْشُرْنِی فِی زُمْرَۃِ الْمَسَاکِین.

اے اللہ! (جل شانہ) مجھے دنیا میں مسکینی کی زندگی عطا فرما اور وفات بھی مسکینی کی حالت میں نصیب فرما اور مجھے قیامت میں بھی مسکینوں کے زمرہ (گروہ) میں جمع فرما۔

تعلیم وتدریس سے الفت ومحبت:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تدریس وتعلیم میں اتنے مشغول رہتے کہ آس پاس کے شہروں میں کوئی عالم ایسا نہ تھا جس نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ شرفِ تلمذ نہ پایا ہو۔

اور جب (آخری عمر شریف) میں ضعف کی وجہ سے قوتِ تدریس نہ رہی تو تب بھی آنے والے زائرین کی حاجت روائی اور اوراد ووظائف سے فراغت کے بعد اکثر اوقات "توفیقیہ شریف" (یہ حضرت محبوب اللہ فانی فی اللہ باقی باللہ الشیخ خواجہ خدابخش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وحدت الوجود پر بے نظیر تالیفِ لطیف ہے) کی املاء میں مشغول رہتے اور عوام کی ترغیب کیلئے علمائے حقیقت وعلمائے شریعت کے کلام میں تطبیق وتوفیق دینے کیلئے کچھ علماء کو منتخب کرتے اور فرماتے کہ اِسکی تصحیح کرو۔ پھر ان ("توفیقیہ شریف" کے) مسودات کو عوام تک پہنچاتے۔

چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کوشش بلیغ کے سبب آپ کی تصنیفِ لطیف "توفیقیہ شریف" بعض لوگوں کے لئے تو مقصود کے حاصل ہونے کا ذریعہ بنی اور بعض لوگوں کو اہل اللہ پر انکار سے رکاوٹ کا باعث بنی اور بعض لوگ اسی طرح تفرقہ ء

Marfat.com

ضلالت میں بھٹکتے رہے۔ (اور اس کے فیض سے محروم رہے)

جیسا کہ قرآنِ پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيراً وَيَهْدِي بِهٖ كَثِيراً

"وہ گمراہی میں ڈال دیتا ہے بہت سے لوگوں کو اس (قرآن پاک میں بیان شدہ مثالوں) سے اور ہدایت دیتا ہے بہت سے لوگوں کو اس سے"

اور آخری عمر میں جبکہ آپکی قوتِ گویائی ضعیف ہوگئی اور علمائے ظاہر اور اُنکے علاوہ بہت سے دیگر لوگ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت سے محروم ہوگئے تو جو لوگ آپ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوتے اُن سے فرماتے عوام کے افسانے اور قصے مجھے سناؤ! تا کہ خواص وعوام آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت کی برکت سے اِن افسانوں ہی سے اپنے مقصود کی خوشبو پائیں اور آپ انہیں باتوں کے دوران یہ شعر پڑھا کرتے۔

عالم بخیالے خوش ووالہ بجنون

كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُون

عالم اپنے خیال میں خوش ہے اور عاشق اپنے جنون میں، ہر گروہ اپنی سوچ وفکر (یعنی اپنے مسلک ومذہب) میں خوش رہتا ہے۔ (یعنی علمائے ظاہر افسانوں قصوں کو افسانے قصے ہی دیکھتے ہیں اور اہل اللہ ہر چیز میں اپنے محبوبِ حقیقی کی صفات کمال کا مشاہدہ کرتے ہیں)

<u>غلبہء استغراق:</u>

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان آخری ایام میں اس طرح عالم استغراق میں ہوتے تھے کہ کم فہم لوگ اپنے قصورِ فہم کی وجہ سے اِسے نیند یا غشی کا نام دیتے تھے۔

Marfat.com

مقام تسلیم ورضا:

اور بسبب تسلیم ورضا آپ کی کیفیت وہ ہوتی تھی جیسا کہ حضرتِ محبوبِ سبحانی، قطبِ ربانی، غوث الاعظم، محی الدین، پیر دستگیر، السید الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان اہل اللہ کے بارے میں ہے کہ:

"الافات تنزل علیهم و هم قعود کالجبال الروا سی تنزل الیهم وعلیهم وهم ینظر ون الیها بعین الصبر و الموافقة ترکو الاجساد للبلا یا وطاروا الی الحق عزوجل بقلوبهم فهم خیم بلا رجال اقفاص بلا طیور"

"ان پر آفات کا نزول ہوتا ہے اور وہ مضبوط پہاڑوں کی مانند ثابت قدم رہتے ہیں، ان پر آفات کا نزول ہوتا ہے اور وہ ان کی طرف صبر وموافقت کی نگاہ سے دیکھ رہے ہوتے ہیں، اپنے اجسام کو آفتوں کیلئے وقف کر دیتے ہیں اور خود اپنی ارواح کیساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف پرواز کر جاتے ہیں، پس (گویا کہ) انکے اجسام بسنے والے لوگوں سے خالی خیمے اور پرندوں سے خالی پنجرے ہوتے ہیں"

واذا تصاعدت النفوس علی الهویٰ

فالخلق یضرب فی حدید باردِ

اور جب ارواحِ طیبہ اپنی طلبِ حقیقی کی طرف عروج کر جاتی ہیں (تو پھر انکے اجسام کو تکلیف پہنچنا اس طرح ہے) جیسا کہ مخلوق ٹھنڈے لوہے کو کوٹے کہ اس پر کچھ اثر نہیں ہوتا (یعنی وہ اپنے محبوب حقیقی کے مشاہدے کے ذوق میں صبر واستقلال کا مجسمہ بن جاتے ہیں پھر انہیں کسی قسم کی تکلیف کا احساس تک نہیں ہوتا) اور یہ خواص اولیاء کی کرامت ہے جیسا

Marfat.com

کہ حضرتِ شیخ اکبر امام محی الدین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ذکر فرمایا ہے اور آپ سے حضرت عارف باللہ مولانا عبدالرحمٰن جامی نے "نفحات الانس" میں نقل فرمایا ہے۔

دین آسانی کا نام ہے:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عادت شریفہ یہ بھی تھی کہ جب آپ کسی میں رشد و ہدایت اور اہل اللہ سے دوستی کی معمولی رغبت مشاہدہ فرماتے تو ارشاد فرماتے اگر کوئی تم سے ایسی چیز کے بارے میں سوال کرے جسے تم جانتے ہو تو ضرور اُسے آگاہ کر دیا کرو۔

اسی طرح آپ سے اگر کوئی اوراد و وظائف کی اجازت طلب کرتا تو آپ ان کے بتانے میں بخل نہیں فرماتے تھے بلکہ اوراد کے پڑھنے میں قیودات اور پرہیزوں کی پابندی نہیں لگاتے تھے تاکہ پڑھنے والوں پر دشواری نہ ہو کیونکہ (حدیث شریف میں) وارد ہے:۔

اِنَّ الدِّیْنَ یُسْرٌ وَلَنْ یُّشَادَّ الدِّیْنَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهٗ

"بے شک دین آسانی کا نام ہے اور کوئی دین کو اپنے پر مشکل نہیں کرے گا مگر یہ کہ وہ اُس پر غالب آجائے گا"

صاحب "مجمع البحار" نے اسکی شرح میں لکھا

ای لا یتعمق احد فی الدین بترک الرفق الا عجز عن عمله کله اوبعضه

"یعنی دین میں نرمی کو چھوڑ کر باریکیوں کی طرف کوئی کوشش نہیں کرتا مگر یہ کہ وہ اسکے کل یا بعض پر عمل کرنے سے عاجز رہتا ہے"

اور یہ بھی وارد ہے:

یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَکِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا

Marfat.com

"آسانی پیدا کرو اور مشکل میں نہ ڈالو اور اطمینان دلاؤ نفرت نہ دلاؤ"

اور فرماتے تھے:

باطل است آنچہ مدعی گوید

خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

"مُدعی کا یہ کہنا باطل ہے کہ سویا ہوا سوئے ہوئے کو بیدار کیسے کر سکتا ہے"

(یعنی وہ شخص جس میں لیاقت نہ ہو وہ دوسرے بے لیاقت لوگوں کو راہِ راست پر کیسے لا سکتا ہے حدیث شریف کی رو سے جو کہ صحاح ستہ کی بعض کتابوں میں مروی ہے یہ مفہوم صحیح نہیں کیونکہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: بعض اوقات اللہ تعالیٰ اس دین کو فاجر مرد کے ساتھ بھی قوت عطاء فرماتا ہے)

کمالِ انکسار:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ:

"میری مثال حجرِ اسود کی سی ہے کہ لوگ اُسے بوسہ دیتے ہیں اور وہ خود سیاہ ہے"

ایک دن ریحان نامی فقیر ننگے سر اور ننگے پاؤں چل رہا تھا اور لوگوں کو اپنی بیعت کی طرف بلاتا جاتا تھا (ساتھ ہی تعجب خیز بات یہ ہے کہ) رنڈیوں وغیرہ کے گھر میں داخل ہو گیا اور بدنام ہوا، اُسی کا ایک مرید (اس سے بدظن ہو کر) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپکے دستِ حق پرست پر بیعت ہو گیا۔

جب اُسے اِس بات کا علم ہوا تو حضرت مولوی علی مردان صاحب کو جو کہ اس کاتب الحروف (حضور اعلیٰ، فانی فی اللہ، خواجہ عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے اساتذہ میں سے تھے اور مجذوبوں وغیرہ سے بہت عقیدت رکھتے تھے، ان کو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی

Marfat.com

خدمت میں بھیجا کہ آپ نے میرے مرید کو اپنا مرید کیوں کیا؟

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

میں ہر کسی کو ایمان و شریعت کے ساتھ بیعت کرتا ہوں مرید تو آپ ہی کرتے ہیں اور پیر بھی آپ ہی ہیں، میں تو کسی کو کلمہ شریف اور کسی کو درود شریف پڑھنا بتاتا ہوں جس کا مجھے میرے پیر صاحب (حضرت محبّ اللہ المتعال، نائب قبلہء عالم، شیخ الاولیاء، عمدۃ الاذکیا، خواجہ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے ارشاد فرمایا ہے۔

آنے والے زائرین کا احترام:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عاداتِ مبارکہ میں سے یہ بھی تھا کہ جب کوئی آپ کے مریدین میں سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کیلئے کچھ دنوں کے بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا تو آپ اس کے احترام میں کھڑے ہو جاتے اور اس کی رنج و مشقت (تھکان وغیرہ) کی بہت تلافی فرماتے، چنانچہ وہ سفر کی رنج وکلفت کو بھول جاتا اور خوش ہو جاتا۔

حضورِ اعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آمد پر خوشی کا اظہار کرنا:

جب یہ کاتب الحروف آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور آپ کی زیارت سے مشرف ہوتا تو فرماتے مرحبا! مرحبا!

آمدی و آمدنت بسیار خوش است
دیدنِ روئے تو عجب دلکش است

''آپ آئے آپ کا آنا بڑی خوشی کی بات ہے، آپکا چہرہ دیکھنا کتنا دلکش ہے'' (آپ نے مہربانی کی جو چلے آئے)

Marfat.com

جب تک یہ کاتب الحروف شادی شدہ نہیں ہوا تھا تو سفر و حضر میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں رہتا تھا، جب شادی ہوگئی تو پھر بھی ہر سال دو مرتبہ آپ کی خدمت میں خیر پور شریف حاضری دیتا تھا، اور دورانِ اقامت آپ کی خدمت میں حاضر رہتا جب آپ رخصت عطا فرماتے تو میں ملتان چلا آتا۔

البتہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آخری عمر میں مجھے سات ماہ میں تین بار آپ کی خدمت میں حاضری کا شرف نصیب ہوا اور غالبًا اس کاتب الحروف کو ہر بار تین روپے عنایت فرماتے اور فرماتے: "یہ تمہاری سواری کا کرایہ ہے"

تحائف عطا کرنا:

اور اگر میں کوئی کمبل یا کتاب خریدتا تو اُسکی قیمت بھی از خود عنایت فرماتے اور جب بھی یہ کاتب الحروف آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوتا بازار وغیرہ میں سیر نہ کرتا بلکہ آپ کے آستانے پر ہی مقیم رہتا۔

کوئی دوسرا کام مجھے خیر پور شریف میں نہیں ہوتا تھا، ہاں! اگر آپ کسی کام کا حکم دیتے تو میں اس کام کو چلا جاتا اور اگر کبھی "توفیقیہ شریف" پڑھنے کا حکم فرماتے تو میں اُسے پڑھتا اور اگر کسی کتاب کے لکھنے کا حکم فرماتے تو اُسے تحریر کرتا لیکن کبھی بھی فراخیٔ رزق وغیرہ کا آپ سے سوال نہیں کیا، ہاں! اگر آپ خود میری طلب کے بغیر عطا فرماتے تو قبول کر لیتا۔

میں تو محبوب کے وصال کا طلب گار ہوں:

ایک بار یوں ہوا کہ قبل از رشتۂ ازدواج آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے اپنی خدمت میں چند دن مزید رہنے کا حکم فرمایا میں نے عرض کی جی حضور! جب دو تین دن

Marfat.com

گذر گئے میں نے پھر رخصت طلب کی تو آپ نے رخصت دے کر فرمایا:

اُرِیْدُ وِصَالَهٗ وَ یُرِیْدُ هَجْرِی

فَاَتْرُکُ مَا اُرِیْدُ لِمَا یُرِیْدُ

میں تو محبوب کے وصال کا طلب گار ہوں لیکن وہ فراق کا، پھر مجھے اپنی خوشی اس کی خوشی پر قربان کرنی پڑتی ہے۔

ہجرے کہ بود رضائے محبوب

از وصل ہزار بار بہتر

کیونکہ وہ فراق جسے محبوب پسند کرے، وصال سے ہزار درجہ بہتر ہے۔

یہ سن کر میری آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں اور میں نے واپسی کا ارادہ ملتوی کر دیا۔

میرے حسب ونسب اور علم سے لوگوں کو آگاہ فرماتے:

اور یہ بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عادتِ کریمہ تھی کہ جب معتبر لوگوں میں نشست فرماتے تو اُن کو میرے حسب ونسب اور علم سے آگاہ فرماتے، حتیٰ کہ لوگ مجھ سے عقیدت کرنے لگتے، نیز میرے آباؤ اجداد کے محاسن واخلاق اور تعلقات کا ذکر فرماتے جو اُن کے اور آپ کے درمیان تھے۔

اگر کچھ رقم ہو تو بطورِ قرض مجھے دے دو:

میری ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے رقم بھی عطا فرماتے، نیز جب کسی کی حاجت روائی کیلئے آپ کو رقم کی ضرورت پیش آتی تو فرماتے "اگر کچھ رقم ہو تو بطورِ قرض مجھے دے دو میں واپس لوٹا دوں گا" میں عرض کرتا:

مالِ عالم مِلکِ تست و ما لکان مملوکِ تو
باوجودِ بے نیازی وَاقْرِضُو اللّٰہ گفتہٴ

(اے اللہ!) جہان کے تمام اموال تیری ملکیت ہیں اور سب مالک تیرے مملوک، اس شانِ بے نیازی کے باوجود خود تو نے فرمایا ''اللہ کو قرضِ حسنہ دو''

(اگرچہ یہ شعر اللہ تعالیٰ کی ثناء میں ہے لیکن حضورِ اعلیٰ، فانی فی اللہ، باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اِسکی نسبت حقیقی والے مفہوم کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے مجازاً عرض کی کہ میں آپکا غلام اور میرا مال سب کچھ آپ کی ملکیت ہے، پھر بھی آپ قرض فرماتے ہیں اس میں فقیر کی عزت افزائی ہے)

یہ سن کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے یہ کیسی بات کہتے ہو۔

بیماری کی حالت میں آپ کی شفقت:

نیز یہ بھی ایک مرتبہ ہوا کہ مجھے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آستانہ ء عالیہ پر سخت بخار نے آلیا اور میں شدتِ بخار کی وجہ سے ایک کونے میں غشی کی حالت میں بے طاقت ہو کر سویا ہوا تھا، آپ نے جب میری یہ حالت ملاحظہ فرمائی تو یوں شفقت فرمائی کہ میری صحت کیلئے علماء کو جو قرآن صحیح پڑھتے تھے جمع فرما کر ختمِ قرآن مجید کرادیا، ایک بکری بھی ذبح کی اور گلے میں پہننے کیلئے تعویذ بھی عنایت فرمایا اور (پروردگارِ عالم کے حضور عرض کی) ''اے میرے مالک! یہ ہمارے پاس بطورِ امانت ہے اس کو خیر و عافیت کے ساتھ (اپنے گھر) ملتان شریف پہنچا''

(الحمد للہ!) اسی دن یا دوسرے دن صحت و عافیت نصیب ہوئی، (نیز میری بیماری کے ایام میں) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منتظمینِ آستانہ کو حکم دے رکھا تھا کہ ان کو خوراک و دوائی وغیرہ جس چیز کی ضرورت ہو بہم پہنچائیں۔

اور یہ شرف بھی فقیر کو حاصل تھا کہ ماہِ رمضانُ المبارک میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تراویح میں ختمِ قرآن سناتا تھا اور اگر کبھی میں ماہِ مبارک میں بیمار ہوتا اور روزے کی پکی نیت نہ ہوتی تو فرماتے "یہ کہو کل میں روزہ نہیں رکھوں گا"۔

(تاکہ صراحتاً نیت کی نفی ہو جائے، کیونکہ ہر مسلمان ماہِ رمضان شریف میں دل میں روزہ رکھنے کی نیت رکھتا ہے اور ہو سکتا تھا دورانِ روزہ بیماری کی وجہ سے خوراک یا دوائی وغیرہ کی حاجت پڑے اور مذکورہ نیت کی وجہ سے روزہ توڑنے سے کہیں کفارہ لازم نہ آجائے کیونکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بیماری ایسی ہوتی ہے کہ جس کی وجہ سے روزہ توڑنے کی شرعی طور پر اجازت نہیں ہوتی اور آدمی روزے کو دوائی وغیرہ سے توڑ دیتا ہے تو پھر کفارہ لازم آجاتا ہے، اس خطرے کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے آپ حکم فرماتے کہ رات کو صبح صادق سے پہلے نیت کی نفی کر لو تاکہ اگر روزہ توڑنا ہی پڑے تو چونکہ رات سے صراحتاً نیت نہیں ہو گی اس لیے کفارہ لازم نہیں آئے گا، کیونکہ کفارہ لازم آنے کی ایک شرط رات سے نیت ہونا بھی ہے واللّٰہُ تعالیٰ و رسولہٗ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اَعلَمُ بالصواب)

مشارقُ الانوار یاد کرنے کی تلقین:

اور شروع ہی سے چونکہ اس کاتب الحروف کو علمِ حدیث کیساتھ محبت تھی تو ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے میں نے عرض کی اور پوچھا حضور! مجھے حدیث شریف یاد کرنے کا شوق ہے، آپ کونسی کتاب کا انتخاب فرماتے ہیں جس کو میں یاد کروں اور پڑھوں؟ آپ نے بطورِ حکایت فرمایا:

(فخر الاولیاء، خواجہء خواجگان) حضرت مولوی محمد فخر الدین دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ صاحب کو "مشارقُ الانوار" حدیث کی مشہور کتاب یاد تھی، نیز یہ بھی فرمایا کہ حضرت مولوی محمد فخر الدین صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کتاب کی شب کو تلاوت فرماتے تھے، وہ

Marfat.com

بھی اس صورت میں کہ چراغ کو پس پشت فرما لیتے۔

اسی دن سے جبکہ آپ نے یہ حکایت بیان فرمائی میں نے مذکورہ کتاب ''مشارق الانوار'' کو یاد کرنا شروع کر دیا، ہوتا یہ کہ کبھی اِس کو یاد کرتا تو کبھی اس کی سات منزلیں بنا کر ہر دن میں ایک منزل پڑھتا اور کبھی تیس پارے تیس دن میں مکمل کرتا۔

آدابِ معاشرت سکھاتے:

اور (جب کبھی) یہ کاتب الحروف حجرہ میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے بیٹھا ہوتا اور آپ مجھے کسی کام کیلئے بلانا چاہتے تو اسطرح آواز دیتے ''عبید اللہ!'' میں جلدی سے بھاگ کر آتا تو فرماتے آہستہ آہستہ اور (ساتھ ہی) آداب بھی تعلیم فرماتے۔

ایک دن اس کاتب الحروف (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور میاں محمد بخش کمبوہ مرحوم کے درمیان جو کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خدمت گاروں سے تھا کسی ایک بات میں ترش کلامی ہوگئی اور اُس نے مجھے ایک بات ایسی کہی جس سے مجھے غصہ آیا اور میں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں اِس کو عرض کیا، آپ نے اسے بلا کر اتنا ڈانٹا اور تنبیہ فرمائی کہ مجھے شرم آئی، چنانچہ میں نے اسی دن توبہ کر لی کہ آئندہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی ذات کے متعلق بے ذوق نہیں کروں گا اور مجھے یہ بھی یاد ہے کہ اسی روز سے میں نے حتی المقدور لڑنا جھگڑنا چھوڑ دیا، اور چونکہ اس فقیر کے مزاج میں ابتداءً غصہ بہت ہوتا تھا تو اس میں بھی رفتہ رفتہ فرق پیدا ہوگیا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس فقیر کو فرمایا کرتے تھے۔

سنگھترا مت ہو سجن
آسیب میٹھی کے موں بیٹھ

Marfat.com

ترش نیبو ساں ہی
گٹھی کو لے کرنا ہی کیا

یعنی ہر وقت خوش مزاج میٹھے رہا کرو، ملے جلے ترش میٹھے یا خالص ترش نہ ہوا کرو۔

جب کبھی میں خاموش ہوتا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خاموشی کے بارے میں ہی نصیحت فرماتے اور جب مجھے کسی بارے میں گفتگو کرتا ہوا دیکھتے اور وہ میرے لئے مناسب نہ ہوتی تو مٹھی بند کر کے اشارتاً خاموش رہنے کی تلقین فرماتے۔

ایک دن نمازِ صبح کے بعد آپ نے فرمایا:

مولوی عبد الرحمٰن (بھڈیرا) بہت بڑے عالم تھے، (اور) اس جہان سے رحلت فرما گئے ہیں یہ کہہ کر آپ نے یہ رباعی پڑھی:

علمے کہ بعالم بود آموختہ گیر
مالے کہ بگیتی بود اندوختہ گیر
آموختہ اندوختہ سوختہ گیر
ناگاہ چراغِ اجل افروختہ گیر

عالم کے تمام علوم سیکھ لو اور دُنیا کے تمام مالوں کو جمع کر لو، پھر سب حاصل کیا ہوا علم اور مال جلا ڈالو پھر اچانک موت کا چراغ روشن کر لو۔

اور فرمایا:

فَرِّقْ فَوْقَ الدَّرْسِ وَ حَصِّلْ حَالاً
ضَیَّعْتَ العُمْرَ وَ لَمْ تَنَلْ اِلَّا مَا لاً

Marfat.com

لَا یَفْعَکَ الْعُکْسُ وَلَا النَّقْضُ وَلَا

اِفْعَنْلَلَ یَفْعَنْلِلُ اِفْعِنْلَا لاً

علم حاصل کر لینے کے بعد اُستاد سے علیحدہ ہوکر حال حاصل کرنے کی کوشش کرو، ورنہ عمر ضائع کرو گے، اور مالِ دُنیا کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

تمھیں عکس اور نقض (یہ دونوں علم مناظرہ کی اصطلاحات ہیں) کچھ فائدہ نہیں دیں گے اور نہ ہی علمِ صرف کے صیغے اِفْعَنْلَلَ، یَفْعَنْلِلُ، اِفْعِنْلَا لاً

نیز فرمایا:

در طلب زن دائماً تو ہر دو دست

کہ طلب در راہِ نیکو رہبر است

ہمیشہ طلب میں کوشش کرتے رہو، کیونکہ اچھی روش میں طلب راہنما کا کام دیتی ہے۔

علومِ منقولہ اور غیر منقولہ کی تعلیم کی ترغیب:

اور اس بے ہیچ کو تدریسِ علمِ میراث (کی تلقین کرتے) جیسا کہ آپ نے مجھے اس کی تعلیم دی تھی اور تعلیمِ ''خلاصۃ الحساب'' ''شرح چغمینی'' ''بیست بابی'' ''اصطرلاب'' و ''کرہ'' کے رسائل اور ان کے نقشے بنانے اور تعلیمِ ''زیچ'' و ''شرح ہدایت الحکمۃ'' و تحریر ''اقلیدس'' کی ترغیب و وصیت فرماتے، کیونکہ یہ علوم متروک ہو چکے تھے اور لوگ ان کی تعلیم و تعلم میں سستی کا اظہار کرتے تھے، دوسری بات یہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ علوم دشواری سے حاصل ہوئے تھے اس لئے آپ چاہتے تھے کہ دوسروں کو دشواری نہ ہو۔

Marfat.com

اپنی زیارت کے لیے آنے والوں پر شفقت:

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عادتِ کریمہ یہ بھی تھی کہ وہ زائرین جو آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور از روئے ادب دوزانو ہو کر بیٹھتے آپ ازراہِ کرم اُن سے فرماتے "آسانی سے بیٹھو، دشواری سے نہ بیٹھو"۔

پھر ایک دن اس کی وجہ بھی خود ہی ارشاد فرمائی کہ:

"ایک دن میں بھی ایک بے پرواہ شخص کی مجلس میں اسی طرح (دوزانو) بیٹھا تھا، اُنہوں نے میری طرف بالکل توجہ نہ دی، حتیٰ کہ میرے گھٹنے درد کرنے لگے، اور میں مجلس کے آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پاؤں دراز نہ کر سکا (کہ کچھ سکون پاتا) اُس دن کی تکلیف کی وجہ سے میں لوگوں کو آرام سے بے تکلف بیٹھنے کو کہتا ہوں۔

بے کاری کی مذمت:

نیز فرمایا کرتے:

بے کار مباش کچھ کیا کر!

خونِ دلِ عاشقاں پیا کر!

(یعنی بے کاری میں نفس وشیطان کا راج ہوتا ہے اسی لئے فرمایا "خونِ دل عاشقاں پیا کر" یعنی اگر تو عاشق ہے تو ریاضت ومجاہدے کی تکلیف اٹھایا کر)۔

ابوسعید خراز کا عمل:

چنانچہ عارف باللہ، حضرت ملا عبدالرحمٰن جامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "نفحات الانس" (جو اہل اللہ کے حالات میں لکھی گئی مشہور تالیف ہے) میں حضرت ابوسعید خراز رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل فرمایا کہ:

Marfat.com

ایک دن ابوسعید خراز اپنی نعلین یا مشک یا چمڑے کا بستر وغیرہ سیتے جاتے پھر اس کو ادھیڑتے جاتے (ثُمَّ وَ ثُمَّ، بار بار یونہی کرتے) لوگوں نے گذارش کی کہ آپ یہ کیا کرتے ہیں؟ (یعنی اسکی حکمت کیا ہے) فرمانے لگے "اپنے نفس کو مشغول کرتا ہوں اس سے قبل کہ وہ مجھے کسی معصیت میں مشغول کردے"۔

حضرتِ شیخ منصور حلاج کا قول:

نیز "نفحات الانس" میں (اسی طرح) حضرت احمد بن منصور حلاج سے نقل فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنے والدِ بزرگوار حضرتِ شیخ منصور حلاج رحمہ اللہ تعالیٰ سے ایک بار رات کے پچھلے حصے میں وصیت طلب فرمائی تو وہ فرمانے لگے

"اپنے نفس کو کسی نہ کسی کام میں مشغول کرو اس سے قبل کہ وہ تمہیں کسی نافرمانی میں مشغول کردے"۔

حضرتِ شیخ ابومنصور گاؤ کلاہ کا قول و فعل:

اور "نفحات الانس" میں ہے کہ حضرتِ شیخ ابومنصور گاؤ کلاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے دوست سفر میں گئے ہوئے تھے اور آپ فارغ تھے کہ فوراً اُٹھ کھڑے ہوئے اور اُن میں سے کسی ایک کی چاردیواری میں (جو خالی پڑی تھی) جا کر کنواں کھودنے لگے یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گئے، جب کام مکمل ہوگیا تو دوسرا کنواں کھودنا شروع فرمادیا کسی نے ان سے کہا "دیوانوں کی طرح کیا کررہے ہیں؟"۔ فرمایا:

"اپنے نفس کو مشغول کررہا ہوں قبل اس کے کہ وہ مجھے اپنے کسی کام میں مشغول کرے"۔۔۔ مشائخ کا اسی طرح دستور رہا ہے۔۔۔

Marfat.com

حضرتِ شیخ ابو منصور گاؤ کلاہ کے قول کی شرح:

شارح "نفحات الانس" نے اس مقام پر لکھا:

"جان لو! کہ اربابِ نفس و ہوا کو بصورتِ بیکار رہنا اچھا نہیں، کیونکہ نفس کی مثال بچے کی طرح ہے، اگر اسے جائز کام میں مشغول نہیں رکھو گے تو وہ حرام میں مبتلا ہو جائے گا اور تم کو اس سے بدنامی وغیرہ اُٹھانی پڑے گی۔

لیکن طالبانِ صادق کیلئے جن کی قوتِ طلب اُن کے نیک اشغال (نیک کاموں میں مصروفیت) کی وجہ سے کامل ہوتی ہے اُن کو فراغت کا ملنا ضروری اور کامیابی کا موجب ہوتا ہے، اور کاملین کو شغلِ جسمانی کبھی غلبہء معنی وجمع و وحدت (عالمِ بقاء) میں موجبِ کمال ہوتا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے فناء تامہ سے تنزل فرما کر ظاہری اشغالِ جسمانی (جو کہ شرعِ مطہرہ پر عمل کرنا ہے) کی طرف عود فرماتے ہیں (یعنی عالمِ سکر سے عالمِ صحو کی طرف لوٹتے ہیں) کیونکہ یہی ان کے لئے سبب ازدیادِ احوال و ترقیء مراتب ہوتا ہے۔

اسی لئے تو حضور پُرنور (سید یوم النشور، محبوب رب غفور) صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

كَلِّمِيْنِي يَا حُمَيْرَاءُ!

"اے عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) مجھ سے باتیں کرو"

(وجہ اس کی یہ ہے کہ) عروجی کیفیت سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نزول فرمانا چاہتے تھے، تا کہ مباح کام میں امتِ مرحومہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے فیضانِ سنت سے درجات میں ترقی حاصل کرے۔

Marfat.com

البتہ بعض اوقات یہ کاملین عبادت میں کوشش اور کمالِ احتیاط اور اپنے نفس پر بدگمانی کرتے ہوئے کیونکہ وہ گمراہی کے دور گڑھے میں پھینکنے والا ہے، اربابِ نفس وہوا کی طرح (بہ کمالِ عجز وانکسار خود کو کامل گمان نہ کرتے ہوئے) محافظتِ اوقات میں کوشش کرتے ہیں (کیونکہ) یہی چیز ان کو زیادتیءِ احوال (وترقیءِ درجات) کا سبب بنتی ہے، چنانچہ حضرت شیخ ابو منصور رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذکورہ قول وفعل انہی دو وجوہات کا تقاضا کرتا ہے۔

حضرت شیخ عبدالرحیم اصطخری کا عمل:

نیز "نفحات الانس" میں مذکور ہے کہ کسی نے حضرت ابوالحسین صوفی رحمہ اللہ تعالیٰ سے پوچھا کہ حضرت شیخ عبدالرحیم اصطخری سگ بانوں (چرواہوں) کے ساتھ جنگل میں کیوں تشریف لے جاتے تھے اور قیمتی لباس کیوں پہنتے تھے (یعنی اس میں کیا حکمت تھی) آپ نے فرمایا:

یَتَخَفَّفُ مِنْ ثِقْلٍ عَلَیْهِ

اس لئے تاکہ وہ اپنے میں جو وزن محسوس فرماتے تھے اُسے ہلکا فرمائیں۔

(یعنی عجب وخود بینی کے اوہامِ باطلہ کا اندیشہ وخطرہ جب محسوس فرماتے تو پھر ملامت لینے کیلئے کچھ وقت یہ کرلیتے تاکہ بندگی اور عاجزی وانکساری کی حلاوت پاسکیں)

راضی برضا رہنے کی تلقین:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا:

کار ہا برخواہش خود خواستن کارِ خدا است

بندہ باشی وخدا گردی تواے نادان چرا است

اپنی مرضی سے کام کا ارادہ کرنا اللہ تعالیٰ کی شان ہے۔ اے نادان! تو بندہ ہوتے ہوئے خدائی کاموں کا دعویٰ کرتا ہے۔

حضرت شیخ یوسف خیاط ترمذی کا قول:

اسی شعر کے موافق "نفحات الانس" میں ایک حکایت درج ہے وہ یہ کہ حضرت شیخ الاسلام (عبداللہ اسماعیل ہروی المعروف پیرِ انصار رحمہ اللہ تعالیٰ) فرماتے ہیں حضرت ابوبکر وراق رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا ہے کہ:

حضرت شیخ محمد مسلم حصیر باف رحمہ اللہ تعالیٰ ایک مرتبہ حضرت شیخ یوسف خیاط ترمذی کے ہاں مہمان تھے اور وہ اپنے کسی کام میں مصروف تھے، حضرتِ شیخ محمد مسلم نے فرمایا "جلدی کیجئے مجھے کسی کام کو جانا ہے۔" کیونکہ شیخ محمد مسلم زاہد و عابد تھے اور ان کا دل کسی کام میں لگا ہوا تھا، حضرتِ شیخ یوسف نے اس بات پر اُن سے سوال کیا کہ "کیا اللہ تعالیٰ کے ارادے کے بغیر تم سے کوئی کام ہو سکتا ہے؟" (جس کی تم فکر کر رہے ہو؟) کیا تم اپنے گھر سے یہی ارادہ لے کر نکلے تھے کہ میں پھر واپس اپنے گھر کو لوٹوں گا؟ (مجھے تو) تین سال کا عرصہ گزرا کہ میں اپنے گھر سے یہ ارادہ کر کے نکلتا ہوں کہ واپس نہیں لوٹوں گا (کیونکہ لوٹنا اللہ تعالیٰ کے ارادے سے متعلق ہے اور اس کا ہمیں علم نہیں پھر اپنی تیاری کی فکر کرنی چاہیے اور اتنی لمبی آرزوؤں سے اجتناب کرنا چاہیے)

حضرت ابوبکر وراق نے فرمایا کہ حضرت شیخ یوسف کا یہی مذکورہ قول شیخ محمد مسلم کی سو سالہ عبادت سے بہتر ہے۔

اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے ڈرتے رہو:

اور مرید خواجہ، خواجگان، سیدنا و مولانا، محبوب اللہ، فانی فی اللہ، باقی باللہ،

Marfat.com

الشیخ خواجہ خدا بخش الملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے:

دریں درگہہ، کہ گہ، گہ کہ آمد، گہ کہ آمد، گہ

مشو ایمن اگر ہستی ز قہر و لطف او آ گہ

اس بارگاہ میں کبھی کوئی آیا، کبھی کوئی آیا، تو کبھی کوئی۔ (غرض یہ کہ کسی کو بقا نہیں) اسی لئے اللہ تعالیٰ کے لطف و قہر سے کبھی بے پرواہ نہیں ہونا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی ذات اور اپنے حسب و نسب اور اپنے کردار و عمل (یعنی) عالم و زاہد ہونا (یا) کریم و شجاع ہونا وغیرہ فضائل پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کی تخلیقی تبدیلیوں سے بے فکر نہیں ہونا چاہیے، بلکہ مستقل طور پر خوف میں رہنا چاہیے کیونکہ حقیقی انجام حسنِ خاتمہ پر ہے۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے:

شاہا! راہِ عدم چہ ہموار است

چشم پوشیدہ مے رود ہر کس

اے بادشاہ! موت کا راستہ کیسا ہموار ہے، ہر شخص اُس پر آنکھیں بند کر کے چلا جاتا ہے۔

(واللہ تعالیٰ اعلم و رسولہٗ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم مذکورہ شعر میں راہِ عدم سے مراد کیا ہے، ہو سکتا ہے موتِ اختیاری مراد ہو، نہ کہ موتِ اضطراری، کیونکہ قرینہ سیاق جو کہ ھو بدل الروح الی اخرہ ہے اسی پر دلالت کرتا ہے)

چنانچہ "نفحات الانس" میں منقول ہے کہ حضرت عبداللہ خفیف فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت رویم بن احمد نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا:

Marfat.com

"اے (میرے) بیٹے! اہل اللہ کا راستہ (جو کہ راستہء توحید ہے) روح کو فنا کرنا ہے (اور بس) فَلَا تَشْغَل بِتَرَّهَاتِ الصُّوفِيَه پھر صوفیائے کرام علیھم الرضوان کی (عام ذہن کے انسانوں کے لئے ریاضات و مجاہدات کی وضع کی گئی) چھوٹی چھوٹی اصطلاحات کی طرف کان نہ دھرو۔۔۔

نظریہء وحدت الوجود کا بیان:

اور نیز "نفحات الانس" میں حضرتِ شیخ عبداللہ بلیانی سے نقل ہے کہ (ایک دن) آپ نے (خواص کی مجلس میں) یہ فرمایا کہ:

"خدادان باشید وگرنہ خودوان نیز مباشید"

"اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرلو، اور اگر یہ نہ ہو سکے تو پھر خود کو کچھ نہ جانو" کیونکہ خود کو جب کچھ نہ جانو گے تو پھر اُس کی معرفت حاصل ہو جائے گی۔

"خویش راگم کن، وصال این است بس"۔

"خود کو فنا کرنا ہی محبوب کے وصال کا واحد ذریعہ ہے"۔ اُس کے بعد آپ نے فرمایا: اب اس سے بھی بہتر بات کہتا ہوں:

"خدا باشید وگرنہ خود مباشید"

بقاباللہ کا مقام حاصل کرلو اور پھر اگر یہ نہ کرسکو (تو اس کا علاج یہ ہے) کہ خود کو بالکل فنا کردو۔ کیونکہ:

"اگر خود نباشید خدا باشید"

جب خود نہیں رہو گے (بلکہ خود فنا ہو جاؤ گے) تو پھر بقاباللہ کے مقام پر فائز ہو جاؤ گے۔

Marfat.com

"خود مباش اصلا کمال این است و بس"

خود کو فنا کر دو، کمال بس یہی ہے

اور یہ بھی "نفحات الانس" میں منقول ہے کہ شیخ عبداللہ بلیانی کے ایک مرید نے پہاڑ میں گوشۂ عزلت (تنہائی) اختیار کر رکھا تھا (ایک بار یوں ہوا کہ) اُن کے سامنے ایک سانپ آ پہنچا اور انہوں نے اس کو پکڑنے کا ارادہ کیا، شیخ نے فرمایا: کیا کر رہے ہو کس لئے پکڑتے ہو؟ انہوں نے عرض کی: آپ نے ہی تو فرمایا تھا کہ غیر خدا کا وجود نہیں ہے۔

حضرت شیخ نے فرمایا:

"حق تعالٰی کی صفاتِ قہر کا جہاں کہیں اظہار دیکھو تو اس سے بھاگو، حتیٰ کہ تمہیں اس (واجب الوجود، واحدِ حقیقی) کی معرفت حاصل ہو جائے۔ (یعنی اگر اُس کی ذات میں فناء مطلق حاصل ہو جائے تو پھر تو تم اپنی ذات کو بھی نہیں پاؤ گے، سانپ وغیرہ کا ذکر ہی کیا) پھر آپ نے (اُن کی ہدایت کی خاطر) دعا فرمائی تو شفایاب ہو گئے۔

میرے مرشدِ کریم حضرت خواجہء خواجگان، سیدنا و مولانا، محبوب اللہ، خواجہ خدا بخش الملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "توفیقیہ شریف" میں حضرت خواجہ حافظ (خواجہ حافظ سے مراد کوئی شاعر ہوں گے واللہ تعالیٰ اعلم) سے نقل فرمایا ہے:

در عشق بازی اے دل! جان بر بکوئے دیگر
کو کشتہ ے ستاند معشوق ما جنایت

اے دل عشق بازی میں اپنی روح کو دوسرے کوچے میں لے جا، کیونکہ ہمارا معشوق اپنے (عشق کے) قتل کیے ہوؤں سے بدل جنایات طلب کرتا ہے۔

Marfat.com

کیونکہ "کوئے دیگر" (دوسرے کوچے) سے مراد یہاں راہِ عدم اختیاری ہے

(یعنی خود کو معدوم در معدوم کرتا جا) اور یہ بھی فرماتے تھے:

بسی صد سال آں معنی محقق شد بخاقانی

کہ یکدم باخدا بودن بہ "ملکِ سلیمانی

"خاقانی کو تین ہزار سال کے بعد یہ حقیقت معلوم ہوئی کہ ایک لحظہ باخدا

ہونا ملکِ سلیمانی سے بہتر ہے"

اور باخدا ہونے کا مطلب اس سے پہلے حضرت شیخ عبداللہ بلیانی کے ملفوظ

میں بیان ہو چکا ہے، چنانچہ اسی بیان میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

خویش را گم کن وصال این است وبس

خود مباش اصلاً کمال این است وبس

(اے سالک!) اپنے آپ کو (عشقِ حقیقی میں) گم کردے، بس وصال اسی کا

نام ہے، خود کو بالکل فنا کردے بس کمال اسی کا نام ہے"

اور "باخدا بودن" کی تشریح یہ ہے کہ یہ (بقا باللہ کا) جہان باقی ہے اور وہ

(دنیاوی) مملکت فانی۔

مزید آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

چیں بر جبین ز جنبشِ ہر خس نمیکنند

دریادلاں چو آبِ گہر آرمیدہ اند

اہل اللہ چھوٹے چھوٹے تنکوں کی وجہ سے جبینِ نیاز پر بل نہیں ڈالتے، دریا

دل (بڑے دل والے) (آنکھ کی) پتلی کے پانی کے مثل سکون میں رہتے ہیں۔

Marfat.com

مپوش چہرہ مشو درہم از تفرج خلق

کہ خواند خطِ تو بر چہرہ "اِن یکاد" دمید

مخلوق کے تماشوں کی وجہ سے قلق (پریشانی) میں نہ پڑو، نہ چہرہ چھپاؤ، کیونکہ تمھارے چہرے پر آیتِ "اِنْ یَّکَادُ" (سورۃِ "ن والقلم" کی آخری آیت جو کہ نظرِ بد کی تکلیف سے بچنے کیلئے پڑھی جاتی ہے) نے خط کو اُگا دیا ہے۔

اس شعر سے مقصود یہ ہے کہ مخلوق کے برے اخلاق کی وجہ سے اُن پر غصہ اور خفگی نہیں کرنی چاہیے، کیونکہ مخلوق کو چھوٹے چھوٹے تنکوں کی طرح دریا کے پانی پر جاننا چاہیے، جن کو اللہ تعالیٰ کا ارادہ ازلی لاتا اور لے جاتا ہے۔

اور دوسرے مصرعہ "خواند خطِ تو بر چہرہ "اِن یکاد" دمید" سے مراد سالک کا بالغ ہو جانا اور اس کا درجہ کمال کو پہنچنا ہے۔

شب بیداری کی ترغیب اور نظرِ عبرت کا بیان:

اور نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک مرتبہ میں نے سفر میں سحری کے وقت یہ اشعار سنے:

سحر برخیز و ذکرِ بے ریا کن

بداں درگاہ خود را آشنا کن

سحری کے وقت بیدار ہو کر بے ریا ذکر کرو، اس طرح اُس بارگاہ سے خود کو آشنا کرو۔

اگر گوئی کہ من درویش حالم

نظر بر خاندانِ مصطفٰے کن

Marfat.com

اگر تم یہ کہتے ہو کہ میں کوئی درویش حال ہوں تو پھر حضور جانِ نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کو نظر میں لاؤ (تاکہ تمہیں صبر کرنا آسان ہو)

ور گوئی کہ بر من ظلم رفت است

نظر بر کشتگان کربلا کن

اور اگر تم یہ کہتے ہو کہ مجھ پر ظلم وستم ہوا ہے تو پھر شہدائے کربلا کی طرف دیکھو (کیا ان سے بھی زیادہ ظلم ہوا ہے؟)

وقتِ سحر وقتِ مناجات ہے

خیز دراں دم کہ بہ برکات ہے

یہی وقتِ سحر یادِ الٰہی کا خاص وقت ہے، اس وقت بیدار ہونا چاہیے، کیونکہ یہ بڑا ہی بابرکت وقت ہے۔

نفس مبادا کہ بگوید ترا

خسپ چہ خیزی ابھی رات ہے

نفس کے دھوکے میں مت آجانا، یہ نہ ہو کہ وہ تمہیں کہے سو جاؤ کیوں بیدار ہوتے ہو؟ کہ ابھی تو رات ہے

ان ابیات واشعار سے لوگوں کو قیام اللیل (نماز تہجد) کی رغبت اور شوق دلانا مقصود ہے، اور ذکر بے ریا سے بے خود ہو جانا مراد ہے (یعنی ذات خداوندی میں اتنے فنا ہو جاؤ کہ خودی کا تصور ہی نہ رہے)

حقیقی سعادت کیا ہے:

اور یہ بھی فرماتے تھے:

Marfat.com

سعادت خواہی از عادت گزر کن

کہ ترکِ عادت است اصلِ سعادت

سعادت اگر چاہتے ہو تو رسومات و عادات سے اجتناب کرو، کیونکہ رسومات وعادات ترک کرنا ہی حقیقی سعادت ہے۔

نیز یہ بھی فرمایا کہ:

خُلقِ نیکو سعادت اَبدَ ی است

ایں سعادت بہ ہر کسے ند ہند

اچھا اخلاق دائمی سعادت ہے، یہ سعادت ہر کسی کو نہیں ملتی۔

ان اشعار کا مقصد انسانی رسومات وعادات کو ترک کرنا ہے، کیونکہ ان کی بنیاد خود بینی وخود پسندی اور خود نمائی پر ہوتی ہے۔

مقام تسلیم ورِضا:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

چوں رزق مقدر است، کم کوشی بہ

چوں گفتہ نویسند، بخاموشی بہ

جب رزق کی مقدار معین ہے تو پھر اسکے حصول میں کوشش کم کرنا بہتر ہے۔

جب فرشتے ہر بات لکھ لیتے ہیں تو پھر خاموشی بہتر ہے۔

چوں میگزرد عمر، بخاموشی بہ

چوں بیم حساب است، نمد پوشی بہ

جب زندگی (کسی نہ کسی طرح) گزر ہی جائیگی تو پھر خاموشی (ہی سے گزار دینا) بہتر ہے۔

Marfat.com

جب (نعمتوں کے بارے میں) خوفِ حساب ہے تو پھر ٹاٹ کا لباس پہن لینا ہی بہتر ہے۔

اس رباعی سے مراد عبودیت اور تسلیم و رضا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کی موجودہ عطا پر قناعت کر کے مقصدِ تخلیقِ جن و انس کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے اوقات کو مالکِ حقیقی بلند و برتر کی عبادت میں صرف کر دینا بہتر ہے)

نیز آپ فرمایا کرتے:

مؤدِّب صورتے پشمینہ پوشے
ملائک سیرتے خانہ بدوشے

باادب (صاحبِ اخلاقِ عظیم) لوگ اونی لباس میں ہوا کرتے ہیں (یعنی سادہ مزاج ہوا کرتے ہیں) فرشتہ صفت لوگ جھونپڑیوں پر قناعت کرنے والے ہوتے ہیں۔

جہاں گردے حلیمے بردبارے
زگلزارِ جہاں قانع بخارے

وہ اکثر سفر میں رہنے والے ہوتے ہیں (تاکہ دنیا کا مقامِ سفر ہونا اُن کے لئے مراقبہ باطن رہے) حوصلہ اور برداشت کرنے والے ہوتے ہیں۔ دنیا کے گلزار سے صرف ایک کانٹے پر قناعت کرنے والے ہوتے ہیں (جیسا کہ اہل اللہ کے بارے میں وارد ہے کہ وہ صوم طیٔ کے عادی ہوا کرتے ہیں اور درمیان میں افطار و سحر درختوں کے پتوں، کانٹوں اور جنگلی پھلوں سے کر لیتے ہیں)

یہ اشعار ایک معمہ (پہیلی کی صورت میں) ہیں کہ ان سے ظاہری مراد اونٹ ہیں (مؤدِّب صورتے پشمینہ پوشے۔۔۔ الیٰ آخرہٖ کہ یہ سب اونٹ کی صفات ہیں) اور مقصدِ حقیقی وہی رضا و عبودیت ہے (جو کہ پچھلی رباعی میں مذکور ہوا)۔

چنانچہ حضورِ پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

"اَلْمُؤْمِنُوْنَ هَيِّنُوْنَ لَيِّنُوْنَ كَالْجَمَلِ الْاَنِفِ اِنْ قِيْدَ اِنْقَادَ وَاِنْ اُنِيْخَ عَلٰى صَخْرَةٍ اِسْتَنَاخَ"

''مومن نرم مزاج اور باوقار ہوتے ہیں، جیسا کہ وہ اونٹ جس کے ناک میں نکیل ڈال دی گئی ہو، اگر اسے کھینچو پھر بھی اور اگر اسے (کسی نامناسب) یعنی کنکر والی زمین پر بٹھا دیا جائے پھر بھی مطیع رہتا ہے''۔

(اسی طرح مومن اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حق کو مانتے ہوئے ہر حکم ماننے میں فرمانبردار رہتا ہے)

صحبتِ صالح ترا صالح کند:

ان مذکورہ ابحاث کا ماحصل صحبتِ اولیاء رحمہم اللہ تعالیٰ ہے (کہ یہ سب اس کی برکتیں ہیں) جیسا کہ ''نفحات الانس'' میں مذکور ہے کہ:

ایک مرتبہ خلیفہ بغداد نے حضرتِ رویم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ''اے بے ادب!'' آپ نے جواب میں فرمایا: (اگر ایسا ہی ہے تو) میں صرف آدھا دن (سید الطائفہ) حضرتِ جنید بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت میں بیٹھ کر باادب بن جاؤں گا۔

نظامِ عالم عشاق کے مرہونِ منت ہے:

اور نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے:

نخواہد ایں چمن از سرو لالہ خالی ماند
یکے ہمے رود و دیگر ہمے آید

یہ چمن سرو اور گلِ لالہ سے خالی نہیں رہتا، ایک جاتا ہے تو دوسرا آجاتا ہے۔

Marfat.com

(اس شعر میں) ''سرو'' سے مراد ذاتِ مرشد ہے جو کہ (خواہش نفس کی قید سے آزاد ہوتا ہے) اور ''گلِ لالہ'' سے مراد عاشق ہے جو کہ داغِ فرقت میں مبتلا ہے۔

یعنی یہ جہان طالبین اور مطلوبین سے خالی نہیں رہتا، کیونکہ قوامِ نظامِ عالم (اس جہان کا قیام) انہیں دو گروہوں کی وجہ سے ہے۔

مخلوق کو راحت پہنچانے کا اجر:

اُسی دن جبکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ اقوال نقل فرما رہے تھے، آپ نے اس بیت الخلا کے بارے میں فرمایا جس کو آپ نے مہمانوں اور درویشوں کیلئے تعمیر کروایا تھا اور عوام کو بھی اس کے استعمال سے منع نہیں فرماتے تھے۔

قاضیءِ شہر مستراے ساخت
توشہءِ عاقبت ہمینش بس

شہر کے قاضی نے (لوگوں کیلئے) جائے استراحت بنوائی، اسکے توشہءِ آخرت کو بس یہی کافی ہے۔

اپنا راز کسی سے نہ کہو:

پھر آپ نے تبسم کناں فرمایا:

رازِ دل گر میتواں با یار جانی ہم مگو
یار آں یارے بود از یادِ یار اندیشہ کن

اپنے دل کا راز اگر ہو سکے تو اپنے پیارے دوست سے بھی نہ کہنا چاہئے (کیونکہ) اسکے بھی اور دوست ہونگے پھر دوست کے دوست سے فکر مند ہونا چاہئے۔

نیز فرماتے تھے:

مثنوی (شریف) کے اس مصرع میں ---

کُلُ سِرٍ جاوَزَ الاِثْنَینِ شَاعَ

راز جب دو (ہونٹوں) سے گذر جاتا ہے تو پھر مشہور ہو کر رہتا ہے، لفظ اثنین (دو) سے مراد "دو ہونٹ ہیں"۔

پس معلوم ہوا کہ جب متکلم کے منہ سے راز نکلتا ہے تو پھر اُسے شہرت سے روکنے کا (جہان میں) کوئی علاج نہیں۔

بناء بریں حضرت مولوی داؤد صاحب نے "شیر و شکر" (کتاب کا نام) میں میں فرمایا۔

در دِل خود کافراست و یا جہود

در خموشی رستہ است از ہر عنود

"اگر کوئی اپنے دل ہی دل میں کافر ہو یا یہودی، جب تک خاموش رہے گا کسی مخالف کی زد میں نہیں آئے گا"

اور نیز فرماتے تھے:

ابلہے راصَرفہءِ زر میکنی

صَرفہءِ گفتار کن از میکنی

"بیوقوف کو مال و زر کی کفایت شعاری کی تعلیم کیوں دیتے ہو، اگر ہو سکے تو اُسے باتوں کی کفایت شعاری کی تعلیم دو"

اہل اللہ عطائے الٰہی قدرت والے ہیں:

اور نیز آپ فرماتے تھے:

کوہ بگنجد چو بگنجا نیش

کاہ نسنجد چو دسنجا نیش

''اگر پہاڑ کو (کسی جگہ میں) سمانا چاہیں تو وہ سما جائے گا، لیکن تنکا اگر بکوشش وزن کیا جانے لگے تو وہ کہیں وزن نہیں کیا جا سکے گا۔

یعنی نفس (دل) کی تخلیق اللہ تعالی نے کچھ اس طرح فرمائی ہے کہ بظاہر بہت تنگ اور چھوٹا نظر آتا ہے لیکن اگر اس میں (مثال کے طور پر) پہاڑ سمونا چاہیں تو وہ بھی سما جائے، کیونکہ اہل اللہ جب دنیاوی رسوم و عادات کے ترک کر دیتے ہیں تو پھر انہیں یہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے، اور اسی کو خرقِ عادت (کرامت) کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ اور جتنی سالک کی اس (ترکِ دنیا) میں کوشش ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُسے اس کوشش سے کئی گنا زیادہ فیضان مل جاتا ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

''مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْہِ ذِرَاعاً وَ مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ ذِرَاعاً تَقَرَّبْتُ اِلَیْہِ بَاعاً وَمَنْ اَتَانِی یَمْشِی اَتَیْتُہٗ ھَرْوَلَۃً''

''جو آدمی میرے قرب کی طرف ایک بالشت چلتا ہے تو میری طرف سے رحمت ایک گز اس کے قریب ہو جاتی ہے، اور اگر وہ ایک گز قریب ہو تو میری رحمت ایک باع (دو ہاتھوں کا پھیلاؤ) اس سے قریب ہو جاتی ہے، اور جو میرے راستے پر پیدل چل کر آتا ہے تو میری رحمت بھاگ کر اسکو گلے لگاتی ہے''

اور آیت کریمہ:

''اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِہِمْ''

Marfat.com

"بے شک اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت اسوقت تک تبدیل نہیں فرماتا جب

تک کہ وہ قوم اپنی حالت خود تبدیل نہیں کرتی"

سے یہ (اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوشش کرنے کا) مضمون معلوم کیا جاسکتا ہے۔

سمتِ قبلہ درست کردی:

چنانچہ مشہور ہے کہ:

حضرت پیر عبدالحکیم صاحب رنگریز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کبھی قبلہ شریف کی

طرف پشت نہیں کی تھی۔

ایک دفعہ انہوں نے ایک مسجد کو جو سمتِ قبلہ شریف پر صحیح تعمیر نہیں ہوئی تھی

(اپنی کرامت سے) اپنا کپڑا نچوڑتے ہوئے سمتِ قبلہ کی طرف پھیر دیا تھا۔

(اور بزرگ فرماتے ہیں کہ جب آپ نے کپڑا نچوڑتے ہوئے توجہ فرمائی تو دیکھا کہ کپڑا تھوڑا سا پھٹ گیا ہے۔ فرمایا: مسجد کی سمتِ قبلہ تو ٹھیک ہوگئی ہے لیکن اس میں تھوڑی سی دراڑ آگئی ہے، کیونکہ یہ کپڑا پھٹ گیا ہے۔ اور وہ مسجد دہلی کی مشہور "شاہی مسجد" تھی جس میں آج تک دراڑ کے نشانات موجود ہیں) اور باقی اہل اللہ کو بھی اسی پر قیاس کرلو (یعنی ان کی طاقت کا اندازہ کرلو)

ترکِ شہواتِ نفس:

نیز آپ (میرے مرشدِ کریم) رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی فرمایا:

چند نرا انگشتِ تو در عقدِ بیست

مُشت بہ بندار بُودت میلِ زیست

"کب تک تیری نرانگشت (انگوٹھا) عقدِ بیست میں الجھی رہے گی، اگر تمہیں

Marfat.com

(روحانی) زندگی چاہیے تو پھر مٹھی بند رکھو"

شعر میں "ز انگشت در عقد بیست" سے مراد جماع ہے اور "مُشت بہ بند" (مٹھی بند کرنے) سے مراد ترکِ جماع اور ترکِ اتباعِ شہوات ہے۔

چنانچہ ارشادِ ربانی ہے:

"وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ"

یعنی چاہیے یہ کہ جماع سے مقصد طلبِ فرزند ہو نہ کہ اتباعِ شہوت۔

عشقِ حقیقی کی منازل لامحدود ہیں:

اور یہ بھی فرماتے:

دردمند از کوچہء دلدارے آئیم ما

آہ کز دارالشفا بیمار ے آئیم ما

"محبوب کی گلی سے ہم دردمند ہو کر آتے ہیں، ہائے افسوس! دارالشفاء سے ہم بیمار ہو کر آتے ہیں"

عشق مارا عاقبت در کوئے او بیقدر ساخت

یار کم مے خواہد و بسیار ے آئیم ما

"آخرِ کار عشق نے ہم کو انکی گلی میں اتنا بے قدر کیا کہ وہ دوست تو ہمارا کم آنا پسند کرتے ہیں اور ہم بہت (زیادہ جانے کی خواہش رکھتے ہیں)"

بلبلے در برگِ گل خوش رنگ در منقار داشت

و اندراں برگ و نوا خوش نالہائے زار داشت

"بلبل اپنے منہ میں تازہ پھول کا پتہ پکڑے تھا اور اس (بہار رنگ) خوشی

Marfat.com

میں خوبصورت راگوں کو (غم واندوہ کے ساتھ) ترنم کر رہا تھا"

گفتم اندر عین وصل ایں نالہء وفریاد چیست

گفت مارا جلوہء معشوق درایں کار داشت

"میں نے اس سے پوچھا وصلِ یار میں یہ فریاد نالہ و رونا کیا ہے؟ کہنے لگا ہم کو یار کے جلووں نے اس کام میں مصروف کیا ہے"۔

مذکورہ رباعی کا ماحاصل یہ ہے کہ (عشقِ حقیقی میں) ظہور اختفاء کا مقتضی ہے (یعنی جب سالک ایک مقام کو منتہائے نظر سمجھ کر ترقی کرتا ہوا اس مقام تک رسائی حاصل کر لیتا ہے تب اس پر انکشاف ہوتا ہے کہ اس سے آگے ابھی اور بھی منازل ہیں تو پھر وہی ظہور اس کے لئے اختفاء ہو جاتا ہے) لہٰذا اس پر پھر آثارِ ہجر مرتب ہونے لگتے ہیں (کیونکہ)---

اے برادر! بے نہایت در گہے است

ہر چہ بروے مے رسی بروے مایست

اے بھائی! لامحدود کا دربار ہے، جتنا اس بارگاہ سے قریب ہوگا (سفر ختم نہ ہوگا بلکہ) اس سے آگے ابھی اور مزید (سفر باقی) ہوگا (کیونکہ منازلِ معرفت کی کوئی انتہا نہیں ہے)

(جیسا کہ) اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى

"اور البتہ (اے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) ہر اگلی ساعت آپ کے لئے گذشتہ ساعت سے کہیں بہتر ہے"

اور پہلی رباعی میں "یار کم مے خواہد و بسیارے آئیم ما" سے مراد خودی و بیخودی ہے۔

Marfat.com

عشق دو طرفہ ہوتا ہے:

اور نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے۔

جذبہء عشق و محبت از دو جانب مے شود
یار مے خواہد دلم چوں یار مے خواہد دلم

"عشق و محبت کی کشش دونوں جانب سے ہوا کرتی ہے، محبوب میرے دل کو اسی طرح چاہتا ہے جیسا کہ محبوب کو میرا دل چاہتا ہے"

آخری مصرعہ میں ایک جگہ "دلم" فاعل اور "یار" مفعول اور دوسری جگہ اس کے برعکس ہے۔

اور فرمایا:

عاشقاں ہر چند مشتاقِ جمالِ دلبراند
دلبراں بر عاشقاں چنداں ازاں عاشق تراند

"محبوبوں کے جمال پر عاشق جس قدر فریفتہ ہوتے ہیں، محبوب ان سے کہیں زیادہ اپنے عاشقوں پر فریفتہ ہوتے ہیں"

خود کو اس جلوے پر قربان کر دے:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ:

دلا چوں جلوہ بہ بینی شہید کن خود را
کہ چنیں موت گاہ گاہ مے آید

اے دل! جب تجھے محبوب کے جلوہ سے فیض ملے تو پھر خود کو اس جلوے پر قربان کر دے کیونکہ ایسی موت کبھی کبھی میسر آتی ہے (جسکی بڑی قدر و قیمت ہے)

Marfat.com

اس شعر میں لفظ ''جلوہ'' ''ج'' کے ساتھ پڑھا گیا (لیکن) میں نے آپ (حضرت خواجہ خدا بخش صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے ''ح'' کے ساتھ سنا ہے (جو کہ حلوہ ہے) گویا آپ نے خوش طبعی سے ایسا فرمایا ہوگا یا بطریق مجاز۔

اور نیز فرمایا:

در کوئے دوست عطاء گرچہ بھیڑ بھاڑ ہے
تو بھی گھسڑ گھسڑ کے آنجا گھساڑ چشم

''دوست کی گلی میں (اے عطا!) اگرچہ انبوہِ کثیر (بہت رش) ہے (یعنی عشاقِ عالمِ فناء رش کیے ہوئے ہیں) تو بھی (اس مجمع میں) داخل ہو جا، داخل ہو جا اور اسی میں امید لگا (یعنی عالمِ فنا کا انتظار کر)''

<u>کدام پیش بود، او دانداو داند:</u>

(حضرت عارف باللہ جامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے 'نفحات الانس' میں حضرت ابو سعید خراز سے ان مذکورہ ابیات کے موافق شعر نقل فرمایا ہے کہ آپ نے فرمایا:

روزگارے اورا جستم خودرا یافتم

اکنوں خودرا جویم اورا یابم

''ایک مدت تک میں اُسے تلاش کرتا رہا لیکن پاتا تھا خود کو، اب خود کو تلاش کرتا ہوں لیکن پاتا ہوں اُس کو''۔

وچوں بیابی برہی

وچوں برہی بیابی

کدام پیش بود، او داند او داند

Marfat.com

''جب تو (اُس محبوبِ حقیقی کو) پالے گا تو اپنی خودی سے گزر جائے گا اور جب تو اپنی خودی کو فنا کرلے گا تو اُسے پالے گا۔ (ان دو میں سے) کون (سی بات) مقدم (پہلے) ہے، وہی جانتا ہے وہی جانتا ہے۔''

چوں او پیدا شود تو نباشی

چوں تو نباشی او پیدا شود

کدام پیش بود، او داند او داند

''جب وہ (محبوبِ حقیقی) ظاہر ہوگا (پھر) تو نہیں رہے گا (اور) جب تو نہیں رہے گا وہ ظاہر ہوگا (ان دو میں سے) کون (سی بات) مقدم (پہلے) ہے، وہی جانتا ہے وہی جانتا ہے۔''

اسی انداز میں حضرتِ بایزید بسطامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

من باو نہ پیوستم، تا از خود نگستم

واز خود نگستم، تا باو نہ پیوستم

کدام پیش بود، او داند او داند

''میں اس کے ساتھ واصل نہیں ہو سکا جب تک کہ میں اپنے سے دور نہیں ہوا، اور میں اپنے سے اس وقت تک دور نہیں ہوا جب تک کہ اس کے ساتھ واصل نہیں ہوا۔ (ان دو میں سے) کون (سی بات) مقدم (پہلے) ہے، وہی جانتا ہے وہی جانتا ہے۔''

شیخ الاسلام حضرت عبداللہ انصاری ہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل فرماتے ہیں کہ حضرتِ علی سیاح رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

اولیائے ''ماوراالنہر'' رحمہم اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''جب تک تو اپنے سے جدا نہیں ہو

Marfat.com

گا اُسے نہیں پا سکے گا" اور اولیائے عراق رحمہم اللہ تعالیٰ کی رائے یہ ہے کہ "تو اُسے نہیں پائے گا جب تک تو اپنے سے علیحدہ نہیں ہوگا"

دونوں اقوال کا مفہوم ایک ہی ہے، خواہ مٹکا پتھر پر آئے یا پتھر مٹکے پر، لیکن چونکہ میں (شیخ الاسلام پیر انصار ہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اہلِ عراق سے ہوں، کہتا ہوں کہ "ابتداء اُسی سے بہتر ہے"۔ (یعنی دوسرا قول "تو اُسے نہیں پائے گا۔۔۔" ادب کے زیادہ قریب ہے)

(چند صفحات پہلے) ایک شعر میں لفظ "حلوہ" (آیا تھا) اس سے مراد ذوق ہے یعنی تمہیں ذوق دیتے ہیں (پھر تمہیں) سیر اور ملول (غمگین) نہیں ہونا چاہئے، اور تمہیں معلوم ہو کہ کشش اسی (محبوبِ حقیقی) ہی کی کشش ہے، پھر اُس کی کشش سے خود کو محو اور خود کو اس پر قربان کر دینا چاہئے۔

اور (اسی طرح چند صفحات پہلے ایک شعر میں جو لفظ) "کوئے دوست" (آیا تھا) اس سے مراد "عدم" ہے کیونکہ عاشق جب تک فنا کی گلی میں نہیں پہنچتا اُس وقت تک واصل نہیں ہوتا۔

فنائیت ہی مقصودِ اصلی ہے:

اور اسی معنی کے موافق ایک بزرگ نے فرمایا:

اے زاہدِ مردم نما، تا چند ایں ورد و دعا

رو محو آں رخسار شو، بگزار ایں اوراد را

"اے زاہد! اوروں کو دکھانے کے لئے کب تک یہ وظیفے پڑھتے رہو گے، جاؤ خود کو اسکی ذات میں فنا کر دو (یہی اصل کام ہے) ان ظاہری اوراد کو چھوڑ دو۔"

Marfat.com

نیز فرمایا:

عطاء! از مفلسی دوٹوک رہتے

سمجھتے بوجھتے پہچانتے رہہ

''اے عطاء! مفلسی (''عدمیتِ ذاتی'' یعنی اپنی ذات کو معدوم سمجھنے) سے مقصد حاصل ہوتا ہے، (لہٰذا اس بات) کو سمجھتے اور پہچانتے رہو (بھولو نہیں)''

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

اے عطا! خیز از یں شہر بزودی بگریز

ورنہ اینہا ہمہ ریش تو بھٹک در جھٹ کند

''اے عطا! کھڑا ہو اور اس شہر سے جتنا جلدی ہو سکے بھاگ جا، ورنہ یہ سب مصیبتیں تمہیں فوراً گمراہ کر دیں گی''

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

آنچہ بر ما میرود گر بر شتر رفتے زغم

مے زدندے کافراں در جنت الماویٰ علم

''جو کچھ غموم ہم پر نازل ہوتے ہیں اگر اونٹ پر نازل ہوتے تو سب کفار جنت الماویٰ میں پہنچ جاتے'' (تشریح آگے آرہی ہے)

گذشتہ اشعار میں سے ایک شعر میں جو لفظ ''مفلسی'' آیا ہے اس سے مراد ''عدمیتِ ذاتی'' ہے یعنی اپنی ذاتی عدمیت کو ہر وقت ملحوظِ خاطر رکھو بھولو نہیں۔

اور ''از یں شہر'' (کا لفظ جو کہ گذشتہ شعر میں مذکور ہے) سے مراد ''وہمی ہستی'' اور ''بے معنی خودی'' ہے (وحدت الوجود کے نظریہ میں وجودِ حقیقی کے سوا سب اشیاء وہمی ہیں)

Marfat.com

رکھتی ہیں) یعنی جب تو اپنی وہمی خودی (انانیتِ ذاتی) کی طرف رخ کرے گا تو پھر تمام مصیبتیں اور غم تیری طرف رخ کرینگے۔

اور لفظ "ما" سے (جو کہ گذشتہ شعر "آنچہ بر ما میرود گر بر شتر رفتے زغم" میں مذکور ہے) یہی وہمی خودی مراد ہے، یعنی تمام غموں کا ترتب تیری اسی وہمی خودی پر ہوتا ہے۔

اگر یہی غم اونٹ پر نازل ہوتے تو وہ شدتِ غم سے کمزور ہو کر سوئی کے سوراخ میں داخل ہو کر رہتا اور تمام کفار جنت کے مالک بن جاتے (جبکہ ایسا ناممکن ہے)

چنانچہ قرآنِ پاک میں مذکور ہے:

لَا یَدْ خُلُو نَ اَلْجَنَّۃَ حتّٰی یَلِجَلُ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَا طِ

"وہ کفار جنت میں اس وقت تک داخل نہ ہونگے جب تک اونٹ سوئی کے سوراخ میں داخل نہ ہولے"

(پس معلوم ہوا کہ وہمی خودی اگر حق ہوتی تو پھر ان پریشانیوں کی وجہ سے جو اسی پر مترتب ہوتی ہیں کفار جنت کے حقدار ہوتے، اور یہ ایک حقیقتِ شرعی واقعی ہے کہ وہ اس کے حقدار نہیں، بالکل نہیں، تو پھر اسکے حقدار کون ہیں؟ ہاں وہی ہیں جو وہمی خودی کو چھوڑ کر عدمیتِ ذاتی کا راستہ اختیار کرتے ہیں اور فنا فی اللہ کے مقام پر فائز ہوتے ہیں)

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی معنی کے مناسب یہ شعر ارشاد فرمایا:

شاہ راہِ عدم چہ ہموار است
چشم پوشیدہ میرود ہر کس

(ترجمہ مفہومی) اے بادشاہ! عدمیتِ ذاتی کا راستہ بالکل ہموار ہے، اس پر آنکھیں بند کر کے ہر شخص چل سکتا ہے (یعنی اپنے ذات کو فنا کر کے فنا فی اللہ کے مقام پر پہنچا جا سکتا ہے)۔

Marfat.com

ذوق والے دو اشعار:

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ بھی فرماتے تھے کہ:

یہ دو اشعار (اپنے ظاہری معنی کی بنا پر) بہت شورش پیدا کرتے ہیں جو کہ حضور قبلۃ المسترشدین، خواجہء خواجگان، راہنمائے عالم، مرکزِ ولایت، فائز بمقام فردیت حضرتِ قبلہء عالم اخیاردی (قولہٗ "اخیاردی" ہوسکتا ہے یہ قدیم چھپے ہوئے نسخے کے کاتب کی سبقتِ قلم ہو اور صحیح لفظ "مہاروی" ہو کیونکہ "قبلہء عالم" صرف حضرت خواجہ نور محمد مہاروی صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کا تخلص ہے واللہ تعالیٰ ورسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم اعلم بالصواب) نے ارشاد فرمائے:

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیثِ خواب گویم
چو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم

نہ میں شب ہوں نہ شب پرست ہوں (یعنی نہ میں غافل ہوں اور نہ غفلت کی نیند سوتا ہوں) کہ خوابوں کی باتیں کروں۔ جب میں آفتابِ حقیقی (یعنی رب العلمین جلّ مجدہٗ) کا سچا غلام ہوں تو جو کچھ کہوں گا اسی سے کہوں گا۔

اگر بسوئے من آئی ز دیدہ فرش کنم
کہ بر بساط غریباں ہمیں سفید و سیاہ

اگر اے محبوب! تو میری جانب تشریف لائے تو میں تیری راہ میں آنکھیں بچھا دوں، کیونکہ درویشوں کے پاس اس سفید و سیاہ یعنی آنکھوں کے علاوہ نذرانے کو اور ہے ہی کیا۔

جب آپ نے ان اشعار کو پڑھا تو اس کاتب الحروف کو بھی ان سے (بہت)

ذوق ہوا۔ واللہُ تعالیٰ اَعلَم ایسے معلوم ہوتا ہے کہ "خواب" سے مراد غفلت اور خودی ہے۔

جیسا کہ حضرت شیخ (فریدالدین عطار رحمہ اللہ تعالی) نے فرمایا۔

تا تو ہستی خدائے درخواب است

چوں شوی نیست اوشود بیدار

جب تک تو اپنے ہی (میں مگن) ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کا وصال ممکن نہیں (اور) جب تو اپنے (آپ) سے (گزر کر) اسکی ہستی میں فنا ہوگا تو پھر اسی کا ظہور ہے

اور "آفتاب" سے مراد "وجودِ حقیقی" کا ظہور ہے اور "اگر بسوئے من آئی" کا خطاب محبوب و مرشد کو ہے۔

یعنی میں اپنی وہمی ہستی کی مملکت سے مسافر و اجنبی ہو کر موجودِ حقیقی کی طرف اطمینان وسکون سے سفر کر رہا ہوں اور اپنے آپ سے (بالکل) فارغ ہو چکا ہوں، اب جو کوئی بھی ہمارا مہمان ہوگا اس کی شان اور قدر و منزلت کو دیکھتے ہوئے اس کو اپنی آنکھوں میں جگہ دیں گے۔

کیونکہ اب محبوبِ حقیقی کے سوا ہماری نظر میں اور کوئی نہیں (پھر جب ایسا ہی ہے) تو آنکھوں کے سوا کوئی اور جگہ ہی نہیں جس میں اس کو جگہ دیں، کیونکہ ان سفید و سیاہ (آنکھوں) کے علاوہ کچھ باقی ہی نہیں رہا، جو کچھ تھا سب فنا ہو گیا۔

قرآنِ مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

اِنَّ الْمُلُوکَ اِذَا دَخَلُوا قَرْیَةً اَفْسَدُوھَا

"جب کسی بستی میں بادشاہ داخل ہوتے ہیں تو اسے ویران کر دیتے ہیں"

حضرت (غوث الاعظم، قطب ربانی، محبوب سبحانی، ابو محمد محی الدین) شیخ عبدالقادر جیلانی

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

شَاخَ طَبَّاخُ المَلِکِ بَقِیَ العَقْلُ وَالنَّظَرُ اَجْرِیٰ عَلَیْہِ مَا کَانَ

"بادشاہ کا باورچی اگرچہ بوڑھا ہوگیا (لیکن) اسکی عقل اور فکر صحیح وسالم ہے (یہی وجہ ہے کہ) وہ اپنی ذمہ داریاں نبھا رہا ہے"۔

فاعل حقیقی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے:

اور نیز یہ بھی فرماتے تھے:

دون دی لگی لجھ ترتیجھا کھی چھوتھی داناں

لکے لگے بادشاہ دے سدو دی سراں

یہ چراغ کے بارے میں ایک پہیلی ہے جو کہ چار چیزوں سے مرکب ہوتا ہے

(۱) آگ (۲) تیل (۳) روئی (۴) برتن

واللہ تعالیٰ اعلم اس کا شاید یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ فاعل حقیقی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور ظاہر میں فلاں فلاں کا نام ہے۔

چنانچہ مثنوی شریف میں ہے:

مالک الملک اواست او خود مالک است

غیر ذاتش کل شی ھالک است

وہی ہر شے کا مالکِ حقیقی ہے اور ہر چیز اس کی ملک ہے، اسکی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔

مالک الملک اواست ملک او را او ہید

ما و من جملہ کہ بہ پیش او نہید

Marfat.com

(جب) وہی مالک الملک ہے تو پھر ملک اسی کے حوالے کر دو، (اور) اپنی ماؤ من (ہستی بھی) اسی کے سپرد کر دو۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "توفیقیہ شریف" میں اسی طرح فرمایا ہے کہ:

"یوں نہ کہو کہ ہم نے یہ کام کیا ہے، ہم یہ کام کرینگے، اور ہم نے یہ مشکل حل کی ہے، کیونکہ جو کچھ بھی عالم میں ہوتا ہے سب کچھ اللہ کی طرف سے ہوتا ہے"۔

کسبِ حلال اور نفس کشی کی ترغیب:

اور یہ بھی فرماتے تھے:

لکڑیاں چن لے آؤ ہم کی صفت اور سچ کہا
یہ مجرب چوب چینی ہے من کے درد کو

اس شعر کا مطلب سالکین کو ترغیب دلانا ہے کہ وہ حلال رزق کمائیں، کیونکہ اہل اللہ نے اسی طرح کیا ہے، خصوصاً لکڑیاں جمع کرنا اور انہیں فروخت کرنا، کیونکہ یہ نفس کے عیوب (مثلاً عجب وتکبر، خود بینی وخود نمائی وغیرہ) کو قتل کرنے کا موجب ہے۔

اس کاتب الحروف (حضرت خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اسی بات کو (فارسی) ابیات کی شکل میں ترتیب دیا ہے۔ (جو کہ درجہ ذیل ہے)

چوب چینی کس مکن اے دل!
کوست مرضِ بدو بسا مشکل

اے دل! کسی کی عیب جوئی نہ کرنا، کیونکہ یہ مرض بہت بُرا اور مشکل ہے۔

ویں مرض را حدوث از عیبس است
عیبس از اصلِ کبر در نفس است

اوراس مرض عیب جوئی کا پیدا ہونا ییس (خشکی) سے ہےاور یہی ییس نفس میں تکبر کی جڑ ہے۔

چوب چینی دوائے اواست عجیب

یقلع الا حتراق بالتجریب

لکڑیاں چننا اس مرض کیلئے عجیب دوا ہے جو کہ اس (مرض کے گھائل) کے زخموں کو صاف کرنے کے لئے مجرب ہے۔

چوب چینی بکن دراستعمال

تانگردد زییس زشتت حال

اپنے اس مرض کے علاج کے لئے "چوب چینی" (لکڑیاں چننے) کا نسخہ استعمال میں لا! تا کہ ییس (تکبر) کی وجہ سے تیرا حال بالکل ہی خراب نہ ہو جائے۔

چوب خبثے کزاحتراق منی است

ے نگردد بزودی اے خوش زیست

اے خوش نصیب! "چوب" (عیب جوئی کا) پلید مرض جو کہ "منی" (تکبر) کی پیداوار ہے، جلدی سے اس کے زخم نہیں بھریں گے۔ (بلکہ اس کا درجہ ذیل علاج کرنا پڑے گا)

چوب چینی کہ عافیت یابی

واز مضرات روئے برتابی

لکڑیاں چنو! (اور یوں نفس کشی اختیار کرو) تا کہ تمہیں اس مرض سے عافیت (صحت) نصیب ہو اور (نفس کی) بیماریوں سے نجات مل سکے۔

Marfat.com

اپنی ہستی کو فنا کرنے کی کوشش کرو:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ماجنیندی پتر ے وٹھوں وٹی

سنج وسائے ہر کو پتر سو جو وتی پٹی

اس بیت (شعر) کا مقصد بھی اسی موہوم ہستی کو فنا کرنے کی کوشش کرنا ہے اور خودی اور خود بینی کو دفع کرنا ہے۔

نظریہ "وحدت الوجود" پر ایک مثال:

اور نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے:

چل بلا! چلئے سنارتے اوتھاں گھنے گھڑیجن لاکھ

صورت آپوں آپنی توں ہکوں رُپا آکھ

(ہر زیور کی شکل اگرچہ مختلف ہے لیکن ان کی بنیاد تو ایک ہی ہے یعنی سونا) مقصد اس سے یہ باور کرانا ہے کہ ذات واحد ہے اور بصورتِ مختلفہ (عالم میں اسی کی صفات کا) ظہور ہے۔ پس معلوم ہوا کہ حقیقت میں ذات واحد ہے۔

فنائیت ہی راہِ ہدایت ہے:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ایں دل دیوانہ را گفتم کہ عاقل شو نشد

آرے آرے طفل را میل سبق خوانی کجا است

اس دیوانے دل کو میں نے کہا عقل مند ہو جا! مگر یہ نہ ہوا، ہاں! ہاں! بچے کو سبق پڑھنے کی محبت کب ہوتی ہے۔

Marfat.com

ایں دل دیوانہ را تعلیم کن از راہِ ہوش

کاندریں مکتب خلاصی بے سبق خوانی کجاست

اس دیوانے دل کو بڑی ہوش مندی کے ساتھ تعلیم دو، کیونکہ اس مدرسہ میں بے سبق پڑھے کب چھٹی مل سکتی ہے۔

سلطنت را عزتے در عالمِ فانی کجاست

ما گدایانیم مارا عشقِ سلطانی کجاست

اس عالمِ فانی میں ظاہری سلطنت و بادشاہی کی کیا عزت و وقعت ہے، ہم تو گدا ہیں ہمیں بادشاہی کی محبت کہاں ہے؟۔

ان اشعار سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مراد یہ ہے کہ:

میں نے اپنے نفس کو بہت کہا کہ راہِ صلاح اختیار کر جو کہ راہِ نیستی (فنائیت) و بے خودی ہے، لیکن اس نے قبول نہ کیا، کیونکہ یہ نفس بچے کی طرح حقیقی کام سے غافل ہو کر دنیا کے لہو ولعب میں کمر بستہ رہا اور اسی کو اپنا مقصدِ حیات سمجھتا رہا۔

(تیسرے مصرعے میں) ایک بار پھر آپ نے اپنی ذات کو مخاطب کر کے فرمایا:

جب عالمِ فانی میں ''ملک وجود'' کی سلطنت میسر نہیں تو پھر سوالی بن کر رہنا چاہیے اور ہر لحظہ اپنے ربِ مالکِ حقیقی کی جناب میں اپنی احتیاج کو پیش کرتے رہنا چاہیے، کیونکہ ''باقی باللہ'' ہونا ایک مشکل امر ہے، لہٰذا ہر لحمہ اپنے آپ کو فنا کرتے رہنا چاہیے اور موجودِ حقیقی صرف اللہ تعالیٰ کو جاننا چاہیے، اور مالکِ حقیقی کی سلطنتِ حقیقیہ سے دم نہ مارنا چاہیے، کیونکہ ''انا الحق'' کہنا ایک بڑی بلند پایہ بات ہے۔

چنانچہ حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

Marfat.com

شو بباطن رُبوبیت پرداز
کن بباطن عُبودیت اقرار

حقیقی عبودیت کا اقرار کرتے ہوئے حقیقی ربوبیت کے ساتھ مشغول رہو۔

طعام تناول فرمانے کے بعد شکر کا ایک خوبصورت انداز:

کھانے سے فراغت پر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے:

شکر گفتن کے توانم درخورِ نعمائے تو
شکر نعمت ہائے تو چندانکہ نعمت ہائے تو

تیری نعمتوں کے لائق میں شکر کب ادا کر سکتا ہوں، تیری نعمتوں کا اتنا ہی شکر مجھ پر لازم ہے جتنی کہ تیری نعمتیں ہیں۔

بے یاد تو من قرار نتوانم کرد
احسان ترا شمار نتوانم کرد

(اے محبوبِ حقیقی!) تیری یاد کے سوا مجھے قرار نہیں مل سکتا اور تیرے احسانات کا شمار مجھ سے نہیں ہو سکتا۔

گر بر تن من زبان شود ہر موئے
یک شکر تو از ہزار نتوانم کرد

اگر میرے بدن پر ہر بال کو زبان قال (قوت گویائی) مل جائے، تب بھی تیری ہزار ہا نعمتوں میں سے ایک نعمت کا شکر بھی مجھ سے ادا نہیں ہو سکے گا۔

دعوت کھا لینے کے بعد میزبان کے لئے دعا:

(کسی کے ہاں) دعوت کھا لینے کے بعد آپ یہ دُعا مانگا کرتے تھے۔

صاحب ایں طعام رایارب، از بلائے زماں امانش دہ

من ندانم کہ چیست مقصودش، آنچہ مقصودِ اوست آنش دِہ

اے پروردگار! اس میزبان کو زمانے کی ہر مصیبت سے امان نصیب فرما، مجھے اس کے دلی مقاصد کا علم نہیں، تو اس کے ہر نیک مقصد میں اسے کامیابی عطا فرما۔

گویا ازراہِ تواضع دعا کو فارسی زبان میں ذکر فرماتے اور یہ بھی کہ فارسی اشعار میں ہر کسی کو تعلیم ہو سکتی ہے، نیز صاحب دعوت کی خوشی بھی اسی میں ہے۔
(کیونکہ اُس دور کی عام فہم زبان فارسی ہی ہوا کرتی تھی، دیگر اولیائے عظام رحمہم اللہ تعالیٰ سے بھی مختلف مواقع پر اس طرح اشعار پڑھنا ثابت ہے۔)

جنازہ پر اشعار کا پڑھنا سنتِ اولیاء ہے:

چنانچہ (سرتاجِ سلسلہء عالیہ نقشبندیہ) حضرت خواجہء خواجگان شیخ بہاؤالدین نقشبند رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل ہے کہ:

حضرتِ شیخ ابوسعید ابوالخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لوگوں نے عرض کی (حضور!) آپ کے جنازے پر قرآنِ مجید کی کون سی آیت ہم تلاوت کریں آپ نے (ازراہِ تواضع) فرمایا قرآن پاک کی آیت کا پڑھنا (تو بہت) بڑا کام ہے فقط یہ شعر پڑھ لینا:

چیست ازیں خوب تر درھمہ آفاق کار

دوست رسد نزدِ دوست یار بنزدیکِ یار

تمام جہان میں اس سے خوب تر کام کون سا ہو سکتا ہے کہ دوست دوست کے پاس پہنچ جائے اور یار یار کے پاس۔

اس کو بیان کرنے کے بعد حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

یہ حکم دیا کہ ہمارے جنازہ پر یہ شعر پڑھا جائے۔

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو

شیئاً للہ از جمالِ روئے تو

ہم مفلس و نادار تیری گلی میں حاضر ہیں اے محبوب اپنے جمال سے راہِ للہ کچھ ہمیں بھی عطا ہو۔

نیز فرماتے تھے:

اَتُو بُ اِلَیکَ یَا رَحْمٰنُ مِمَّا

جَنَیْتُ وَ قَدْ تکَاثَرَتِ الذُّنُوبُ

اے رحمٰن جل مجدہٗ! میں اپنے کیے گناہوں سے توبہ کرتا ہوں اور میرے گناہ بہت کثیر ہیں۔

فَاَمَّا مِنْ هَوىٰ لَيْلٰى وَتَرْكِى

زِيَارَ تِهَافَاِنِّى لَا اَتُو بُ

لیکن میں لیلیٰ (اپنے محبوب) اور اس کی زیارت کے ترک کرنے سے توبہ نہیں کر سکتا۔

مسلکِ حق اہل سنت وجماعت کی قدر دانی اور اس پر تشکر:

صد شکر کہ سنیم نیم معتزلی

مانندِ سگِ شیعہ ندارم دغلی

اللہ تعالیٰ کا صدہا شکر ہے کہ میں معتزلی نہیں سنی ہوں، شیعہ کتے کی خصل مجھ میں کھوٹ نہیں۔

Marfat.com

بر رغمِ روافض وخوارج ہردم
بوبکر وعمر گویم عثمان وعلی

رافضیوں اور خارجیوں کی ذلت کیلئے ہر لحہ حضرتِ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ وحضرتِ عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ وحضرتِ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وحضرتِ علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسمائے مبارکہ کا ورد کرتا رہتا ہوں۔

اس رُباعی کا مقصد یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا جائے کہ اُس نے ہمیں اہلسنت وجماعت کے گروہ میں داخل فرمایا ہے اور اہلِ بیت وصحابہء کرام ومومنینِ کاملین علیہم الرضوان میں سے ہر ایک کے بغض ودشمنی سے ہمارے قلوب کو مبرا فرمایا ہے، بخلاف فرقہائے دیگر روافض وخوارج وغیرہ کے، کہ وہ اہل بیتِ اطہار وصحابہء کرام وائمہء مجتہدین وصوفیائے کرام وجمہور اہلِ اسلام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین پر زبان طعن دراز کرتے ہیں اور حقیقی اسلام سے محروم ہیں۔

حضور (رحمتِ عالمیاں، شفیعِ مذنباں، پناہِ بے کساں، حامیء ناداراں، اصلِ آدم و آدمیاں، نبیِ آخر الزماں، سرپرستِ مرسلاں، جدِ شہزادگاں (الحسن والحسین) صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم علیٰ کلِ حینٍ وّان) نے ارشاد فرمایا:

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ ؃

کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔ (تو جب ایک عام مومن پر زبانِ طعن دراز نہیں کر سکتے تو ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو اکابرینِ امت پر زبانِ طعن دراز کرتے ہیں۔)

Marfat.com

حج ظاہری و باطنی کی تفہیم:

نیز آپ نے فرمایا:

اے قوم! بحج رفتہ کجا ئید کجا ئید

محبوب دریں جاست بیائید بیائید

اے لوگو! حج پر گئے ہو کہاں ہو کہاں ہو؟ محبوب (حقیقی) یہاں ہے اس طرف آؤ اس طرف آؤ۔

مراد اس شعر سے یہ ہے کہ جو لوگ ظاہری حج کی طرف مائل و راغب ہیں اور باطنی حج سے جو کہ طلبِ حقیقت ہے محروم ہیں، انہیں کہا جاتا ہے کہ آؤ! یعنی جہالت کے پردہ سے باہر آؤ اور محبوبِ حقیقی (رب تبارک وتعالیٰ) کی طرف آؤ، جو کہ کعبہ وار بابِ تحقیق ہے، جو کہ ہر جگہ تمہارے ساتھ ہے، اس سے غافل نہ رہو، بلکہ اپنے کاموں اور عبادات میں اسی محبوبِ حقیقی کی طرف دل کو متوجہ رکھو، کیونکہ اربابِ تحقیق کا حج اس کے علاوہ نہیں ہو سکتا۔

چنانچہ ایک بزرگ شاعر حضرتِ حافظ شیرازی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

جلوہ بر من مفروش اے ملک الحاج کہ تو

خانہ مے بینی و من خدائے خانہ مے بینم

اے ملک الحاج! میرے سامنے (کعبے کے جلوں کا) کچھ اس طرح اظہار نہ کر، کیونکہ تو خانہ خدا کو دیکھتا ہے میں خدائے خانہ کو۔ (وللہ الحمد)

ایک اور بزرگ نے یوں فرمایا:

Marfat.com

کعبہ بنگاہِ خلیلِ آزر است
دل گزرگاہ جلیلِ اکبر است

کعبہ شریف حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی جائے قیام ہے (لیکن مومن کامل کا) دل اللہ تعالیٰ جلیلِ اکبر (کے فیضانِ خاص) کی قیام گاہ ہے۔

ایک اور بزرگ شاعر حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

خرِ عیسیٰ اگر بمکہ رود
چوں بیاید ہنوز خر باشد

حضرت کلمۃ اللہ و روحہٗ، مسیح اعظم حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا خر (گدھا) اگر مکۃ المکرمہ بھی پہنچ جائے، پھر بھی جب واپس لوٹے گا تو اسی طرح اپنی جنسیت ہی میں ہوگا۔

ایک اور بزرگ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

در کعبہ اگر دل سوئے غیر است ترا
طاعت ہمہ فسق و کعبہ دیر است ترا

کعبہ شریف میں پہنچ کر بھی اگر تیرا دل غیر کی طرف راغب رہے تو جان لے پھر تیری ہر طاعت گناہ اور کعبہ تیرے لئے بت کدہ کی مثل ہے۔

ور دل بحق است و ساکن بتکدہ
خوش باش کہ عاقبت بخیر است ترا

اور اگر تیرا دل حق تعالیٰ کے ساتھ مشغول ہو اور تیرا مسکن بت کدہ ہو تو پھر خوش

Marfat.com

ہو جاؤ کہ تمہاری عاقبت بخیر ہے۔

اہل اللہ کی عظمت مسجد سے زیادہ ہے:

(امام الصوفیاء) حضرت جلال الدین رومی شیخ الاولیاء رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

جاہلاں تعظیم مسجد مے کنند

در جفائے اہل دل جدّ مے کنند

جاہل لوگ مسجد کی تعظیم تو کرتے ہیں لیکن اہل دل (اہل اللہ) پر ظلم کی انتہا کر دیتے ہیں (پھر ایسی تعظیم مسجد کا کیا فائدہ، جبکہ اہل اللہ پر ظلم کرنا گویا اللہ تعالیٰ کے ساتھ جنگ مول لینا ہے)

آں مجاز است ایں حقیقت اے خراں

نیست مسجد جز درون سروراں

اے گدھو! مسجد مجاز ہے، اہل اللہ کے قلوب حقیقت ہیں، مسجد حقیقی اہل اللہ کے قلوب کے سوا نہیں ہو سکتی۔

مثنوی شریف میں نقل ہے کہ:

ایک کامل اہل دل، اللہ تعالیٰ کے پیارے بندے نے حضرت بایزید بسطامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (جو کہ حج کے لئے تشریف لئے جاتے تھے) مندرجہ ذیل نصیحت فرمائی اور آپ نے اس پر عمل کیا (جو کہ اس موضوع حال پر دلیل ہے)

گفت طوفے کن بگردم ہفت بار

واں نکوتر از طواف حج شمار

فرمانے لگے (حج کو کیوں جاتا ہے؟) آ! میرا ہی طواف کر لے (لہذا) میں نے

Marfat.com

سات چکر لگا لیئے (پھر فرمایا) اس طواف کو طوافِ حج سے بہتر جانو۔

واں درمہا پیشِ من بنہ اے جواد!

واں کے حج کردی و حاصل شد مراد

(پھر فرمانے لگے) جو کچھ رقم سفرِ حج کے لئے پاس ہے مجھے دے دو (اور) خاطر جمع رکھو کہ تم نے حج بھی کرلیا اور اپنی مراد بھی پالی۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ (طریقت و حقیقت کی رو سے) فرائض الٰہی کی ادائیگی میں توجہِ الی اللہ شرط ہے، اس کے بغیر کوئی فرض درست نہیں ہوتا۔

خود بینی و عجب زہرِ قاتل ہے:

ایک مرتبہ میں اپنے مرشدِ کریم حضرت خواجہء خواجگان، سیدنا و مولانا، محبوب اللہ، فانی فی اللہ، باقی باللہ، الشیخ خواجہ محمد خدا بخش الملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نصیحت کا خواستگار ہوا تو آپ نے فرمایا: (شیخ سعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں)

مرا پیر دانائے مرشد شہاب

دو اندرز فرمود بر روئے آب

مجھے میرے شیخ، ہادی، دانائے اسرار، حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانی کے کنارے پر دو نصیحتیں کیں۔

یکے آنکہ بر غیر بد بیں مباش

دگر آنکہ بر خویش خود بیں مباش

پہلی یہ کہ کسی غیر کو بری نگاہ سے نہ دیکھ، اور دوسری یہ کہ اپنی ذات کو دوسروں سے اچھا نہ جان۔

Marfat.com

یہ اشعار حضرتِ شیخ سعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہیں جن کی تشریح کچھ اس طرح ہے کہ مجھے میرے شیخ (حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے دو نصیحتیں اُس وقت فرمائیں جب کہ آپ کے آنسوؤں کا پانی آپ کے رُخِ زیبا پر جاری تھا، کیونکہ اہلِ محبت وذوق ہر وقت گریہ وزاری میں مصروف ہوا کرتے ہیں۔

یا یہ کہ آپ حالتِ نصیحت میں کشتی پر سوار تھے، یا بطورِ کرامت پانی پر پیدل چل رہے تھے۔

ان دونوں اشعار کا منشا ومقصد دوئی کا بیان ہے (جس سے سالک کو نجات حاصل کرنا ضروری ہے) کیونکہ جب دوئی درمیان سے اُٹھ جاتی ہے، محبتِ الٰہی حاصل ہو جاتی ہے اور خود کو اور غیر کو دیکھنا سب ختم ہو جاتا ہے، تو پھر صرف حق تعالیٰ کا ہی دیکھنا باقی رہ جاتا ہے، اور برائی کا صدور حق تعالیٰ سے محال ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ہر فعل نیک ہے، اگرچہ شریعت وطریقت میں بدی ونیکی دونوں ثابت ہیں لیکن اسی نسبت سے نہ کہ مطلق، (یعنی کسی نئے سالک کی چونکہ شریعت وطریقت میں فنائیت ومحویت ابھی مکمل نہیں ہوئی ہوتی اور خودی کا تصور ابھی باقی ہوتا ہے اس لئے نیکی وبدی بندے کی طرف منسوب کرتا ہے، پھر جب بندہ کامل اور مکمل ہو کر حقیقت کی بلندیوں کو چھونے لگتا ہے تو اسے ہر طرف وحدتِ ذات وصفات کے جلوے نظر آتے ہیں، چنانچہ اُسے اللہ تعالیٰ کے فعل کے سوا کچھ نظر نہیں آتا) جس میں بدی کا تصور ہی نہیں۔

چنانچہ زنا، چوری، تجسسِ عیوب، کبروخود بینی (اگرچہ) سب بدیاں ہیں (لیکن یہ نسبت بندوں کے عمل سے ہے نہ کہ حق تعالیٰ کی نسبتِ تخلیق سے) جو کہ حقیقت ہے۔

تین عجیب آدمی:

نیز آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اسی

Marfat.com

سلسلہ میں بیان فرمایا کہ:

خود بیں (و بد بیں) تین طرح کے (عجیب آدمی) ہیں:

(۱) "اندھا" جو کہ چھوٹی سے چھوٹی چیز کو بھی دیکھ لیتا ہے۔

(۲) "بہرہ" جو کہ مخفی سے مخفی آواز بھی سن لیتا ہے

(۳) "برہنہ" جو کہ اس فکر میں رہتا ہے کہ کہیں میرے کپڑے چور نہ لے جائے۔

پہلا شخص اپنے عیوب سے بالکل اندھا ہوتا ہے (اگرچہ وہ کبیرہ و مہلکہ ہوں، مگر) دوسروں کے چھوٹے سے چھوٹے عیوب اسکی نظر میں ہوتے ہیں۔

دوسرا شخص اپنی مودّت و اتباعِ الٰہی سے بے خبر ہے (کوئی عمل صالح ہے ہی نہیں) لیکن دوسروں سے اپنی تعریف سننے کیلئے ہر وقت کان دھرے رہتا ہے (یعنی اپنی برائی کے سننے سے بالکل بہرہ ہے لیکن دوسروں کی برائی کے سوا اسے کچھ سنتا ہی نہیں)

تیسرا شخص جسے اپنے کفن کے ملنے کی خبر تک نہیں لیکن اُسے یہی فکر کھائے جاتی ہے کہ یہ ظاہری لباس کہیں چور نہ لے جائے۔

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے:

اِس مسافر کو (مجھے) شادی سے ملال (ناپسندیدگی) تھا، رات کو خواب میں دیکھا کہ (شادی کا) سرخ جوڑا پہنے ہوئے ہوں، یہ دیکھ کر غمگین ہوا، جب بیدار ہوا تو بہت خوش ہوا کہ یہ خواب ہے نہ کہ بیداری۔

اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَاءَ:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

Marfat.com

احسان کرنے والے کے ساتھ احسان کرنا (کوئی بڑی بات نہیں بلکہ یہ تو) گدھے کا کام ہے، اور بروں کے ساتھ برائی کرنا کتے کا کام ہے، (ہاں البتہ) بدوں کے ساتھ نیکی کرنا یہ مردوں کا کام ہے۔

اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَآء

اگر تو مرد ہے تو اُس کے ساتھ احسان کر جو تجھ سے برائی کرے۔

نفلی روزوں کی ترغیب:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ بھی فرماتے تھے کہ:

ایامِ بیض (چاند کی ۱۳-۱۴-۱۵ تاریخ) اور شعبان المعظم کے دس روزے اور شوال کے چھ روزے بہت خوب ہیں۔

گرمیٔ طبع کا علاج:

ایک مرتبہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

ایک روز میری طبیعت میں (خشک) گرمی نے جوش کیا ہوا تھا اور میں مولوی نور اللہ صاحب کے ہاں مہمان تھا۔

مولوی صاحب موصوف میرے لئے پراٹھے اور اوپر وافر مقدار میں گھی ڈال کر، دودھ کے پیالے کے ساتھ لائے، اس مسافر نے اُس گھی کو دودھ میں ملا کر پی لیا تو مذکورہ تکلیف سے شفا حاصل ہوئی۔

پہلے مکمل اشارتاً گفتگو فرماتے:

آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی عادت شریفہ یہ بھی تھی کہ:

جب آپ گفتگو فرماتے تو اوّلاً اشارہ سے فرماتے، اگر کوئی اسے سمجھ لیتا تو ٹھیک، ورنہ دوبارہ پھر صراحتاً فرمادیتے تاکہ لوگ اسے جلدی سمجھ لیں۔

بزرگوں کی خدمت میں باادب رہنا چاہیے:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ایک بار مسکین حضرتِ (شیخ الشیوخ) خواجہ خواجگان، حضرت قبلہ عالم خواجہ نور محمد مہاروی قدس سرہٗ کی خدمت میں بطورِ ہدیہ ایک قرآن مجید محشّٰی مع قران القرآن لے گیا، انہیں ایام میں حضرت (قطب الاقطاب) الشیخ شاہ کلیم اللہ جہان آبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولادِ امجاد میں سے ایک صاحبزادے بھی وہاں تشریف لائے ہوئے تھے، اُنہوں نے ان ہدایا کو میرے ہاتھ سے آپ کی اجازت کے بغیر لے لیا اور چلے گئے، حضرت قبلہ عالم مہاروی قدس سرہٗ نے فرمایا "کیا اچھا ہوتا کہ میری اجازت سے لے جاتے"

گھر کو اُجڑنے سے بچانے کی کوشش فرمائی:

ایک دن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

ایک شخص جو قوتِ مردی سے محروم تھا اور اس وجہ سے اپنی بیوی کو طلاق دینے کا مصمم ارادہ کئے ہوا تھا میرے پاس آیا اور دوائی کے بارے میں پوچھنے لگا، عین اُسی وقت مولوی امام الدین بن مولوی صالح محمد دائرہ والے تشریف لے آئے اور عضوِ مخصوص کی رگوں کی قوت کا نسخہ بیان کیا، جو کہ مندرجہ ذیل ہے:

شنگرف ایک تولہ، سیماب (پارہ) ایک تولہ، زرنیخ زرد ایک تولہ، سنکھیا سفید آدھا تولہ، سنکھیا زرد آدھا تولہ، مچھل سرخ ایک تولہ۔

ان سب دواؤں کو سیماب (پارہ) کے بغیر پیسا جائے، جب یہ بالکل

باریک ہو جائے تو اس میں شیر زہوک ایک سیپ کی مقدار ڈال دیں، اسکے بعد سیماب (پارہ) اس میں ڈال کر رکھ دیں، جب خشک ہو جائے دوبارہ اس میں مسلسل ۲۷ گھنٹوں تک وقفہ وقفہ سے شیر زہوک ڈالتے رہیں اور اسے پیستے رہیں، حتیٰ کہ سات تولہ تک شیر زہوک اس میں ملائیں اور اسے سایہ میں خشک کر لیں یہاں تک کہ وہ منجمد ہو جائے، پھر اس طلا کو عضوِ مخصوص کو گرم پانی سے دھو کر اس طرح پرانے کپڑے کیساتھ اس کی مالش کریں کہ عضوِ مخصوص کی نچلی رگ جو کہ خصیوں کے محاذی (برابر) ہے وہ اور حشفہ طلا سے بالکل محفوظ رہے، پھر اسے ہرنولی کے پتے سے ڈھانپ کر بند کر دیں، پھر دوسرے اور تیسرے دن بھی اسی طرح گرم پانی سے دھو کر طلا کریں۔

چند تفسیری اور فقہی نکات:

اور نیز میں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان:

فَلَا تَقُل لَّهُمَآ اُفٍّ

(ماں باپ کو اف نہ کہو) میں کلمہ اف کہنے سے صراحتاً اور گالی گلوچ مار پیٹ وغیرہ سے دلالۃً (ممانعت) آئی ہے (جو کہ دونوں قطعی ہیں)

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ:

قرآن مجید کی اس آیت

لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ

— ((وراثت میں) مذکر کیلئے دو مونثوں کے برابر حصہ ہے)

میں دو حقیقی لڑکیوں کا حصہ ثلثان ۲/۳ بطورِ اشارۃ النص ثابت ہے کیونکہ کم از کم احتراج ایک مذکر اور ایک انثیٰ کا ہو سکتا ہے، اس صورت میں مذکر کو ثلثان ۲/۳

Marfat.com

مؤنث کو ثلث ۱/۳ ملے گا۔

(اب سنئے!) قرآن مجید نے فرمایا لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ (ایک مذکر کو دو مونثوں کے برابر ملے گا) جب ایک مونث کا حصہ ثلث ۱/۳ تھا جب دو ہونگی تو پھر ثلثان ۲/۳ ہو جائے گا۔

(اور نیز عبارۃ النص، اشارۃ النص، دلالۃ النص کی مثالیں سمجھانے کے بعد فرمایا) اقتضاء النص کی (مثال) یہ ہے کہ اگر ایک شخص دوسرے کو کہے

اَعْتِقْهُ (اَیْ عَبْدَکَ) عَنِّیْ بِاَلْفٍ

(ہزار کے بدلے میری جانب سے تو اپنے غلام کو آزاد کر دے)

اسکے جواب میں دوسرے نے کہا اَعْتَقْتُهٗ (میں نے اُسے آزاد کیا) تو شرعی حکم اس کا یہ ہے کہ وہ غلام متکلم کی طرف سے آزاد سمجھا جائیگا نہ کہ مخاطب کی جانب سے، اور ملکیت متکلم بطور شراء (خرید) ثابت ہوگی۔ (جو کہ اصول فقہ کے اعتبار سے اقتضاء النص کہلاتی ہے) کیونکہ بغیر ملکیت کے غلام آزاد نہیں کیا جا سکتا (اور متکلم کو ہزار روپے مخاطب کو دینے ہونگے کیونکہ مخاطب نے متکلم کے جواب میں غلام آزاد کیا ہے اور تفصیل کتب اصول میں موجود ہے)۔

اپنے شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی معیت میں ایک سفر کی روداد:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

میرے شیخ کریم (شیخ المشائخ، غیاث العاشقین، سند الکاملین، محب اللہ المتعال، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا معمول کچھ اس طرح ہوتا تھا کہ جب آپ کہیں سفر میں تشریف لے جاتے تو مجھے بھی ساتھ لے جاتے تھے، ایک دن میں مسجد

میں آپکی خدمت میں حاضر تھا، جب آپ مسجد سے باہر تشریف لائے تو میں بھی ساتھ آیا، اس وقت میرا لباس ایک ٹوپی ایک چادر اور ایک پاجامہ پر مشتمل تھا۔

(مسجد سے نکل کر) آپ ایک جانب روانہ ہونے لگے تو میں بھی آپ کے ہمراہ ہوگیا (کچھ دیر کے بعد) ایک آدمی سے آپ کی ملاقات ہوئی تو آپ نے اس سے فرمایا: "ان (یعنی حضرت سراج الواصلین، فخر العاشقین، سند العارفین، محبوب اللہ، حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے گھر پر جا کر اطلاع دیدینا کہ وہ ان کا انتظار نہ کریں، یہ ہمارے ہمراہ شجاع آباد تک جا رہے ہیں"

جب کچھ سفر طے ہو چکا تو آپ نے حضرت سیدنا خواجہ اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز والے روٹی کے چند ٹکڑے جو آپ کے ہمراہ تھے نکال کر کچھ خود تناول فرمائے اور کچھ مجھے عطا فرمائے جن سے میں بھی فیضیاب ہوا۔

اُس روز گرمی کی بہت شدت تھی، ایک کمبل جو کہ آپکے پاس آپ کے شیخ قدوۃ السالکین، شمس العارفین، حضرتِ خواجہ نور محمد قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تبرکات میں سے تھا اور اُن کو اُن کے شیخ فخر الاولین والآخرین، محب النبی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) حضرت شیخ المشائخ، خواجہ محمد فخر الدین دہلوی اورنگ آبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک خاص حالت میں عطا ہوا تھا اور جس کو قبلہء من حضرت محب اللہ المتعال، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی شادی کے دن بھی پہنا تھا، وہی کمبل آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گرمی سے بچاؤ کے لئے اس روز مجھے عطا فرمایا تاکہ میں اسے سائبان بناؤں، (لیکن) میں نے (بپاسِ ادب) اِس کمبل کو لپیٹ کر اپنی بغل میں چھپا لیا۔

Marfat.com

جب ہم حضرت میاں صاحب مولوی علی محمد لابری رحمہ اللہ تعالیٰ کے مکان پر پہنچے تو انہوں نے کھانا تیار کروانے کی خواہش ظاہر کی (لیکن) آپ نے فرمایا: ہم نے کھالیا ہے، پھر ہم وہاں سے آگے روانہ ہوگئے اور بوقتِ عصر شجاع آباد پہنچ گئے۔

اس سفر سے آپ کی غرض ایک آدمی سے ملاقات تھی جو کہ شجاع آباد کے مضافات میں رہتا تھا۔

رات ہم نے شجاع آباد کی ایک مسجد میں بسر کی، وہاں کچھ لوگ حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دبانے لگے، اُنہیں میں سے ایک شخص کو آپ نے (میرا نام لے کر فرمایا) ان کو بھی دباؤ، وہ شخص میرے پاس آکر مجھے دبانے لگا، جس سے میرے جسم میں درد ہونے لگا لیکن ادب کی وجہ سے کچھ کہہ نہ سکا، اسی دوران ایک اور صاحب تشریف لائے جن کے لئے حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہو گئے، میں بھی آپ کی متابعت میں کھڑا ہوگیا، اس کے بعد بقیہ رات میں سو نہ سکا۔

جس پر کرم ہو جائے خوش نصیب وہی ہے:

بعد ازاں قبلہء من حضرت محب اللہ المتعال، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

ایک مرتبہ حضرت قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پاکپتن شریف سے ''ماڑی'' نامی بستی کے راستے جو کہ مہار شریف سے بیس کوس کے فاصلہ پر ہے واپس تشریف لا رہے تھے، میرے دل میں یہ خیال گردش کرنے لگا کہ اگر آپ نے مجھے سواری کیلئے گھوڑا عنایت فرمایا تو میں اسے تیز رفتار کیسے کرسکوں گا (کیونکہ رواج اس طرح ہے کہ مشائخ کو اچھی سواری پیش کی جاتی ہے اور خادموں کو عام، لیکن آپ چونکہ میری دلی

Marfat.com

کیفیت پر آگاہ تھے، اس لئے) مجھے ایک تیز رفتار گھوڑا عطا فرمایا اور خود بھی ایک سبک رفتار گھوڑے پر سوار ہوئے۔

راستے میں مولوی الیاس نامی ایک شخص آپ کی ملاقات سے مشرف ہوا، جو کہ بہت خوش مزاج اور خوش طبع تھا، آپ (قبلہ عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اس کے گھر کا ارادہ فرمایا اور گھوڑے کی لگام اس طرف موڑی تو وہ ازراہِ خوش طبعی کہنے لگا حضور! راستہ اُسی طرف ہے (جس طرف آپ تشریف لئے جا رہے ہیں، میرے گھر کی طرف نہیں) آپ نے فرمایا:

ہزار خویش کہ بیگانہ از خدا باشد
فدائے یک تنِ بیگانہ کاشنا باشد

ہزار اپنے، جو کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہ سے بیگانے ہوں اس ایک بیگانے پر قربان جو کہ خداشناس ہو۔

(یعنی تیرا مقصد یہ ہے کہ ہم چونکہ تیرے رشتہ دار نہیں ہیں اس لئے تیرے گھر نہیں جائیں گے، سنو! اگرچہ ہم سب میں بیگانے ہیں، لیکن خداشناس ضرور ہیں)

(حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں) میں نے (اپنے دل ہی دل میں) کہا جس پر کرم ہو جائے طالع مند (خوش نصیب) وہی ہے۔

بارش طلب کرنے کا منفرد انداز:

نیز آپ (قبلہ من خواجہ حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا:

ایک دن کا واقعہ ہے کہ حضرت نواب جیو صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ بادشاہِ وقت کے پاس بیٹھے تھے اور عہدہ وزارت پر فائز تھے، اسی دوران لوگوں نے حاضر ہو

کہ بارش نہ ہونے اور قحط سالی کی شکایت کی۔

نواب صاحب نے فرمایا کل بارش ہو جائیگی،نواب صاحب کے اس جواب سے لوگ بہت متعجب ہوئے کہ آپ کس طرح یہ غیب کی خبر دے رہے ہیں۔

اگلے روز نواب صاحب نے فقراء و علماء کی دعوت فرمائی اور بہت پر تکلف کھانے از جنس پلاؤ اور گوشت وغیرہ وغیرہ مختلف شکلوں میں تیار کروائے اور ان سب چیزوں کو لے کر علماء و فقراء کے ہمراہ جنگل میں تشریف لے گئے، جہاں آس پاس پانی کا وجود نہ تھا، جب سب نے کھانا کھانے کے بعد پانی طلب کیا تو نواب صاحب نے فرمایا: پانی اب اللہ تعالیٰ سے مانگئے، چنانچہ اُسی وقت غیب سے بارانِ رحمت کا سلسلہ شروع ہو گیا (اور اتنی بارش ہوئی کہ زمینیں سیراب ہو گئیں اور لوگ بھی)۔

مرنے کی اتنی جلدی کیوں؟:

مزید آپ (قبلہ من خواجہ حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے ارشاد فرمایا کہ:

ایک بار ایک واعظ نے وعظ کرتے ہوئے جمعہ کے دن مرنے کے فضائل بیان کئے، چنانچہ ایک (جاہل) آدمی جس کی گردن میں ریت سے بھرا ہوا ایک مٹکا تھا، اس نے اس واعظ کی گفتگو سن کر اپنا مٹکا پھینکا اور خود کو ایک گہرے پانی میں غرق کرنے لگا، میاں محمد یار نے جو کہ حضور قبلہ عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خادم تھے، اسے پکڑ کر باہر نکالا (کہ موت کے فضائل کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ تم خودکشی کر لو اور حرام موت مرو)

قبلہ عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذوق سماع:

نیز قبلہ من خواجہ حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

نواب صاحب مذکور (حضرت نواب جیو صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ) ایک بار ایک غزل

Marfat.com

لکھ کر بخدمت قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہوئے، وہ یہ غزل آپ کو (اپنے ہاں لے جا کر) سنوانے کا ارادہ رکھتے تھے، جس وقت کہ آپ مجلس برخاست کرنا چاہتے تھے عین اُسی وقت نواب صاحب نے ایک مصرع کاغذ پر لکھ کر آپکی خدمت میں پیش کیا:

خدارا سوئے مشتاقاں نگاہے

''اللہ تعالیٰ کے لیئے ہم عاشقوں پر بھی نظر شفقت فرمایئے''

آپ نے وہ کاغذ اپنی کمر پر لنگی درست کرتے ہوئے مجھے دیا، مجھے معلوم ہو گیا کہ آپ مذکورہ نواب صاحب کی دعوت پر مجھے ساتھ لے جانا چاہتے ہیں، پھر بھی میں نے اشارتاً عرض کیا کہ آپ کی نعلین سیدھی کردوں، جواباً آپ نے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا (کردو) میں نے آپ کی نعلین درست کیں، (اسی وقت) آپ اٹھے اور نواب صاحب کے گھر کی طرف روانہ ہوگئے۔

وہاں (دعوت گاہ میں) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور یہ فقیر اور نواب صاحب کے علاوہ کوئی تھا نہ تھا، نواب صاحب کے قوالوں نے وہی غزل پڑھی، جس کی وجہ سے مجلس بہت پر ذوق رہی۔

دورانِ مجلس ایک شخص نے حاضرِ خدمت ہو کر عرض کی کہ اہل علاقہ کے امراء میں سے ایک آدمی آپ کی زیارت کا منتظر ہے، آپ نے فرمایا: فی الحال (ملاقات کا) وقت نہیں حتیٰ کہ مجلس اختتام پذیر ہوئی۔

استاد کو شاگردوں کے حوالے کر دیا گیا ہے:

نیز آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نقل فرماتے تھے کہ ایک بار حضرت قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میرے قبلہ گاہ (حضرت محب

اللہ المتعال، حافظ محمد جمال صاحب ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی طرف تین طلباء کو بھیجا کہ انہیں اس دعا گو (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے سپرد فرما دیں اور ان کی تعلیم میں کوتاہی نہ کی جائے۔

جب اس دعا گو کو اس بات کا علم ہوا تو سوچا کہ قبلہ گاہ (حضرت حافظ صاحب ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) شاید میری طرف آنے کی زحمت فرمائیں، لہٰذا میں خود ہی آکر زیارت سے مشرف ہوا اور تسلی دی کہ اُن کی تعلیم میں پوری توجہ دی جائیگی۔

اس کے بعد میرے قبلہ گاہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور قبلہ عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف عریضہ (خط) لکھا کہ:

"میں نے (حضرت خواجہ) خدا بخش (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو طلباء کے حوالے کر دیا ہے"

جب وہ عریضہ حضور قبلہ عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس پہنچا تو آپ اور دیگر حاضرین مجلس حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس حسنِ ادب سے بہت متعجب ہوئے کہ "استاد کو شاگردوں کے حوالے کر دیا گیا ہے" اور بہت خوش ہوئے۔

اسی سلسلے میں آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا کہ:

حضرت مخدوم شرف الدین حسین رحمہ اللہ تعالیٰ عالم تھے اور حدیث شریف پڑھنے پڑھانے میں بہت مشغول رہتے تھے، چنانچہ بکثرت مولوی صاحبان استفادہ کیلئے انکے پاس آتے تھے، بظاہر یہ معلوم ہوتا تھا کہ مخدوم صاحب پڑھتے ہیں اور آنے والے مولوی صاحبان پڑھاتے ہیں، لیکن درحقیقت معاملہ اسکے برعکس تھا

Marfat.com

حضرت مخدوم صاحب استاد ہوتے وہ شاگرد، و نیز مخدوم صاحب ان کی مالی خدمت بھی کرتے تھے، کسی کو پانچ روپے ماہوار، کسی کو تین روپے اور کسی کو دو روپے ماہوار وظیفہ عطا فرماتے تھے۔

آپ دوائی کیوں نہیں استعمال فرماتے؟:

نیز آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نقل فرماتے تھے کہ:

ایک مرتبہ حضرت قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مجاور میاں محمد غلام رسول صاحب میرے قبلہ گاہ (حضرت حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے پاس ملاقات کیلئے تشریف لائے اور عرض کی کہ آپ بہت نحیف (کمزور) ہو چکے ہیں پھر بھی دوائی استعمال نہیں فرماتے؟ آپ نے فرمایا: اگر کوئی مجھے یہ بات لکھ دے کہ آپ کو اس دوائی سے (ضرور بالضرور) صحت ہو جائے گی تو کر لوں گا (اور ایسا ممکن نہیں)

بھوک کم ہو تو بہتر ہے:

نیز فرمایا:

میں یہ چاہتا ہوں کہ بھوک کی مقدار کم ہونی چاہیے نہ کہ زیادہ (تا کہ کم سے کم کھانا کھایا جائے)۔

نیز فرمایا:

ایک بار کسی حکیم نے کہا میرے پاس ایک دوائی ہے جو کہ مقوی (طاقت دینے والی) ہے اور میں اسے ایک روپے کے بدلے ایک روپے کے وزن برابر دیتا ہوں۔ اگر آپ کے مزاج میں آئے تو لے لیں اور روزانہ اس سے ایک لکھ (تنکے) برابر

Marfat.com

بتاشے پر ڈال کر کھالیا کریں (انشاء اللہ تعالیٰ) بھرپور قوت ہوگی۔

اتنے میں ایک شخص بازار سے غالباً "پنج قیصرہ" بتاشے خرید لایا اور میرے سامنے رکھ دیے، میں نے ساری دوائی ان بتاشوں پر ڈال کر انہیں پیس کر یکبارگی ہی کھالی اور اپنے دل میں خیال کیا کہ کون روزانہ حرج میں پڑے اور تازہ اسباب مہیا کرے، اسپر کسی نے پوچھا حضور! اس دوائی سے کچھ فائدہ بھی ہوا؟ فرمایا بالکل نہیں۔

عشقِ الٰہی ہر تکلیف کا علاج ہے:

ایک بار اس بے ہیچ (کاتب الحروف، فانی فی اللہ، باقی باللہ، خواجہ خواجگان، مولانا عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی خدمت میں عرض کی کہ:

چونکہ آپ کو خشک کھانسی ہے اور نقاہت بھی بہت ہے، لہٰذا "لعاب بہی دانہ" بہت اچھی دوا ہے اور اس مرض کے لئے بہت مفید ہے۔

(اسکے جواب) میں آپ نے مثنوی شریف کا یہ شعر پڑھا:

اے دوائے نخوت و ناموس ما

اے تو افلاطون و جالینوسِ ما

اے عشق! (عشق الٰہی کی طرف اشارہ ہے) تو ہی ہمارے ناز و ناموس کی دوا ہے (اے عشق!) تو ہی ہمارے لئے جالینوس و افلاطون (حکمائے یونان کے نام) ہے۔

نیز آپ نے فرمایا:

میں نے کبھی خواہش نفس کیلئے دوا نہیں لی، اور نہ ہی قوتِ باہ کیلئے کوئی چیز استعمال کی، اگر کہیں سے کبھی کوئی دوا ہاتھ آتی بھی تو دوسروں کو دے دیتا۔

صدقہ ء جاریہ کے لئے تعمیرات کرواتے:

ایک بار آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی بارگاہ میں حضور میاں خواجہ المعروف عبداللہ نے عرض کی حضور! میں نے آپ کی زبانِ معجز بیان سے ایک بار سنا تھا کہ اگر کسی کو اللہ تعالیٰ دولت عطا فرماتا ہے تو وہ اسے اِن چند چیزوں پر خرچ کرتا ہے یا تو بنائے خوب (خوبصورت مکانات کی تعمیر) میں، یا غذائے لذیذ میں، یا قوتِ باہ میں، یا نکاحِ ثانی میں۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میاں عبداللہ کو جواب عطا فرمایا کہ:

مجھے بھی ایک علت (عادت) ہے جس کو ختم کرنے کی کوشش بہت کرتا ہوں پر کر نہیں پاتا، وہ یہ کہ جب بھی کوئی رقم آتی ہے تعمیر مکانات پر خرچ کرتا ہوں۔

اس بے ہیچ (کاتب الحروف) نے عرض کی حضور! یہ بھی آپ کا بے حساب فیض ہے، کیونکہ حضور کا مکانات تعمیر کروانا یا تو مہمان خانوں کی شکل میں ہوتا ہے، یا کوئی اور فیضِ عام، مثلاً خانقاہِ مطہرہ کی تعمیر، کنویں کھدوانا (چونکہ اُس دور میں پانی کا ذریعہ بھی ہوا کرتا تھا) اور مساجد بنانا وغیرہ وغیرہ۔

نیز آپ ان تعمیرات میں اسراف کو بھی پسند نہیں فرماتے کہ عمارت کو بہت خوبصورت بنایا جائے اور بے فائدہ تکلیف اٹھائی جائے۔

چوروں پر بھی شفقت فرمائی:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بھی ایک بار فرمایا کہ:

حضور قبلہ ء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلیفہ ء اکبر حضرتِ نور محمد ثانی نارو والہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے فرزندِ ارجمند کی شادی کرنا چاہتے تھے اور اس کے لئے تمام

Marfat.com

تیاری بھی مکمل فرما چکے تھے کہ اچانک بلوچ ڈاکوؤں کا ایک گروہ جو کہ چوری اور غارت گری میں مشہور تھا وہ سارے کا سارا سامان چوری کر کے لے گیا۔

انہیں چوروں میں سے ایک آپ کے حجرہ خاص میں آکر اِدھر اُدھر دیکھنے لگا کہ شاید یہاں سے بھی کوئی چیز مل جائے لیکن اسے وہاں سے کچھ نہ ملا، جب وہ واپس جانے لگا تو آپ نے اُسے بلا کر کہا" اس مٹکے میں ایک لنگی پڑی ہے وہ لیتے جاؤ" وہ لنگی آپکے خادم نے اس سے قبل گھڑے میں ڈال کر گھڑے کو الٹا کر دیا تھا، چنانچہ چور اُس لنگی کو اٹھا کر لے گیا۔

آپ نے فرمایا: لیکن خدا تعالیٰ بڑا کارساز ہے، مقررہ مدت پر بامرِ الٰہی پہلے سے بھی کہیں زیادہ اسباب مہیا ہوئے اور شادی بخوبی سرانجام پائی۔

شیخ و مرید کے تعلق کا ایک انداز:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کاتب الحروف (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور مخدوم سید حامد جیو صاحب کو "ظریف خان کے باغیچہ" (ملتان کے ایک مقام کا نام) میں شرف رخصت سے نوازا اور خود ملتان سے باہر کسی صاحب دعوت کی طرف تشریف لے جانے لگے۔

اس بے ہیچ نے عرض کی حضور! بدنی رخصت گوارہ ہو سکتی ہے لیکن روحانی نہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا:

قربِ روحی بشما دارم وفقدِ بدنی
ہمچو در وقتِ نبی خواجہ اویس قرنی

Marfat.com

اگرچہ میرا جسم آپ سے دور ہوگا لیکن میری روح آپ سے قریب رہے گی جیسا کہ حضور نبی مکرم، رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے دورِ ظاہری حیات میں حضرتِ خواجہ اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

نیز ایک مرتبہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خانقاہِ معلیٰ میں اس بے ہیچ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

مجھے (مرتبے میں) کہاں تک پہنچانا چاہو گے؟ (یعنی میری اتباع کہاں تک کرو گے؟ کیونکہ شاگرد و مرید کا اپنے استاد و شیخ کے تعلیمی اصول پر عمل کرنا استاد و شیخ کیلئے صدقہء جاریہ کے طور پر ترقیء درجات کا سبب ہے)

اس درویش نے عرض کی جیسے آپ کی مبارک مرضی ہوگی۔

(جواب میں) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ مصرع زبان پر لائے:

نہ مثل زبیدہ است ہر بیوہءِ

''ہر بیوہ بی بی زبیدہ کی طرح نہیں ہوتی''

کاتب الحروف کہتا ہے آپ کی مراد اس مصرع سے غالباً اس حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے۔

عَلَيكُم بِدِينِ العَجَائِز

''بوڑھی عورتوں کے دین کو مضبوطی سے پکڑو''

(کیونکہ وہ عقیدت ومحبت اور دین میں دوسروں سے زیادہ پختہ ہوتی ہیں واللہ تعالیٰ اعلم)

اخلاقی اقدار کی پاسداری:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کسی نے حضرتِ محب النبی (صلی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

علیہ والہ وسلم) فخر المحبوبین، مولوی فخر الدین صاحب (اورنگ آبادی ثم الدہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے حضور (سامنے) کسی کے منہ پر طمانچہ مارا، آپ اس پر بہت خفا ہوئے۔

(کیونکہ یہ مجالس اہل اللہ کے احترام کے خلاف ہے اور اس میں اہل اللہ کی توہین و گستاخی بھی ہے، اور ہر ذی شعور بآداب الشریعۃ اس سے آگاہ ہے)۔

تعویز ہرکارہ کی سند:

نیز ایک مرتبہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

تعویذ اسم ذات (تعویذ ہرکارہ) بایں صورت الله
الله
الله

(کہ تین مرتبہ اوپر نیچے اللہ اللہ اللہ لکھا جاتا ہے) حضرتِ (شیخ المشائخ، غریق المحبت، امام العارفین، سلطان الزاھدین، خواجہ خواجگان،) حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو انکے مرشد (شیخ المشائخ برہانِ چشتیاں، شہید المحبت، وکیل الباب، حضرت خواجہ خواجگان، قطب الحق والدین) حضرت خواجہ بختیار کاکی اوشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عطا ہوا تھا۔

کشف سے دلی کیفیت کو جان لیا:

ایک مرتبہ آپ (میرے مرشدِ کریم، حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا کہ:

ایک روز حضرتِ خواجہ خواجگان قبلہ عالمیان، شیخ المشائخ حضرت خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے تمام خلفاء کے ساتھ ملتان تشریف لائے، درآں حالیکہ تھوڑی تھوڑی بارش ہو رہی تھی، پھر جب آپ واپس جانے لگے تو یہ درویش آپ کے پیچھے روانہ ہوا، جب آپ "باغ شیر خان" میں پہنچے تو اپنے گھوڑے کو روک لیا، سب

Marfat.com

لوگ حیران تھے کہ آپ کس لئے یہاں رکے ہیں۔

بعد ازاں آپ نے اس فقیر کو (بلا کر) رخصت فرمایا (یعنی تم اپنے گھر چلے جاؤ) اور دو روپے بطورِ انعام مرحمت فرمائے۔ (آپ کی یہ سب کرم نوازی اس لئے تھی کہ) میرے بھائی بیمار تھے (اور مجھے وہاں پہنچنا تھا، یہ سب آپ کا کشف تھا)۔

امان ما حوالہء خدائے تعالیٰ:

یہ بھی آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فرمایا کہ:

یہ کلام جو لوگوں میں مشہور ہے اور اکثر لوگ اُسے اپنی زبان پر بھی لاتے ہیں

اَمَانِ مَا حَوَالَهءِ خُدَ ائے تَعَالیٰ

''ہماری امانت اللہ تعالیٰ کے سپرد''

یہ اچھے الفاظ ہیں اور اسی طرح حدیث شریف میں بھی ہے کہ:

رات کو سوتے ہوئے یہ پڑھ لیا کریں:

وَاَنَا اَشْهَدُ بِمَا شَهِدَ اللّٰهُ بِهٖ وَاَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ هٰذِهِ الشَّهَادَةَ وَهِيَ لِيْ عِنْدَهٗ وَدِيْعَةٌ

اور میں گواہی دیتا ہوں اس (بات) کی جس کی اللہ تعالیٰ نے خود شہادت دی ہے اور وہی شہادت میں اللہ تعالیٰ کو بطورِ امانت پیش کرتا ہوں اور یہ میرے نفع کے لئے میرے اللہ تعالیٰ کے پاس امانت ہے

اسکے بعد یہ آیت تلاوت کریں

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۝

Marfat.com

اللہ تعالیٰ امانتوں کی حفاظت فرماتا ہے:

پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی حوالے سے ایک قصہ بھی ذکر فرمایا جو کہ ''عوارف المعارف'' شریف (تصوف کی ایک مشہور کتاب جو کہ شیخ الشائخ، خواجہ خواجگان حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تالیفِ لطیف ہے) میں مذکور ہے۔

آپ تحریر فرماتے ہیں کہ:

حضرتِ امیر المومنین سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں دو مرد آپ کی بارگاہ میں زیارت کے لئے حاضر ہوئے۔ ان میں سے ایک باپ تھا جبکہ دوسرا بیٹا۔ یہ دونوں اور لوگوں کی نسبت ایک دوسرے کے ساتھ شکل و صورت میں بہت زیادہ مشابہ تھے۔

آپ نے اس حیرت انگیز مشابہت کا سبب ان سے دریافت کیا، باپ نے عرض کی حضور! میں ایک تاجر ہوں، ایک بار تجارت کے سلسلہ میں اپنے وطن سے باہر گیا، جاتے وقت میری بیوی حاملہ تھی، میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی کہ ''اے اللہ! اس عورت کے حمل کو میں نے تیرے سپرد کیا'' پھر میں سفر پر روانہ ہو گیا۔

جب میں سفر سے واپس آیا تو پتہ چلا کہ میری بیوی فوت ہو چکی ہے، میں نے حمل کے بارے میں دریافت کیا، تو کہا گیا کہ وہ حمل ہی کی حالت میں فوت ہو گئی تھی، جب میں اسکی قبر پر گیا تو مجھے قبر کے اندر سے بچے کی آواز سنائی دی جس کو اور لوگوں نے بھی سنا، جب ہم نے قبر کھودی تو اس میں ایک بچے کو زندہ پایا، غیب سے یہ آواز سنائی دی کہ ''تو نے بیوی کے حمل کو ہمارے سپرد کیا تھا جسے ہم نے باسلامت تجھے واپس لوٹا دیا، اگر بیوی بھی ہمارے سپرد کر جاتا تو اسے بھی باسلامت

Marfat.com

پالیتا" حضور! یہ وہی میرا لڑکا ہے۔

میرا حال حجرِ اسود کی طرح ہے:

نیز ایک مرتبہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

"میرا حال حجرِ اسود جیسا ہے جسے لوگ چومتے ہیں اور وہ خود سیاہ ہے"

کاتب الحروف (حضور فانی فی اللہ، باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کہتا ہے، ہوسکتا ہے کہ آپ کا یہ مقولہ حضرت شیخ ابومدین مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقولہ کی طرح ہو، جو کہ فرماتے تھے "میری مثال حجرِ اسود کی سی ہے یعنی جو کچھ بھی میرے پاس ہے میرا اپنا نہیں ہے بلکہ یہ سب سیاہی مخلوق کے اعمال کی وجہ سے ہے"

(مترجم غفرلہٗ عرض کرتا ہے کہ اس سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی قدم بوسی یا دست بوسی سیاہ کاروں کے گناہوں کا کفارہ ہے، لیکن ان کا یہ فرمانا کہ "ہم سیاہ ہیں" بطورِ کمال انکساری ہے، اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند فرمائے آمین! بجاہ النبی الامین وآیۃ اللہ المبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم)

اولیاء اللہ کا جذبہ ایثار ہر ایک سے ممتاز ہے:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

میرا حال اُس شخص جیسا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ سے ان تین دعاؤں کے علاوہ کچھ نہیں مانگتا۔

(۱) اے اللہ! عزوجل ابلیس کو موت دے دے۔

(۲) اے اللہ! عزوجل جہنم کو بجھا دے۔

(۳) یا میرے جسم کو اتنا وسیع و عریض فرما دے جو کہ دوزخ کو بھر دے، تاکہ دوسرے لوگ دوزخ کے عذاب سے محفوظ رہیں۔

Marfat.com

(پھر فرمایا) میرا حال بھی یہی ہے کہ میں چاہتا ہوں تمام لوگ عذاب سے محفوظ رہیں اور جو بھی تکلیف وعذاب ہے وہ مجھے مل جائے۔

خواص کی باتیں خواص ہی جانتے ہیں:

نیز فرمایا کہ ایک شخص یہ مولود (نعت) شریف پڑھ رہا تھا کہ:

شد رخِ یار بے حجاب، صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّد

دوست (یعنی اللہ تعالیٰ) کے انوار وتجلیات بے حجاب ہو گئے، حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول ہو، یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کا ظہور ظہورِ حق ہے۔

اس شعر پر کسی نے اعتراض کیا تو میں نے اُس سے کہا کہ تم نے اسکا مطلب بھی سمجھا ہے یا خوامخواہ اعتراض کر رہے ہو؟ حضرت (خواجہ، خواجگان، شیخ الشائخ نور محمد صاحب) ناروواله رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ: اس حوالے سے گفتگو کرنا مناسب نہیں۔

اور اسی طرح کا ایک واقعہ یہ بھی ہے کہ:

ایک مرتبہ (خانقاہِ معلّیٰ، حضرت شیخ الشائخ، خواجہ، خواجگان، قبلہ، عالمیان، خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر) مولوی احمد یار صاحب فتح آباد سے جبکہ ایک دوسرے مولوی صاحب جن کا نام غلام محمد تھا حاضر تھے، وہ دونوں "وحدت الوجود" کے موضوع پر ایک دوسرے سے مختلف سوچ رکھنے کے باعث اختلاف رکھتے تھے، ان دونوں نے وہیں "خانقاہِ معلّیٰ" پر اسی موضوع پر جنگ وجدل شروع کر دی، یہ بے ہیچ (غالباً حضور فانی فی اللہ، باقی باللہ خواجہ عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) بھی اس گفتگو میں شامل تھا، آپ (میرے شیخ

کریم حضرت خواجہ خدا بخش صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے (جب یہ معاملہ دیکھا تو) مجھے بطورِ وعظ فرمایا کہ اس باب میں گفتگو کرنا مناسب نہیں (بلکہ یہ انداز ہونا چاہیے)

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ

''تمہارا دین تمہارے لئے میرا دین میرے لئے''

اور اسی طرح ایک مرتبہ جبکہ مولوی قاسم اور مولوی عبدالرحمٰن بھڈیرا اسی ''وحدتُ الوجود'' کے موضوع پر سوال و جواب کا سلسلہ شروع کئے ہوئے تھے اور یہ بے ہیچ (راقم الحروف رضی اللہ تعالیٰ عنہ) بھی بطورِ تماشائی سوال و جواب سننے کے قصد سے وہاں موجود تھا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہاں بھی مجھے اس گفتگو میں شرکت سے منع فرمایا۔

اَلاِ سْتِقَامَةُ فَوقَ الْكَرَامَة:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

ایک شخص جو کہ شیخ المشائخ مولوی (محب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم، خواجہء خواجگان) حضرتِ فخر الدِّین محمد دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مریدوں میں سے تھا اور صاحب خوارقِ عادات بھی، جس کا نام غلام محمد اَصلَح تھا، ایک بار حضرت قبلہء عالم خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی کرامات کا ذکر کرنے لگا کہ میں نے اس طرح کیا، اس طرح کیا، حضرت قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ ابھی تک تم اِسی (ادنیٰ) مقام میں ہو، یہ سن کر اُنہوں نے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کا بہت شکریہ ادا کیا۔

عجب اور تکبر حرام ہے:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نقل فرمایا کہ:

حضرت قبلہء عالم خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک مرید تھے جو کہ آٹھ پہر میں ایک بار کھانا تناول فرماتے تھے، ایک دن اُن کے ہاں ایک مہمان آیا جو کئی دنوں سے فاقہ سے تھا، انہوں نے اپنا کھانا آنے والے مہمان کو پیش کر دیا، اس طرح ان پر اسی بھوک کے عالم میں سولہ پہر گذر گئے، پھر جو کھانے کا وقت آیا تو ایک سائل اور آ پہنچا، انہوں نے پھر اپنا کھانا اس دوسرے سائل کو دے دیا، اسی طرح کرتے کرتے آٹھ دن گذر گئے اور انہوں نے کھانا نہیں کھایا، لیکن ان کی قوت اسی طرح بحال رہی، آٹھویں دن وہ مرید قبلہء عالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کو حاضر ہوئے (چونکہ باطنی طور پر آپ کو سارا علم ہو چکا تھا اس لئے) آپ نے اُس کے کھانے میں جلدی فرمائی اور ساتھ ہی ارشاد فرمایا کہ ”اتنے دنوں بھوکا رہنا اچھا نہیں، کیونکہ عجب نفس (خود پسندی) اور فخر کا موجب ہے“۔

قناعت بہر حال اولیٰ تر است:

قاضی سلطان اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ جو کہ حضرت شیخ علی حیدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رشتہ داروں میں سے تھے فرماتے ہیں کہ:

جس زمانے میں سکھوں نے قلعہء ملتان کی تخریب و غارت کی، حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ نہایت پریشانی کے عالم میں حضرت محب اللہ المتعال، خواجہ حافظ محمد جمال ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خانقاہ مبارک کے قریب ایک حویلی میں نزول فرمایا، آپ یہاں سے بہاولپور جانے کا ارادہ رکھتے تھے، اس وقت آپکے تمام متعلقین کا کھانا قطب الدین قصوری کے گھر سے بھیجا جاتا تھا اور اُن کی خواہش تھی کہ آپ قصور یا لاہور تشریف لے چلیں، لیکن

آپ نے وہاں جانے سے انکار کر دیا اور بہاولپور ہی جانے کا ارادہ ظاہر فرمایا۔

ایک دن عبد الصمد خان نے آدمی بھیج کر کہلا بھیجا کہ آپ ہمارے ہاں تشریف لے آئیں لیکن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی استدعا بھی رد فرما دی اور صاف انکار فرما دیا، جب اس کا قاصد چلا گیا تو آپ نے اپنے رفقاء سے فرمایا کہ اس خستہ حالی میں جانا مناسب نہیں اور اس پر (عاجزی کرتے ہوئے) یہ شعر بھی آپ نے فرمایا۔

گر گدا پیش روِ لشکرِ اسلام بود

کافر از بیم توقع برود تا درِ چین

اگر لشکرِ اسلام کا پیشرو (کوئی مانگنے والا) گداگر ہو، تو اس کی (سوالوں کے پورے ہونے کی) امید سے ڈر کر کافر دیوارِ چین تک بھاگ نکلیں گے۔

اور آپ نے خود ہی فرمایا انکا بھاگنا اسکے سوال کے خوف سے ہوگا نہ کہ تلوار کے خوف سے۔

ایک مسئلہء وراثت بشکل پہیلی:

اور یہ بھی منقول ہے کہ جن ایام میں حضرت محب اللہ المتعال، حضرتِ خواجہ حافظ محمد جمال اللہ صاحب ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور قبلہء عالم مہاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کو اکثر آیا کرتے تھے، ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے بھی ساتھ جانے کا مصمم ارادہ کر لیا، انھیں دنوں میں ایک افغانی مولوی جو کہ اخوند کے نام سے مشہور تھا اور ''اندر کوٹ'' کا رہنے والا تھا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتاب ''خلاصۃ الحساب'' پڑھتا تھا، ایک دن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض کرنے لگا کہ ایک فتاویٰ میں میں نے ایک عجیب مسئلہ دیکھا ہے، وہ

Marfat.com

یہ کہ ایک شخص مرجاتا ہے اور اپنے ورثاء میں ایک حقیقی (سگا) بھائی اور ایک اپنی زوجہ کا بھائی چھوڑ جاتا ہے، اسکا ترکہ سارے کا سارا اُس کی بیوی کے بھائی کو ملے گا اور مرنے والے کا سگا بھائی وراثت سے محروم رہے گا۔

(اس سے پہلے کہ آپ اس کو کوئی جواب دیتے) اچانک آپ کو حضرتِ میاں صاحب، والا مناقب، مولوی عبدالرزاق جیو صاحب (جو کے قلعہ میلسیاں کے رہنے والے تھے) کے ہمراہ مہار شریف کا سفر درپیش ہوا۔

جب آپ اور مولوی صاحب ممدوح حضور قبلہء عالم کی زیارت سے مشرف ہو کر کچھ دنوں بعد مہار شریف سے واپس ملتان کی طرف روانہ ہوئے تو اُسی دن حاصل پور کے نواح میں موضع "چھومن" کی "دبیل" نامی بستی میں آپہنچے اور سفر کی تھکان کی وجہ سے چارپائیوں پر لیٹ گئے۔

اتنے میں مذکورہ بستی کی مسجد کا امام "سلطان" نامی آیا اور میاں صاحب عبدالرزاق جیو کی پائنتی بیٹھ کر اُنکے پاؤں دبانے لگا اور پورے شوق و ذوق اور اعضاء کو حرکت دیتے ہوئے (جھومتے ہوئے) یہ ابیات جو کہ مختلف الانواع ہیں پڑھنے لگا۔

اے ماماہوں چاچا تیرا
تیکوں سڈے بابا میرا
سووی ہووے ڈاڈا تیرا
ایہ معما سنیو بھائی
ہکو سو ہرا ہکو جوائی
ایہ عجائب ہین سمجھ آئی

سکی نانی سکی بھرجائی

ایہ عجائب سن توں بھیا!

سکا ڈاڈا ، سکا بھنڑ دیا

سنیو لوگو ! ایہہ معما

اوہی سس تے نوہ سکی لماں

جیکوں ملاّ کرے بیان

ودہی عاقل کھرا پچھان

اور فخر سے کہنے لگا کہ یہ اشعار بہت مشکل ہیں کون اس معمے کو بیان کر سکتا ہے، میاں صاحب میلسیاں بھی ان اشعار کی سماعت کے بعد متعجب و متفکر تھے کہ اُسی وقت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زبانِ مبارک معجز بیان سے ارشاد فرمایا کہ:

یہ بھی عجیب ہے لیکن ایک اور صورت اس سے بھی عجیب تر ہے، وہ یہ کہ ایک آدمی فوت ہوا اُس کے ورثاء میں ایک حقیقی بھائی اور دوسرا اُس کی بیوی کا بھائی ہے، ترکہ کا وارث اس کی بیوی کا بھائی اکیلا بنے گا اور اس کا اپنا حقیقی بھائی محروم رہے گا۔

جب مولوی سلطان نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبانِ مبارک سے یہ مذکورہ فتویٰ سنا تو ٹھنڈے سانس لینے لگا اور دونوں ہاتھ رانوں پر مار کر کہتا تھا ہائے! آپ نے اسی صورت ابیات کو بیان کر دیا ہے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی صرف اتنی بات سن کر جان لیا کہ ہو نہ ہو یہی ابیات والی صورت اِسی میراث والی صورت کے ضمن میں صاف (ظاہر) ہوگی۔ تو آپ نے اپنی ادنیٰ سی توجہ سے میراث والی صورت کو اُن اشعار کیساتھ منطبق کر کے بیان کر دیا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ (اب اس کو اس مثال سے سمجھو)

دو شخص باپ بیٹا ہیں، باپ کا نام "بخشو" اور بیٹے کا نام "گاماں" ہے، یہ دونوں باپ بیٹا لاہور سے ملتان آئے، یہاں دو عورتیں ماں بیٹی رہتی ہیں، ماں کا نام ولایت اور بیٹی کا نام عظمت ہے

(صورتِ حال یہ بنی کہ) بخشو (گاماں کے باپ) نے عظمت (ولایت کی لڑکی) سے نکاح کر لیا، اور گاماں (بخشو کے لڑکے) نے ولایت (عظمت کی ماں) سے نکاح کر لیا۔

بخشو کے ہاں ایک لڑکا عیسیٰ نامی پیدا ہوا اور گاماں کے ہاں ایک لڑکا موسیٰ نامی متولد ہوا، اب اگر بخشو فوت ہو جائے (اور گاماں اور عیسیٰ پہلے ہی فوت ہو چکے ہوں) اور اُس کے ورثاء میں اس کی زوجہ عظمت کا (ماں شریک اخیافی) بھائی موسیٰ حیات ہو اور بخشو کا ایک سگا بھائی "عمر" نامی بھی موجود ہو، تو وراثت موسیٰ کو ملے گی نہ کہ عمر کو، کیونکہ موسیٰ بخشو کے بیٹے گاماں کا بیٹا ہو کر بخشو کا پوتا ہوا اور پوتے کے ہوتے ہوئے میت کا بھائی وراثت سے محروم رہتا ہے۔

(وراثت کا حکم اب ایک طرف کر لیجیے اور دوسری طرف ذہن کو منتقل کیجیے کیونکہ موسیٰ کے بخشو کا وارث بننے کے لئے بخشو کے دونوں بیٹوں گاماں اور عیسیٰ کا نہ ہونا ضروری تھا، لیکن اشعار میں صرف رشتوں کا بیان ہے جو کہ بڑا دلچسپ ہے)

اے ماما ہوں چاچا تیرا

عیسیٰ موسیٰ کو کہے گا تو میرا ماموں ہے (کیونکہ میری ماں عظمت کا تو بھائی ہے)

اور میں تیرا چچا ہوں (کیونکہ میں تیرے باپ گاماں کا پدری بھائی ہوں)

Marfat.com

تیکوں سڈے بابا میرا

اور بخشو میرا تو باپ ہے۔۔۔

سو وی ہووے ڈاڈا تیرا

مگر تیرا دادا ہے۔۔۔(کیونکہ وہ تیرے باپ گاماں کا باپ ہے)

ایہ معما سنیو بھائی

ہکو سو ہرا ہکو جوائی

اور سمجھو! وہی بخشو ولایت کا گاماں کی نسبت سے سسر اور عظمت کی نسبت سے داماد ہے۔

ایہ عجائب ہین سمجھ آئی

سکی نانی سکی بھرجائی

اور ولایت عظمت کی نسبت سے عیسیٰ کی نانی اور گاماں کی نسبت سے جو کہ عیسیٰ کا پدری بھائی ہے عیسیٰ کی بھابھی ہوئی۔

ایہ عجائب سن توں بھیا!

سکا ڈاڈا سکا بہنڑویا

وہی بخشو موسیٰ کا گاماں کی نسبت سے حقیقی دادا اور بخشو موسیٰ کا عظمت کی نسبت سے بہنوئی ہوا۔

سنیو لوگو!! ایہ معما

اوہی سس تے نوہ سکی اماں

اور ولایت بخشو کی عظمت کی نسبت سے ساس، اور گاماں کی نسبت سے بہو

Marfat.com

ہوئی اور عیسیٰ کی سگی ماں (یعنی نانی)۔

جیکوں ملاّ کرے بیان

ودہی عاقل کھرا پچھان

اس معمّے کو جو کوئی عالم حل کر دے، اسے بہت بڑا عاقل سمجھو۔

اس تفصیل کی مختصر صورت یہ ہے:

گاماں	بن	بخشو
(نکاح)		(نکاح)
ولایت	مادرِ	عظمت
(بیٹا موسیٰ)		(بیٹا عیسیٰ)

شوقِ نمازِ باجماعت پر ایک حکایت:

نیز آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے ایک مرتبہ فرمایا کہ:

ہمارا ایک ہمسایہ نمازِ باجماعت کا بہت شوقین اور پابند تھا اور گھر والوں کے ساتھ اسی نمازِ باجماعت کی پابندی کی وجہ سے اس کا جھگڑا رہتا تھا، جب وہ بہت بوڑھا اور ضعیف ہو گیا تو اس نے (باجماعت نماز کے شوق میں) مسجد ہی میں سکونت اختیار کر لی، ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ اُدھر عشاء کی جماعت تیار تھی اِدھر یہ بھوک کی وجہ سے بہت ناطاقت ہوا بیٹھا تھا، بار بار زبان سے یہ کہتا تھا ”بکھ ودبکھ“ ”نماز ودنماز“ (یہ ایک حسرت کا انداز ہے کہ ہائے بھوک بھی بڑی شدید ہے اور نمازِ باجماعت کا بھی وقت ہے اور چونکہ مجھے کھانا میسر نہیں اور کمزوری بہت زیادہ ہے، جماعت ہو جائے گی اور میں نہیں پڑھ سکوں گا، کھانا کھا

Marfat.com

لوں تو کچھ طاقت آجائے کہ نماز باجماعت پڑھ سکوں)

آپ نے فرمایا:

اُس کے شوق کو دیکھتے ہوئے میں نے ایک پیالہ اٹھایا اور ہمسایوں سے پوچھتا تھا کہ آیا کسی نے بھات پکایا ہوا ہے؟ ایک ہمسائے کے گھر سے مجھے بھات مل گیا، میں نے لاکر اُسے کھلایا، جب اسکے بازوں میں کچھ طاقت موجود ہوئی تو اس نے نماز ادا کی۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ واقعہ اُس وقت سنایا جبکہ آپ خود بہت کمزور ہو چکے تھے، روٹی کھانے اور چبانے کی قوت بھی نہ رہی تھی، گویا آپ اس طرف اشارہ فرمارہے تھے کہ کوئی غلام آپ کی خدمت سے بھی فیضیاب ہو، لیکن صورتِ حال یہ تھی کہ بہت کم لوگ تھے جو آپ کی ضرورتوں پر نظر رکھتے ہوئے خدمت بجالاتے تھے، ہر شخص اپنے کاروبار اور دھندے میں مصروف تھا۔

فقاہتِ فقہاء (ایک عجیب فیصلہ):

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک سفر میں فرمایا:

''صواعقِ محرقہ'' (ایک کتاب کا نام) میں نقل ہے کہ:

دو آدمی ایک سفر میں اکٹھے کھانا کھانے کے ارادے سے بیٹھے، ایک کے پاس پانچ روٹیاں جبکہ دوسرے کے پاس تین روٹیاں تھیں، اچانک ایک اور آدمی بطور مہمان ان کے پاس آپہنچا اور اس نے ان کے ساتھ ملکر کھانا کھایا، فراغت کے بعد اس نے جاتے ہوئے آٹھ درہم بطورِ ہدیہ ان دونوں کو پیش کئے اور چلا گیا۔

اب اُن دونوں کے درمیان میں ان درہموں کی تقسیم کا تنازعہ کھڑا ہو

Marfat.com

گیا، پانچ روٹی والے کی رائے یہ تھی کہ مجھے پانچ درہم ملنے چاہئیں اور تین روٹی والے کی رائے یہ تھی کہ برابر تقسیم ہو، پانچ روٹی والے نے اسکی تجویز قبول نہ کی اور قاضی کے پاس جانے کا ارادہ کیا، قاضی نے معاملہ سماعت کرنے کے بعد فیصلہ یوں سنایا کہ:

''تین روٹی والے کے لئے ایک درہم اور پانچ روٹی والے کے لئے سات درہم، کیونکہ حساب اسی طرح بنتا ہے''۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب آٹھ روٹی کو تین آدمیوں نے مل کر کھایا تو ہر ایک نے گویا دو دو روٹیاں اور ایک روٹی کی دو تہائی کھائی، پس جس آدمی کے پاس تین روٹیاں تھیں اس نے اپنی ملکیت سے خود دو روٹیاں اور دو تہائی ایک روٹی کی کھالیں، بقایا اُس کی بچی ہوئی صرف ایک تہائی مہمان نے کھائی، اور پانچ روٹیوں والے نے خود دو روٹی اور دو تہائی کھائی جبکہ بقایا اسکی دو روٹیاں اور ایک تہائی مہمان نے کھائیں۔

مزید وضاحت اس کی یہ ہے کہ:

کل آٹھ درہم تھے اور آٹھ ہی روٹیاں تھیں، جب ہم ان میں سے ہر ایک روٹی کے تین حصے کریں گے تو مکمل چوبیس حصے ہو جائیں گے، اور ہر ایک نے ان میں سے آٹھ حصے کھائے۔

اب پانچ روٹیوں کے پندرہ حصے ہوئے ان میں سے آٹھ حصے اُس (پانچ روٹیوں والے) نے خود کھائے جبکہ بقیہ سات حصے اس کے مہمان نے کھائے، لہٰذا اسے سات درہم ملیں گے جو اس کے حصوں کا ثمن (قیمت) ہے۔

اور تین روٹیوں والے کے کل نو حصے تھے جس میں سے آٹھ حصے اس نے خود کھالئے جبکہ صرف ایک حصہ مہمان نے کھایا، لہٰذا اس (تین روٹیوں والے) کو ایک

Marfat.com

درہم ملے گا جو کہ اسکے حصے کا ثمن (قیمت) ہے۔

شوق وذوقِ تعلّم:

اور یہ بھی میں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا، فرماتے تھے:

جب ہم کتابیں پڑھا کرتے تھے، مطالعہ میں اس قدر محنت کیا کرتے کہ جب استاد صاحب کے سامنے سبق پڑھنے کو بیٹھتے تو استاد صاحب واہ! واہ! فرمایا کرتے اور سبق کے بعد کبھی دوبارہ کتاب کو ہاتھ نہیں لگاتے تھے (کہ ایک مرتبہ پڑھنے سے ہی یاد ہو جاتی تھی)۔

ایک شاگرد کی طرف سے لسّی کی ضیافت:

مجھے اس طرح یاد پڑتا ہے کہ ایک بار میں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا فرماتے تھے کہ:

ایک مرتبہ میں ملتان شریف اور خیر پور شریف کے درمیان سفر کر رہا تھا اور مجھے بخار اور اسہال کی تکلیف تھی، ہم ایک سید صاحب کے مکان پر پہنچے، جو کہ کچھ عرصہ قبل میرے پاس پڑھتے رہے تھے، مجھے فرمانے لگے حضور! آپ (دہی کی) لسّی پسند فرمائیں گے؟ میں نے کہا جی بڑی خوشی سے، وہ گھر سے لسّی تیار کر کے لے آئے، جب ہم نے اس کو پیا تو سب تکلیف جاتی رہی۔

تعظیمِ سید اور تحمل و بردباری:

ایک دن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہم لوگوں میں بیٹھے تھے کہ ایک شخص جو اپنے آپ کو سیّد کہتے تھے، تشریف لائے، آپ نے اُن کو بطورِ تعظیم وتکریم اپنے پاس بٹھالیا،

لیکن وہ آدابِ مجلس کو ملحوظِ خاطر نہ رکھتے ہوئے اپنے زانو کو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زانو پر رکھتے ہوئے بصورتِ متکبرانہ بیٹھ گئے اور اپنی نسوار کی ڈبی سے نسوار لینا شروع کر دی، چنانچہ نسوار کی بو ساری مجلس میں پھیل گئی اور آپ کو اس سے بہت اذیت اٹھانی پڑی اور کھانسی بھی شروع ہو گئی، لیکن آپ اس ناگوار کیفیت کو برداشت کرتے رہے، اہلِ مجلس بھی آپ کے ادب کی وجہ سے اُن کو کچھ نہیں کہہ سکتے تھے کیونکہ آپ اس سے خفا ہوتے تھے۔

آپ کا حلم و حوصلہ کچھ اس طرح کا ہوتا تھا کہ کسی دوسرے کی تکلیف گوارا نہ فرماتے تھے بلکہ جو کچھ بھی ہوتا خود برداشت فرما لیتے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چند کرامات:

ایک بار میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آستانہء عالیہ پر خیر پور شریف میں حاضر تھا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اندرونِ خانہ تشریف فرما تھے۔

میرے دل میں خیال آیا کہ اگر آج میں اپنے گھر پر ہوتا تو سویاں کھاتا،

آپ نے اندر سے اُسی وقت آواز دی عبید اللہ! (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

جب میں دروازے پر حاضر ہوا تو آپ نے سوئیوں سے بھرا ہوا ایک تھال عطا فرمایا اور فرمایا: ''اسے کھا لو''، تو میں نے اُسے کھایا۔

ایک مشہور واقعہ یہ ہے کہ:

خیر پور شریف کی غربی جانب ایک بستی ''بھوہر'' یا ''بانزی'' میں لوگوں نے ایک کنواں کھودا لیکن اس کا پانی کڑوا نکلا۔

وہ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ساتھ چلنے کی استدعا کی، آپ نے ان کی عرض منظور فرمائی اور ساتھ تشریف لے گئے۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہاں جا کر آس پاس جگہ کی جستجو کرنے کے بعد فرمایا اس جگہ دوسرا کنواں کھودو، انہوں نے اُسی طرح کیا تو اس کا پانی بہت اچھا نکلا۔

نیز یہ بھی مشہور ہے کہ:

دریائے گھارا جب علاقہ ''ڈر پور'' کے قریب آ پہنچا اور درختوں اور زمینوں کو برباد کیا تو وہاں کے لوگ آپ کو موقع پر لے گئے۔

آپ نے وہاں جا کر فاتحہ خوانی کروائی اور دُعا فرمائی، تو پھر اس جگہ سے دریا آگے نہیں بڑھا جہاں آپ کی چارپائی بچھائی گئی تھی۔

سادگی و کسرِ نفسی:

جب یہ درویش کاتب الحروف (حضور فانی فی اللہ، باقی باللہ خواجہ عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) پہلی بار ''احمد پور'' سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کو حاضر ہوا تو مغرب یا اس سے قدرے بعد کا وقت تھا۔

آپ بنفس نفیس اندر سے ایک چارپائی لائے، جس کا بان پرانا اور ٹوٹا ہوا تھا، پھر دوسری چارپائی لائے اس کی حالت بھی پہلی چارپائی جیسی تھی، شاید اس وقت ایسی ہی چارپایاں آپ کے ہاں موجود تھیں۔

پھر اندر سے میرے لئے کھانا لائے، جس میں سالن شلجم خشک تھا یا کوئی خشک سبزی یا کوئی اور دوسری چیز تھی۔

غرضیکہ سب کام آپ خود کرتے تھے، دوسرا کوئی شخص خدام یا متعلقان سے

Marfat.com

موجود نہیں ہوتا تھا، نیز یہ کہ ضعف (کمزوری) بھی اسوقت بہت تھا حتیٰ کہ بے طاقتی کی آواز بے اختیار آپ سے صادر ہو جاتی تھی۔

فنائیت واستغراق:

حکیم خدا بخش رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا کہ:

ایک روز میرے گھر سے پکی ہوئی مچھلی کے ساتھ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں کھانا بھیجا گیا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُسے اپنے اہل خانہ کے ساتھ مل کر تناول فرمایا، مائی صاحبہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: دہی اور مصالحہ خوب ہے، یہ سن کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

مجھے آپ کے کہنے کی وجہ سے اب لذتِ مصالحہ معلوم ہو رہی ہے، بیشک خوب ہے"۔

مقامِ کشف:

یہ بھی مرحوم حکیم صاحب نے نقل فرمایا کہ:

بہت امور پر آپ کو کشف حاصل تھا لیکن اس کے اظہار سے آپ بہت احتیاط فرماتے تھے اور زبانِ مبارک پر بھی نہیں لاتے تھے اور اپنی زندگی گزارنے کا انداز عوام جیسا رکھتے تھے۔

ایک روز آپ ملتان میں جبکہ (سکھوں کی عملداری سے پہلے) اہل اسلام کی حکومت تھی، اپنے بھانجے (حضرت) مولوی غلام محمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کو سبق پڑھا رہے تھے اور مولوی صاحب موصوف کسی خیال میں ڈوبے ہوئے تھے۔

Marfat.com

آپ نے اُن کے ہاتھ کو پکڑ کر فرمایا: "لنگی کے خیال سے ابھی دل کو فارغ رکھو وہ مل جائے گی، فی الحال سبق کی طرف توجہ دو"۔

لیکن اس کے بعد آپ بہت متحیر اور حیران ہوئے کہ بے ساختہ مجھ سے اس کا اظہار کیسے ہو گیا اور مولوی غلام محمد صاحب بھی آپ کی اس گفتگو سے تعجب کرنے لگے (کہ آپ نے میرے دل کی بات کو بھی جان لیا اور خلاف عادت اظہارِ کرامت بھی فرمایا)

اور لنگی کا معاملہ کچھ یوں تھا کہ:

حضرت مولوی غلام محمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کو حضرتِ محب اللہ المتعال: خواجہء خواجگان، شیخ المشائخ، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نسبتِ دامادی حاصل ہو چکی تھی، انہی دنوں ایک عقیدت مند شخص نے حضرتِ خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بطورِ ہدیہ و نذرانہ دو عدد لنگیاں پیش کی تھیں، آپ نے اُن لنگیوں کو ایک حافظ صاحب کے پاس بطورِ امانت رکھوا دیا۔

پھر جبکہ مولوی غلام محمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آئے تو آپ نے اُس حافظ کو (جن کے پاس لنگیاں امانت تھیں) حکم فرمایا کہ ایک لنگی مولوی صاحب موصوف کو اور دوسری فلاں شخص کو دے دو، انھوں نے تعمیل حکم کی۔

مولوی غلام محمد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ جب اپنے گھر تشریف لائے تو دیکھا کہ انہیں کم قیمت لنگی ملی ہے، جبکہ دوسری لنگی اس سے زیادہ قیمتی اور ریشم دار تھی، مولوی صاحب دل ہی دل میں خیال کرتے رہے کہ میں تو حضرتِ محب اللہ المتعال، خواجہء خواجگان، شیخ المشائخ، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نسبتِ

Marfat.com

(دامادی) رکھتا ہوں اور آپ نے (پتہ نہیں کیوں) حافظ مذکور (لنگیوں کے امین) کو مطلقاً تقسیم کرنے کا حکم صادر فرمایا تھا، پھر اس نے مجھے کم قیمت کیوں دی، دوسرے کو بیش قیمت کیوں دی، میں (اس بات کی شکایت) حضرتِ محبّ اللہ المتعال، خواجہ ءِ خواجگان، شیخ المشائخ، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ضرور کروں گا۔

سبق پڑھتے ہوئے حضرت مولوی غلام محمد صاحب انہیں خیالات میں گھرے ہوئے تھے، پھر اُنہیں اس بات کا تعجب ہوا کہ جو بات میرے دل میں گردش کر رہی تھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُس کی خبر دے دی۔

آپ کی فقاہت اور جھوٹ سے نفرت:

حکیم خدا بخش رحمہ اللہ تعالیٰ مزید نقل فرماتے ہیں کہ:

آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کبھی اپنی زبان پر جھوٹ نہ لاتے تھے، چنانچہ ایک روز نمازِ مغرب کے بعد بندہ (حکیم) خدا بخش آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، اتنے میں حافظ دائم صاحب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فرمائش پر آپکے حساب (کھاتے) میں سے ایک آنہ کی مٹھائی بازار سے خرید لائے اور آپ کی خدمت میں پیش کی۔

آپ کھڑے ہوئے اور فرمایا "یہ شیرینی (مٹھائی) میں نے تمہاری مِلک کی" اس بات کو آپ نے دوبارارشاد فرمایا۔

حافظ دائم صاحب تعجب میں تھے، آپ نے پھر فرمایا میں نے قبول کیا کیوں نہیں کہتے ہو؟

حافظ دائم صاحب نے عرض کی حضور! میں نے قبول کی (پھر) آپ رضی اللہ

تعالیٰ عنہ نے اپنی لنگی کا کونہ پھیلاتے ہوئے فرمایا: ''اب اسے مجھے دے دو''

پھر آپ مٹھائی لے کر گھر تشریف لے گئے، بندہ نے اپنے کانوں سے سنا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ مٹھائی مجھے حافظ دائم نے دی ہے۔

(پھر) مجھے پتا چلایا غالباً میں نے خود سنا تھا کہ (اس سے پہلے) مائی صاحبہ فرما رہی تھیں میں نہیں کھاؤں گی آپ بے فائدہ مال خرچ کرتے ہیں۔

اس واقعہ سے دو باتیں معلوم ہوئیں

پہلی یہ کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہلے سے معلوم تھا کہ اندرونِ خانہ یہ بات کہیں گے (اور آپ انہیں کسی وجہ سے مٹھائی کھلانا چاہتے تھے) دوسری بات یہ کہ آپ جھوٹ سے بچنا چاہتے تھے اسی لئے حافظ دائم کے ساتھ مٹھائی کی تملیک کا شرعی حیلہ فرمایا۔ (اس واقعہ سے آپ کی اہل خانہ کے ساتھ شفقت کا بھی اندازہ ہوا اور فقاہت کا بھی)

حالتِ استغراق میں بھی پابندیٔ شرع ملحوظِ خاطر رہی:

یہی حکیم خدا بخش صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نقل فرماتے ہیں کہ

(یہ اُن دنوں کی بات ہے کہ جن ایام میں آپ پر حالتِ استغراق طاری تھی) میں نمازِ مغرب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذاتِ بابرکات کے ساتھ پڑھا کرتا تھا، (اور کبھی ایسا ہوتا کہ) امام کبھی دو رکعت کبھی ایک رکعت ادا کر چکا ہوتا تھا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز سے باہر آجاتے، اور یہ اس وقت کی بات ہے جبکہ آپکا استغراق حدِ انتہا کو پہنچا ہوا تھا، حتیٰ کہ نماز کی امامت وقرأت کسی دوسرے کے سپرد تھی، کیونکہ (عوام اور اہل اللہ کے حال سے بے خبر) لوگ یہ گمان کرتے تھے کہ آپ (شاید) اپنی طاقت اور ہوش حواس سے باہر ہیں، لیکن معاملہ کچھ اور تھا۔

Marfat.com

کئی بار ایسے ہوا کہ جب آپ نماز (ختم ہونے سے پہلے نماز) سے باہر آتے تو امام بھی آپ کی اتباع کرتے ہوئے نماز توڑ دیتا، (اور اسی مذکورہ کیفیت میں) ضعف کی وجہ سے آپ لفظ آہ بھی زبان پر لاتے تھے۔

ایک بار مولوی عبدالغفار صاحب مرحوم آپ کی دائیں جانب اور غلام (حکیم) خدا بخش آپ کے بائیں جانب کھڑا تھا، مولوی محمد عثمان صاحب نماز پڑھا رہے تھے، اسی اثناء میں (آپ نے نماز توڑ دی اور آپ کی اتباع میں اوروں نے بھی) مولوی عبدالغفار صاحب مرحوم کو یاد آیا کہ وہ چادر جس پر نماز پڑھی جا رہی تھی ناپاک ہے، جب اس چادر کو تبدیل کیا گیا تو آپ نے نماز سکون سے ادا فرمائی، تب لوگوں کو معلوم ہوا کہ حکمت (دراصل) یہ تھی۔

کھیل سے بچپن ہی سے نفرت تھی:

نیز حکیم خدا بخش صاحب مزید نقل فرماتے ہیں کہ:

ایک بار یہ غلام آپ کی خدمت میں حاضری کے شرف سے مشرف تھا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

میں نے پوری زندگی میں کوئی کھیل نہیں کھیلا، اور نہ ہی مجھے کسی کھیل کھیلنے کا طریقہ معلوم تھا، حتیٰ کہ بچپن میں گلی ڈنڈا اور اخروٹ (ایک قسم کا کھیل) بھی کبھی نہیں کھیلے اور نہ ہی اس کا طریقہ معلوم ہے۔

معلوم ہوا کہ آپ کی ذات ہر قسم کے کھیل کود سے مبرا تھی۔

باادب بانصیب:

نیز حکیم خدا بخش صاحب یہ بھی نقل فرماتے ہیں کہ:

Marfat.com

بندہ ایک بار آپ کی خدمت میں مشرف بہ حضور تھا، آپ نے اپنی زبانِ مبارک سے فرمایا کہ:

ایک بار میں مسجد میں مغرب کی نمازِ با جماعت ادا کرنے کے بعد سنن یا نوافل (مجھے صحیح یاد نہیں کہ آپ نے کونسا لفظ فرمایا تھا، نوافل یا سنتیں) شروع کئے ہوا تھا کہ میرے عین پیچھے (پچھلی صف میں) میاں بہاؤالدین نے جو کہ مولوی عبدالحکیم صاحب کے والدِ محترم تھے آ کر نماز شروع کر دی، مجھے ادب دامن گیر ہوا کیونکہ وہ سفید ریش تھے، لہٰذا میں نے اس جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ جا کر نماز شروع کر دی، جب میاں بہاؤالدین نماز سے فارغ ہوئے، تو میاں صاحب موصوف نے دعا دی کہ "اللہ تعالیٰ آپ کو بے شمار سعادتوں کے ساتھ خیر و خوبیءدارین نصیب فرمائے کہ آپ نے میری سفید داڑھی کو دیکھتے ہوئے میری طرف نماز میں پشت کرنا بھی گوارہ نہیں فرمایا"۔

<u>برائی پھر برائی ہے:</u>

نیز ایک حافظ صاحب (جن کا نام مذکور نہیں) جو کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیر بھائی تھے، نقل فرماتے ہیں کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خود فرمایا کہ:

ہمارا ایک ہمسایہ تھا جس نے اپنی بیوی کو فریب دیکر مہر بخشوا لیا، اور چند درویشوں کو گھر میں بلا کر کھانا کھلایا اور انہیں اس بات پر گواہ کر لیا۔

دوسرے دن اُس نے بیوی کو طلاق دے دی، اس کی بیوی نے صبر سے کام لیا اور اُٹھ کر ہمارے گھر چلی آئی، دو دن بھی نہیں گذرے تھے کہ شخصِ مذکور کے گھر بامرِ الٰہی غیب سے آگ لگ گئی اور وہ آدمی اپنے بچوں اور مال و متاع سمیت جل کر راکھ ہو گیا۔

فضولیات میں پڑنا مناسب نہیں:

نقل ہے کہ ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف فرما تھے کہ خیر پور شریف کے کچھ رہائشی لوگ جھگڑتے ہوئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اُن کو دور سے آتا دیکھ کر آپ نے جلدی سے اپنی جیب سے تسبیح نکالی اور کچھ پڑھنے لگے۔

پھر ان لوگوں کو ہاتھ کے اشارے سے باور کرایا کہ فی الحال تو میں وظیفہ پڑھ رہا ہوں بعد میں (اگر چاہو تو) آ جانا۔

وہ لوگ آپکا اشارہ سمجھ کر فوراً واپس چلے گئے اور بعد میں نہ آئے، اُن کے چلے جانے کے بعد آپ نے تبسم فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ "اگر میں اس انداز سے کام نہ لیتا تو (ان کے فضول جھگڑے میں مبتلا ہوتا اور) ان کا جھگڑا لمبا ہو جاتا"۔

سماع کے حوالے سے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا طرزِ عمل:

ہر کسی کو معلوم ہونا چاہیے کہ:

آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی خدمت میں اگر کوئی دوست (ملنے والا) دن کے وقت آ کر آپ کو قصوں یا اشعار کے سنانے کی خواہش کا اظہار کرتا تو آپ اس سے اس قسم کے کلام سن لیتے مگر رات کو نہیں سنا کرتے تھے، (کیونکہ آپ کی عادت اسی طرح مشہور تھی، آپ رات کو عبادات میں مشغول رہا کرتے تھے) ہاں! البتہ سفر میں رات کو بھی سن لیتے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی خواہش پر کبھی یہ نہیں فرماتے تھے کہ قوال کو بلاؤ اور کچھ سناؤ۔

ایک رات میں (حضور قانی فی اللہ، باقی باللہ خواجہ عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) خیر پور شریف میں گیا ہوا تھا، کچھ لوگوں نے باہر کے مقام میں محفل سماع منعقد کر رکھی تھی، اس

وقت آپ اپنے گھر میں موجود تھے، جب آپ کی سماعت میں سرود کی آواز پہنچی تو فوراً قمیض پہنے بغیر ناراضگی کے عالم میں باہر تشریف لے آئے، یہ دیکھ کر سب اہلِ مجلس بھاگ نکلے (اس ناراضگی کا سبب یہ تھا کہ یہ محفل شرائطِ سماع سے خالی تھی)

نیز اس کاتب الحروف (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے جب "توفیقیہ شریف" کا ترجمہ ہندی زبان میں نظم کی صورت میں لکھ کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آپ کی سماعت کی نذر کیا تو آپ نے فرمایا تم نے اسے بہت مشکل کر دیا ہے۔

حضرت خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جانشینی:

نیز اس فقیر (کاتب الحروف رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو جب آپ نے بیعت لینے کی اجازت بخشی تو (عاجزی کرتے ہوئے ارشاد) فرمایا:

"جب تک تم ہو میری کیا وقعت ہے کہ میں لوگوں کو بیعت کروں یا وظائف بتاؤں"۔

نیز فرمایا:

باطل است آنچہ مدعی گوید
خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

جھوٹے دعویدار کا یہ کہنا غلط ہے کہ سوئے ہوئے کو سویا ہوا کیسے بیدار کر سکتا ہے۔

اس شعر کا حاصل یہ ہے کہ دوسروں کو ہدایت کرنے کے لئے یہ شرط نہیں کہ ہدایت کرنے والا کامل ہو اور نفس سے بھی پاک ہو، بلکہ اگر کوئی شخص ہادی مطلق اللہ تعالیٰ کو سمجھتا ہے اور خود کو گناہگار، اور خودی و خود بینی سے اجتناب کرتا ہے، اور کسی ولی کامل کی سرپرستی میں لوگوں کو اپنے مشائخ کے سلسلہ میں، صرف خیر خواہی کی بنا پر

Marfat.com

اپنے شیخ کی وکالت کرتے ہوئے داخل کرتا ہے تو اُسے گناہ نہ ہوگا، اور آخرِ کار لوگ بھی اُس سے ہدایت پالیں گے۔

جیسا کہ سویا ہوا دوسرے سوئے ہوئے کو بغیر ارادے کے ٹانگ مار دے (یا کوئی اور ایسی حرکت کرے، جس کی وجہ سے) وہ نیند سے بیدار ہو جائے اگرچہ ٹانگ مارنے والا اُسی طرح سویا ہو۔ (یہ سب اِن اکابرین علیہم الرضوان کے عاجزی کے انداز ہیں)

آپ کی استغراقی کیفیات:

نیز نقل ہے کہ:

ایک روز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گھر جا کر مائی صاحبہ رحمہا اللہ تعالیٰ سے دریافت فرمایا کہ کوئی چیز کھانے کو موجود ہے؟ مائی صاحبہ رحمہا اللہ تعالیٰ نے عرض کی کہ پلیٹ کے نیچے چاول رکھے ہوئے ہیں (حالانکہ مائی صاحبہ بھول گئی تھیں، کیونکہ وہ در حقیقت آٹے کا خمیر رکھا ہوا تھا) جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُس (خمیر) کو تناول فرما چکے تو مائی صاحبہ رحمہا اللہ تعالیٰ سے فرمایا کہ "ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خوب گلے ہوئے گوشت کی بوٹیاں کھائی ہیں، آج تک ایسی چیز میں نے نہیں کھائی"

مائی صاحبہ رحمہا اللہ تعالیٰ فرمانے لگیں "شاید آپ نے آٹے کا خمیر کھا لیا ہے"

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا "مجھے اِس کی کوئی خبر نہیں"۔

مشائخ کرام کے اتباع میں ڈیلے کھانا:

اس فقیر (حضور فانی فی اللہ، باقی باللہ، خواجہ عبید اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اکثر دیکھا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کریر کے ڈیلوں کے موسم میں پکے پکے ڈیلے خرید کر کھایا

Marfat.com

کرتے تھے، کیونکہ یہ (شیخ العالم، غریق المحبت، امام العارفین، سلطان الزاھدین) حضرت بابا صاحب (خواجہء خواجگان مسعود فرید الدین گنج شکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی سنت ہے، کیونکہ آپ کو اپنے مشائخ (کبار) سے بہت محبت تھی۔

خبر ہی نہیں کہ کیا کھایا:

یہ بھی روایت ہے کہ:

ایک مرتبہ جبکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے مرشد حضرتِ محبّ اللہ المتعال، خواجہء خواجگان، شیخ المشائخ، حضرت خواجہ حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عرس کی تقریبات میں شمولیت کے لئے ملتان پہنچے تو حضرتِ غلام مصطفیٰ خان رحمہ اللہ تعالیٰ جو کہ اس فقیر (کاتب الحروف رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے پیر بھائی اور آپ (حضرت خواجہ خدا بخش ملتانی ثم الخیر پوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے مجاز (اجازت یافتہ) بھی تھے اور قوالی سے عقیدت بھی رکھتے تھے اپنے گھر سے ایک تھال لائے، جس میں بادام و ناریل و میوہ جات اور شیرینی وغیرہ دودھ میں ڈال کر پکایا گیا تھا اور یہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں پیش کیا، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حسبِ معمول تمام احباب کے ساتھ مل کر اسے تناول فرمایا۔

اس کے بعد حضرت خواجہء خواجگان حضرتِ حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اہل خانہ نے پیغام بھیجا کہ اگر اجازت ہو تو کھانا بھجوائیں؟ آپ نے فرمایا: "ہم نے کچھ چاول جن میں تھوڑا سا گھی ڈال کر پکایا گیا تھا کھا لئے ہیں"۔

(یہ بھی آپ کے استغراق کی وجہ سے تھا کہ آپ کو خبر ہی نہ تھی کہ کیا کھایا ہے)

Marfat.com

کڑواہٹ کا پتہ ہی نہ چلا:

یہ بھی روایت ہے کہ:

آپ کسی جگہ مہمان تھے، صاحبِ دعوت نے رات کے وقت خوشی کی وجہ سے جلدی کرتے ہوئے ایک کٹورے میں دودھ ڈال کر اس میں بتاشے حل کر کے آپ کی خدمت میں پیش کیا، حالانکہ اس میں خشک حنظل ("رسوت" مشہور کڑوی دوائی) جمی پڑی تھی (اور میزبان کو اندھیرے اور جلدی کی وجہ سے پتہ نہ چل سکا)۔

آپ نے اس میں سے تقریباً نصف نوش فرما کر بقیہ دودھ حضرت مولوی عبدالغفار صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کو جو کہ آپ سے مجاز بہ بیعت (اجازت یافتہ) بھی تھے مرحمت فرمایا، جونہی حضرت مولوی صاحب ممدوح نے ایک گھونٹ پیا فوراً اسے باہر پھینک دیا اور "اَخ" "اَخ" کرنے لگے۔

اس واقعہ (اور پچھلے چند واقعات) کا حاصل یہ ہے کہ:

مشاہدہ، حقیقی میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا استغراق کچھ اس طرح کا تھا جیسا کہ حضور، جانِ نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم لَا یُذِمُّ ذَوَاقًا (ذائقہ کو حقیر نہیں فرمایا کرتے تھے)

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاقِ حسنہ بھی اسی سنت سے آراستہ تھے۔

چنانچہ شیخ سعدی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

ایں مدعیاں در طلبش بے خبر اند
کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

جھوٹے دعویدار اس کی طلب میں بے خبر ہیں، اور جن کو اس کی خبر مل گئی تو

پھر ان کی اپنی خبر ختم ہو گئی۔

نیز فرمایا:

یکے باز را دیدہ بردوختہ

دگر دیدھا باز وپر سوختہ

ایک باز (شاہین) وہ ہے جس کی آنکھیں سلی ہوئی ہیں، دوسرا وہ ہے جس کی آنکھیں تو کھلی ہوئی ہیں لیکن پر جلے ہوئے ہیں۔

مَنْ لَمْ یَذُقْ لَمْ یَدْرِ

" یعنی جس نے کسی چیز کا ذائقہ نہیں چکھا وہ اس کی لذت کو نہیں جان سکتا"

<u>کپڑا راہِ خدا میں تقسیم فرما دیا:</u>

اور یہ بھی منقول ہے کہ:

ایک بار آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اہلِ خانہ نے کچھ کپڑا فروخت کرنے کے لئے آپ کو دیا لیکن آپ نے اپنی مسجد یا مدرسہ میں جا کر حسب الحاجت اسے فقراء پر تقسیم فرما دیا، جب اہل خانہ نے قیمت طلب کی تو فرمایا:

"کسی نے خریدا ہے قیمت دے دے گا"

اس کے بعد جب کچھ رقم بطور فتوح حاصل ہوئی تو آپ نے اہل خانہ کے حوالے فرما دی۔

ایک مرتبہ فرمایا:

ایک دن مجھے نمازِ عصر بھول گئی کیونکہ مجھے بار بار گھر سے مسجد، مسجد سے گھر جانا پڑا، اسی وجہ سے نماز بھول گئی، پھر میں نے بعد میں قضاء کی۔

Marfat.com

(حضور رحمتِ عالم، امام الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: رفع عن امۃ الخطأ و النسیان میری امت کو بھول اور نسیان کا گناہ نہیں)

ایک دن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

ایک شخص میرے لئے بتاشے لایا، میں نے کہا مجھے ایندھن (لکڑی وغیرہ) کی ضرورت ہے تم بتاشے لائے ہو، جاؤ! اسے واپس کر کے ایندھن لاؤ۔

نیز فرمایا کہ:

جو شخص ہمارے پاس آئے (اُسے چاہیے) کہ اپنے ہمراہ صرف اتنا کھانا لائے جتنا کہ اُسے اور ہمیں کافی ہو۔ (یعنی زیادہ تکلفات سے پرہیز کرے، کیونکہ شیخ کی خدمت میں آنے والے ضرور کوئی نہ کوئی چیز لاتے تھے)

مالِ دنیا سے بے نیازی:

روایت ہے کہ:

جب ملتان غارت ہوا تو آپ نے کچھ عرصہ کیلئے "چیلہ واہن" میں سکونت اختیار کرلی، جب کچھ عرصہ گذرا تو کسی سرکاری اہلکار نے نواب آف بہاولپور محمد صادق خان عباسی مرحوم کو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی "چیلہ واہن" میں آمد کی خبر پہنچائی، اس زمانے میں چونکہ اس طرف کی کنارہ، آب والی زمین اُنہیں کے زیرِ نگیں تھی تو نواب صاحب نے ایک خط اُس علاقے کے حاکم کے نام بطورِ حکم تحریر فرمایا کہ:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا روزینہ مقرر کیا جائے، جب انہوں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اخراجات پوچھے تو آپ نے اپنے تمام افراد مرد و عورت جمع کر کے ہر ایک کیلئے ایک پاؤ آٹا [illegible] پاؤ [illegible] شمار فرمایا، جو کہ بطورِ قناعت تھا جس میں آپ

Marfat.com

نے اپنے نام وناموس (عزت وشہرت) اور حاکم کے علوِّ رتبہ (مالی طور پر مستحکم ہونے) کا لحاظ بالکل نہیں کیا تھا، جیسا کہ طالبان دنیا واہل ننگ وناموس کا طریقہ ہے۔

پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شماری (گنتی) کے مطابق سرکاری اہل کاروں نے چھ آنے یومیہ آپکے لئے وظیفہ مقرر کر دیا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جگہ یہاں (فرض کیجئے) اگر کوئی اور اہل طمع، طالبِ دنیا اور اہلِ ننگ وناموس ہوتا تو زیادہ نہ سہی تھوڑے سے تھوڑا بھی اگر وظیفہ مقرر کرواتا تو تین یا چار روپے روزانہ ضرور مقرر کرواتا۔

غرض یہ کہ آپ کی حالت (دنیا داروں کے مقابلے میں) وہی تھی جیسا کہ حضرتِ (غوث الاغیاث، قطب الاقطاب، محبوبِ سبحانی، قطب ربانی، الشیخ محی الدین ابو محمد) عبدالقادر جیلانی (السید الحسنی والحسینی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی مجالسِ وعظ وتذکیر اور اپنے ملفوظات میں (دنیاداروں اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے درمیان موازنہ کرتے ہوئے) ارشاد فرمایا تھا کہ:

اگر حضور سراپا نور، محبوبِ ربّ غفور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے کوئی ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمہارے دور میں اگر (بالفرض) تشریف لے آئیں تو تمہارے بارے میں یہ گمان کرنے لگیں کہ ان لوگوں نے ایک لحظہ کیلئے بھی اپنے رب کو نہیں مانا اور نہ ہی یہ لوگ ایمان والے ہیں، اور تم انہیں (اس صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو) مجنون تصور کرنے لگو گے" (کیونکہ وہ دنیا سے بالکل بے نیاز اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہوں گے)۔

عرس خواجہ حافظ محمد جمال رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں آپ کی شرکت کا انداز:

روایت ہے کہ:

Marfat.com

جب محبّ اللہ بالکمال، حضرتِ خواجہ، خواجگان حافظ محمد جمال اللہ صاحب ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پہلا عرس شریف ہوا تو قبلۃ المریدین، رئیس المتوکلین، حضرتِ خواجہ شاہ محمد سلیمان (تونسوی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرس میں شرکت کے لئے تشریف لائے، عرسِ پاک میں ان کی موجودگی میں محفل سماع بالآلات بھی منعقد ہوئی لیکن اس فقیر (کاتب الحروف رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے قبلہ گاہ (مرشدِ گرامی حضرت خواجہ خدابخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سماع بالآلات کی وجہ سے محفل میں تشریف نہیں لائے (یہ صورت حال دیکھ کر) حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان صاحب تونسوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ (اگر صاحبِ سجادہ تشریف نہیں لائے تو) ہم بھی آج کے بعد اِس عرس میں شرکت نہیں کریں گے۔

(کیونکہ جب میر مجلس، جانشینِ صاحب عرس، منظورِ نظر حضور قبلہء عالم مہاروی قدس سرہ العزیز شرکت نہیں فرماتے تو پھر ہماری شرکت کس لئے؟) چنانچہ حضرتِ شاہ محمد سلیمان تونسوی

• جب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے اقرار کے مطابق دوبارہ عرس میں شریک نہ ہوئے۔

لیکن اِس کے بعد حضرت (الشیخ) منشی غلام حسن (شہید، جای، وقت رضی اللہ تعالیٰ عنہ) وغیرہ دوسرے خلفاءِ حضور محبّ اللہ بالکمال، حافظ محمد جمال صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تائید کے ساتھ (چونکہ یہ حضرات سماع بالآلات کو پسند فرماتے تھے) ہر سال (تسلسل سے) سماع کی محفل منعقد ہوتی رہی۔

اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حضرت خواجہ خدابخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ملتان کی غارت (سکھوں کے قبضہ) کے بعد خیرپور شریف سے اپنی اہلیہ محترمہ علیہا الرحمہ تا وفات تک کبھی عرس میں شرکت کیلئے تشریف نہ لائے۔

Marfat.com

پھر اس کے بعد بھی جب آپ تشریف لاتے تو دن میں ہونے والی سماع کی محفل میں شرکت تو فرماتے لیکن ایک پہر (غالباً تین گھنٹے) مکمل نہیں بیٹھتے تھے، اور رات کی محفل قدر جو کہ خانقاہِ معلّٰی پر ہوتی بالکل ہی شرکت نہ فرماتے۔

غلبہء استغراق:

روایت ہے کہ:

جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھائی حضرت مولوی قادر بخش صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی وفات ہوئی اور لوگ ان کے جنازہ کو لے کر حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آپ کسی چیز کی انتظار میں ہیں، پوچھا تو فرمایا ''میرے بھائی تشریف لا رہے ہیں'' لوگوں نے عرض کی: حضور! یہ آپ کے بھائی ہی کا جنازہ ہے، اس کے بعد آپ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

نیز جب آپ ملتان تشریف لاتے یا کہیں اور تو پوچھتے کونسا مقام ہے؟ نیز جو امور خیر پور شریف سے متعلق ہوتے اُن کے متعلق ملتان شریف میں سوال فرماتے اور جو امور ملتان شریف سے متعلق ہوتے اُن کی بابت خیر پور شریف میں سوال فرماتے، لوگ عرض کرتے کہ حضور! یہ تو فلاں جگہ ہے۔

حاصلِ کلام یہ کہ آپ کے استغراق کی کیفیت اس طرح کی تھی کہ جو چیزیں آنکھوں سے دیکھی جاتی ہیں وہ بھی آپکی آنکھوں سے گم ہو جاتی تھیں۔

مظلوم کی مدد کا ایک خاص انداز:

روایت ہے کہ:

جب حضرت مولانا مولوی عبدالرحمٰن صاحب بھڈیرا کو بعض رعایا اور سرکاری اہل کاروں کی شکایت پر نواب محمد صادق خان عباسی مرحوم نے قید خانہ

Marfat.com

میں بھیج دیا تو اُن کے علاقے کے تمام علماء وفضلاء نے اور دیگر علاقوں کے مشائخ ومولوی صاحبان نے مل کرنواب صاحب سے مولوی صاحب موصوف کی رہائی کے لئے گفتگو کرنے کے لئے احمد پور موضع کچہری میں ایک اجتماع کیا، جس میں ہرایک نے اپنا مشورہ نواب صاحب کو پیش کیا اور اس سلسلے میں سوال جواب بھی ہوتے رہے۔

(لیکن) آپ (حضرت خواجہ خدابخش ملتانی ثم الخیرپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے مشاورت کا راستہ ترک کر کے نواب صاحب کے سامنے یہ اشعار پڑھنا شروع کر دیئے:

با من اول آں ہمہ رسمِ وفاداری چہ بود
بعد ازاں بے موجبِ چندیں جفا کاری چہ بود

اولاً ہم سے وہ تمام وفاداری کی رسمیں کیا تھیں؟ بعد میں بے سبب اتنا ظلم کیوں ہوا؟

آشتی بگذاشتی تیغ جفا برداشتی
آں عنایتہا کجا شد وایں ستمگاری چہ بود

آپ کی وہ عنایتیں اب کہاں ہیں؟ اور یہ ستمگاری کس لئے؟، اب آپ نے صلح کا راستہ ترک کر کے کیا جفا کی تلوار اٹھالی ہے؟

حالیا ایں مردم چشمت بخون آغشتہ اند
جانِ من واگو کہ چندیں مردم آزاری چہ بود

فی الحال جو یہ سب لوگوں کی آنکھیں خون آلودہ ہیں، میری جان کھل کر کہو مردم آزاری کس لئے؟

جوں ہی آپ نے یہ اشعار اپنی زبانِ درِ فشاں سے مکمل فرمائے نواب

Marfat.com

صاحب نے حکم صادر کیا کہ مولوی صاحب موصوف کو رہا کردو۔۔۔

فقراء کونفس کی لذتوں سے کیا کام:

پھر نواب صاحب نے اپنے طعام سے ایک خاص خوانچہ آپ کی خدمت میں بھیجا، اب وہ تمام لوگ جو آپ سے متعلق تھے اس خواہش میں تھے کہ وہ کھانا انہیں ملے گا، مگر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ سارا خوانچہ مولوی غوث بخش صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس بھیج دیا جو کہ حضرت قبلہء عالم مہاوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مرید تھے اور حکومت وقت میں بہت معتبر سمجھے جاتے تھے اور آپ کے متعلقین و خدمت گزار ان سب ناامید ومحروم رہے۔

دراصل آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تمام افعال بشمول اس فعل کے حکمت سے خالی نہیں ہوتے تھے، اس کام میں کمترین حکمت یہ تھی کہ فقراء کونفس کی لذتوں سے کیا کام۔

جانوروں پرظلم سے ناراضگی:

ایک مرتبہ کسی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے کتے کو مارا جس سے کتے کی بے اختیار آواز نکل گئی یہ دیکھ کر آپ لرز اٹھے اور اس بات پر خفا ہوئے۔

حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے روضہ شریف کی تعمیر میں آپ کا حصہ:

روایت ہے کہ:

جب خواجہء خواجگان، حضرت محب اللہ بالکمال، حافظ محمد جمال اللہ ملتانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مریدین نے ان کے روضہ شریف کی تعمیر میں کوشش کی اور میاں عبداللہ تاجر مرحوم کو منتظم اعلیٰ بنایا تو بہت زیادہ سرمائے کے باوجود روضہ شریف کی تکمیل نہیں ہو رہی تھی۔

Marfat.com

آخرِ کار حضرتِ حافظ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اہلیۂ محترمہ نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو منتظم بنانا چاہا، لیکن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اس کام میں دخل اندازی اس وقت کر سکتا ہوں جب کہ مجھے اختیارِ کلی دے دیا جائے کہ میں جو کچھ کروں اس پر کسی کو اعتراض نہ ہو۔

آخر آپ نے تھوڑی سے مدت میں تعمیر مکمل کروالی، اوّلاً آپ نے قبر مبارک جو بہت اونچی تعمیر کی گئی تھی اس کو سنت کے مطابق ایک بالشت کے چبوترے پر تعمیر کیا، اور قبرِ مبارک کے عین اوپر آپ نے روضۂ مبارکہ میں ایک روشن دان رکھوا دیا کہ جس سے بارش، ہوا اور روشنی اندر پہنچتی رہے۔

ناراضگی میں بھی تبسم:

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ:

بہت مرتبہ ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ میں جب کسی پر خفگی کرنے کا ارادہ کرتا ہوں تو میرے منہ پر تبسم آجاتا ہے۔

''جی'' کہہ کر جواب مرحمت فرمایا:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے کسی نے ایک شخص کو آواز دی جس کا نام بھی ''خدا بخش'' تھا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُسے جی! کہہ کر جواب دیا، اس کے بعد اس نے کئی بار تکرار کی اور آپ ہر بار اسے جی! جی! کہہ کر جواب دیتے رہے۔

حاصلِ کلام یہ کہ بلانے والے کو جواب دینا ایک اخلاقی فریضہ ہے، اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ خیال بھی نہ تھا کہ میں عالم اور بزرگ ہوں مجھے کوئی فقط میرے نام کے ساتھ کیسے پکارے گا۔

اپنی چیزوں کی حفاظت خود کرو:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ:

اپنی چیزوں کی تمام لوگوں سے حفاظت کرنی چاہیے، اور اُن چیزوں کے گم ہونے سے پہلے سب لوگوں کو چور ہی گمان کرنا چاہیے، یوں گمان کرنا گمانِ بد نہیں کہلاتا۔ فرماتے تھے:

نگہدار آں شوخ در کیسہ دُرّ

کہ داند ہمہ خلق را کیسہ بُرّ

موتی کی تھیلی وہی شخص محفوظ کر سکتا ہے جو کہ سب کو جیب کترا گمان کرتا ہو۔

اپنی موت کو یاد رکھنا چاہیے:

نیز فرمایا کہ:

قوت و صحت کے کامل ہوتے ہوئے بھی اپنی صحت پر اعتماد نہیں ہونا چاہیے (کہ مجھے ابھی موت نہیں آئے گی) بلکہ موت کو نزدیک سمجھنا چاہیے اور مریض اگرچہ قریب الوفات ہو زندگی کی امید پھر بھی رکھنی چاہیے۔

مرضِ نارو کا علاج:

نیز مرضِ نارو (جسے فارسی میں رشتہ کہتے ہیں، جس میں پنڈلی پر باریک سی دھاری نمودار ہو کر ٹانگ کو بے کار کر دیتی ہے) کا ایک نسخہ آپ نے بیان فرمایا کہ:

گوشت بکرا آدھی چھٹانک جو کہ سرخ ہو اور چربی اس میں ہرگز نہ ہو، اور دو رتی اس میں پارہ ملا کر اس کی گولیاں بنالیں، پھر روزانہ ایک گولی بوقتِ عصر پانی کے ساتھ لے لیں، اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ گولی دانتوں سے چبک نہ جائے

Marfat.com

کیونکہ پارہ دانتوں کیلئے ٹھیک نہیں ہے، اسی طرح تین دن تک کریں۔

آنکھوں کی بینائی تیز کرنے کے لیے ایک نسخہ:

روشنیء چشم کے لئے فرماتے تھے:

چنبیلی کے پھول ایک سو (تعداد میں) اور تلوں کے پھول بھی ایک سو، اور کالی مرچ بھی ایک سو مائل بہ سفیدی ہو، اور پھلہ پھٹکڑی ایک تولہ، ان سب چیزوں کو لیموں کے آدھا پاؤ رس میں کھرل کریں حتیٰ کہ گولی بننے کے قابل ہو جائے۔

پھر اسکی گولیاں کالی مرچ کے تہائی حصہ کے برابر بنا کر دوپہر سے تھوڑا پہلے ایک گولی تھوڑے سے پانی میں حل کر کے آنکھوں میں سلائی کے ذریعے ڈالا جائے، لیکن یہ احتیاط کریں کہ اس کے بعد منہ پر کم از کم دو گھنٹے تک پانی نہ ڈالیں، بعد میں کوئی حرج نہیں۔

روشنیء چشم کے لیے ایک روحانی نسخہ:

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ برائے روشنیء چشم فرماتے تھے کہ:

آنکھوں میں جب سرمہ لگاؤ تو ایک بار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُورُ الْعَيْنَيْنِ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم)

پڑھ کر سلائی پر دم کر کے آنکھوں میں لگاؤ۔

نیز آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے لئے سرمہ اور مغز تخم رج (بسفائج) کو برابر مقدار میں پیس کر پاس رکھا کرتے تھے اور اسے ہر رات اپنی آنکھوں میں لگاتے تھے۔

Marfat.com

نسخہ برائے زخم:

نیز ہلکے زخم کیلئے اُس پر بول کرنے اور اس کے بعد شور کی مٹی اُس پر ڈالنے کو فرماتے۔

اور اگر زخم کچھ زیادہ ہوتا تو فرماتے قتہ سے کپڑا آلودہ کر کے زخم پر چسپاں کردو۔

اگر اس سے بھی کچھ زیادہ ہوتا تو فرماتے کالی مرچ کا سفوف سرسوں کے تیل میں جوش دے کر جلالیں پھر اسے پیس کر اسی سرسوں کے تیل میں ملا کر زخم پر پالش کریں، اس پر مکھی بھی نہیں بیٹھتی اور زخم بھی جلدی بہتر ہو جاتا ہے۔

اور اگر اس سے بھی زیادہ زخم ہوتا تو سفید شکر اور سندور ہم وزن سرسوں کے تیل میں ملا کر پالش کرنے کا حکم فرماتے۔

ڈھر کا روحانی علاج:

اور ڈھر کیلئے فرماتے کہ:

مسجد میں جا کر چوکھٹ کے قریب بیٹھ کر مٹی اُس پر لگائے اور ساتھ ساتھ یہ پڑھے:

خدائے ما بزرگ است تو بزرگ مشو

پیغمبرانِ خدا سفر کردہ اند تو نیز برو

ہمارا مالک، بادشاہ، اللہ بزرگ و برتر ہے تو بڑا نہ ہو! اللہ تعالیٰ کے رسولوں (انبیاء علیہم السلام) نے اس دارِ فانی سے سفر کیا ہے تو بھی جا۔

یہ عمل تین بار کرے (یعنی ہر بار مٹی بھی ملے اور یہ مذکورہ کلام بھی پڑھے)۔

Marfat.com

پھوڑے، زخم اور ہر قسم کے درد کیلئے:

ہر زخم، پھوڑے اور درد کے لئے فرماتے کہ:

اَمْ اَبْرَ مُوا اَمْراً فَاِ نَّا مُبْرِ مُوْنَ

سات بار پڑھ کر دم کرے۔

پیٹ درد کے لئے:

نیز فرماتے کہ:

پیٹ کے درد کے لئے سورۃ لقمان تین بار پڑھ کر دم کرے۔

گم شدہ کو بلانے کا عمل:

گم شدہ کے لئے فرماتے کہ یہ کلام پڑھا جائے:

اے یارِ خدائے باامانت
پاکیزہ خدائے بے خیانت
من غائب بتو سپردم
تو باز رساں بمن سلامت
اَصْبَحْتَ فِی اَمَانِ اللهِ
وَ اَمسَیْتَ فِیْ جوارِ اللهِ

اے میرے مالک! امانت والے!، اے میرے پاک و بلند رب! خیانت سے پاک! (اسے ہمیں واپس فرما دے) میں نے اپنے غائب کو تیرے حوالے کیا، تو اسے باسلامت مجھ تک پہنچا دے، (اے غائب!) تو صبح کرے اللہ تعالیٰ کی امان میں اور تو شام کرے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں۔

نیز اسی مسئلے کے لئے یہ (اشعار پڑھنے کا حکم) بھی فرماتے:

حق تعالیٰ کہ مالکُ الملک است

لیسَ فِی المُلک غیرُہٗ مالک

بر ساند بیدگر مارا

اِنّہٗ قادِرٌ علٰی ذٰلِکَ

اَصبَحتَ فِی اَمَانِ اللہِ

وَ اَمسَیتَ فِیْ جوارِ اللہِ

اللہ تعالیٰ جو کہ مالکُ الملک ہے، اُسکے سوا مالکِ حقیقی کوئی نہیں، اگر اُسے ہم تک واپس فرمادے تو وہ اس پر بے شک قادر ہے (اے غائب!) تو صبح کرے اللہ تعالیٰ کی امان میں، اور تو شام کرے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں۔

اخلاقی تہذیب پر بہترین انداز سے راہنمائی:

ایک دن کا واقعہ ہے کہ:

ایک شخص ''صحت'' نامی خاتون کو جو کہ لنگر کا اندرونی کام کرتی تھی، بار بار آوازیں دے رہا تھا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بطورِ تفہیم (راہنمائی) اُسے فرمایا:

''میاں! تمھیں اس طرح کہنا چاہیے کہ اے صحت! فلاں چیز مثلاً روٹی لا دو وغیرہ، جو بھی کام ہو (اُس کام کا ذکر کر کے خطاب کرو، کیونکہ پہلی صورت میں ہو سکتا ہے کہ کوئی انجان آدمی غلط بات کر دے یا تہمت زدہ کر دے)۔

Marfat.com

اپنے مشائخ سے عقیدت کا ایک انداز:

نیز روایت ہے کہ:

